گہے می کند آبش از دیدہ پاک
کبھی اس کے آنسو پوچھتا ہے

وگر خشم گیری شوند از تو سیر
اور اگر غصہ ہی کرے گا سب ناامید ہو جائیں گے

چو رگ زن کہ جرّاح و مرہم نہ ست
جراح کی طرح کہ زخم لگانے والا اور مرہم رکھنے والا ہے

چو حق بر تو پاشد تو بر خلق پاش
جب خدا تجھے دے تو مخلوق پر نچھاور کر!

ہمیں نقش بر خواں پس از عہدِ خویش
اپنے زمانہ کے بعد کے ایسے ہی نقوش پڑھ

مگر آں کزو نامِ نیکو بماند
ہاں وہ جس کا نیک نام باقی رہا ہو

پل و خانی و خوان و مہماں سرائے
پل اور تالاب اور لنگر خانہ اور مسافر خانہ ہو

درختِ وجودش نیاورد بار
اس کے وجود کا درخت کوئی پھل نہ لایا

نشاید پس مرگش الحمد خواند
اس کے مرنے کے بعد اس پر فاتحہ نہ پڑھنی چاہیے

مکن نامِ نیکِ بزرگاں نہاں
تو بزرگوں کے نیک نام کو نہ مٹا

بآخر برفتند و بگذاشتند
بالآخر چلے گئے اور سب چھوڑ گئے

یکے رسمِ بد ماند ازو جاوداں
ایک ہمیشہ کے لئے رسم بد چھوڑ گیا

وگر گفتہ آید بغورش برس
اور اگر تجھ سے کہی جائے تو پھر اس کی گہرائی تک پہنچ

چو زنہار خواہند زنہار دہ
اگر وہ معافی چاہے تو معاف کر دے

۱۔ رعایا اور متعلقین سے بادشاہ کو سختی اور نرمی سے ملا جلا رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ جرّاح چیرا بھی لگاتا ہے اور مرہم پٹی بھی کرتا ہے۔
۲۔ اگلے بادشاہوں کے تذکرے پڑھ کر اپنے بارے میں رائے قائم کر۔ بروں کا برا ذکر اور بھلوں کا ذکر خیر ہوتا ہے۔
۳۔ کسی کی برائی نہ سن اگر سننی ہی پڑے تو اس کی گہرائی میں جا کہ آخر کیوں برا کہا جا رہا ہے۔

۱۰

گر آید گنہگارے اندر پناہ
اگر کوئی قصوروار پناہ میں آئے

نہ شرط است کشتن باول گناہ
تو پہلی خطا پر مار ڈالنا ضروری نہیں ہے

چو بارے بگفتند و نشنید پند
جب ایک بار نصیحت کر چکیں اور وہ نہ سنے

دگر گوشمالش بزندان و بند
پھر اس کی گوشمالی قید خانہ اور بیڑی سے ہونی چاہیے

دگر پند و بندش نیاید بکار
اور اگر نصیحت اور بیڑی بھی کارآمد نہ ہو

درخت خبیث است بیخش بر آر
تو وہ درخت ہی خبیث ہے اس کی جڑ اکھاڑ دے

چو خشم آیدت بر گناہ کسے
اگر تجھے کسی کے قصور پر غصہ آئے

تأمل کنش در عقوبت بسے
تو اس کی سزا میں بہت غور کر!

کہ سہل است لعل بدخشاں شکست
اس لیے کہ بدخشانی لعل کو توڑ دینا آسان ہے

شکستہ نشاید دگر بارہ بست
لیکن ٹوٹا ہوا دوبارہ نہیں جوڑا جا سکتا

حکایت در تدبیر پادشاہان و تاخیر کردن در سیاست

حکایت بادشاہوں کی تدبیر اور سزا کی تاخیر کرنے کے بیان میں

ز دریائے عماں[۱] بر آمد کسے
ایک شخص دریائے عمان سے آیا

سفر کردہ ہامون و دریا بسے
جو جنگل اور دریا کا بہت سفر کیے ہوئے تھا

عرب دیدہ و ترک و تاجیک و روم
جس نے عرب اور ترک اور تاجیک اور روم کو دیکھا تھا

ز ہر جنس در نفس پاکش علوم
اس کے پاک نفس میں ہر جنس کے علوم تھے

جہاں گشتہ و دانش اندوختہ
جو دنیا گھومے ہوئے اور سمجھ کو جمع کیے ہوئے تھا

سفر کردہ و صحبت آموختہ
بہت سفر کیے ہوئے اور صحبتیں اٹھائے ہوئے تھا

بہیکل قوی چوں تناور درخت
صورت میں تناور درخت کی طرح قوی تھا۔

ولیکن فرو ماندہ بے برگ سخت
لیکن بے سامانی کی وجہ سے سخت عاجز تھا

دو صد رقعہ بالائے ہم دوختہ
دو سو پیوند ایک دوسرے پر سیے ہوئے

ز حراق و او در میاں سوختہ
سوزش کی وجہ سے اور وہ درمیان میں جھلسا ہوا

بشہرے درآمد ز دریا کنار
وہ دریا کے کنارے سے شہر میں آیا

بزرگے دراں ناحیت شہریار
ان اطراف میں ایک بڑا بادشاہ تھا

کہ طبع نکو نامی اندیش داشت
جو نیک نامی سوچنے والی طبیعت رکھتا تھا

سر عجز بر پائے درویش داشت
عاجزی کا سر فقیروں کے پاؤں پر رکھتا تھا

بشستند خدمت گزاران شاہ
بادشاہ کے خدمتگاروں نے دھویا

سر و تن بحمامش از گرد راہ
اس کا سر اور جسم حمام میں راستہ کی گرد سے

چو بر آستان ملک سر نہاد
جب اس نے بادشاہ کی چوکھٹ پر سر رکھا

نیایش کناں دست بر بر نہاد[۲]
تعریف کرتے ہوئے سینہ پر ہاتھ رکھا

۱؎ عمان مشہور دریا ہے جس میں بکثرت موتی پیدا ہوتے ہیں یا دریائے شور کے کنارے ایک قصبہ ہے



۲؎ بڑے لوگوں کے سامنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر بات کی جاتی تھی

نرفتم دریں مملکت منزلے
میں اس سلطنت میں کسی ایسی جگہ نہیں پہنچا
کز آسیب آزردہ دیدم کسے
جہاں تکلیف سے کسی دل کو رنجیدہ دیکھا ہو

نہ دیدم کسے سرگراں از شراب
میں نے کسی کو شراب سے مست نہ دیکھا
مگر ہم خرابات دیدم خراب
ہاں شراب خانے ویران دیکھے۔

ملک را ہمیں ملک پیرایہ بس
بادشاہ کے لیے ملک کی یہی آراستگی کافی ہے
کہ راضی نگردد بآزارِ کس
کہ کسی کی تکلیف سے خوش نہ ہو

سخن گفت و دامانِ گوہر فشاند
اس نے گفتگو کی اور موتیوں بھرا دامن بکھیرا
بنطقے کہ شہ آستیں بر فشاند
ایسی گویائی سے کہ بادشاہ جھوم گیا

پسند آمدش حسنِ گفتارِ مرد
اس کو اس شخص کی گفتگو کا حسن پسند آیا
بنزدِ خودش خواند و اکرام کرد
اسکو اپنے قریب بلایا اور عزت بخشی

زرش داد و گوہر بشکرِ قدوم
اس کی تشریف آوری کے شکریہ میں اس کو سونا اور موتی دیے
بپرسیدش از گوہر و زاد بوم
اس سے اس کی اصل اور وطن پوچھا

بگفت انچہ پرسیدش از سرگذشت
اس نے اپنی وہ سرگذشت سنائی جو اس نے دریافت کی
بقربت ز دیگر کساں در گذشت
وہ بادشاہ سے قرب میں دوسروں سے بڑھ گیا

ملک با دلِ خویشتن رائے زد
بادشاہ نے اپنے دل میں سوچا
کہ دستورِ ملک ایں چنینے سزد
کہ ملک کی وزارت کا اس جیسا مناسب ہے

ولیکن بتدریج تا انجمن
لیکن رفتہ رفتہ تاکہ مجلس والے [۱]
بسستی نخندند بر رائے من
میری رائے کی کمزوری پر نہ ہنسیں

بعقلش بباید نخست آزمود
ابتداءً اس کو عقل میں آزمانا چاہیے
بقدرِ ہنر پایگاہش فزود
اس کے ہنر کے مطابق اس کا مرتبہ بڑھانا چاہیے

بَرد بر دل از جورِ غم بارہا
دل پر غم کے ظلم کے بوجھ اٹھاتا ہے
کہ نا آزمودہ کند کارہا
جو شخص بدوں آزمائے کام کرتا ہے

چو قاضی بفکرت نویسد سجل
جب قاضی غور سے دستاویز لکھتا ہے [۲]
نگردد ز دستار بنداں خجل
تو اس کو علماء سے شرمندگی اٹھانی نہیں پڑتی

نظر کن چو سوفار داری بشست
اس وقت تک سوچ لے جب تک تیر چٹکی میں ہے
نہ آنگہ کہ پرتاب کردی ز دست
نہ اس وقت جب کہ تیر ہاتھ سے چھوڑ دے

چو یوسف کسے در صلاح و تمیز
یوسف علیہ السلام کی طرح آدمی کو نیکی اور تمیز میں
بسے سال باید کہ گردد عزیز
بہت سے سال گذارنے ہونگے تاکہ وہ عزیز مصر بنے

بایام تا بر نیاید بسے
جب تک بہت سا زمانہ نہ گذر جائے
نشاید رسیدن بغورِ کسے
کسی کی گہرائی کو نہیں پہنچا جا سکتا

ز ہر نوعِ اخلاقِ او کشف کرد
اس کے ہر قسم کے اخلاق کی تحقیق کی
خردمند پاکیزہ دیں بود مرد
وہ عقلمند، پاکیزہ دین انسان تھا

[۱] یعنی فوری طور پر وزارت دینا میری عقل کی کمزوری پر محمول کریں گے۔

[۲] فیصلہ کی دستاویز غور سے لکھے گا تو غلطی کا امکان نہ ہوگا۔

نکو سیرتش دید و روشن قیاس
اس کو نیک عادت روشن سمجھ والا

برای از بزرگاں بہش دید و بیش
اس کو رائے میں بڑوں سے بھی بہتر اور زیادہ دیکھا

چناں حکمت و معرفت کار بست
وہ ایسی دانائی اور جان کاری کام میں لایا

در آورد ملکے بزیرِ قلم
ملک کو اس طرح قابو میں لے آیا

زبانِ ہمہ حرف گیراں ببست
سب نکتہ چینیوں کی زبان بند کر دی

حسود یکہ یک جو خیانت ندید
وہ حاسد جس نے اس کی ایک جو خیانت نہ دیکھی

ز روشن دلش مُلک پر تو گرفت
اس کے روشن دل سے سلطنت نے روشنی حاصل کی

ندید آں خردمند را رخنہ
اس نے اس عقلمند میں کوئی خرابی نہ دیکھی

امین و بد اندیش طشتند و مور
امانت دار اور مخالف کی مثال طشت اور چیونٹی کی سی ہے

مَلِک را دو خورشید طلعت غلام
بادشاہ کے دو نوکر جن کا چہرہ سورج کی طرح تھا

دو پاکیزہ پیکر چو حور و پری
دونوں پاکیزہ صورت حور اور پری کی طرح

دو صورت کہ گفتی یکے نیست بیش
دونوں کی ایسی صورتیں کہ تو کہے ایک دوسرے سے بڑھا ہوا نہیں ہے[۳]

سخنہائے دانائے شیریں سخن
شیریں کلام دانشمند کی باتوں نے

چو دیدند کاوصافِ خلقش نکوست
جب انھوں نے دیکھا کہ اس کی اخلاقی خوبیاں اچھی ہیں

درو ہم اثر کرد میل بشر
انسانی خواہش نے اس میں بھی اثر کیا

از آسایش آنگہ خبر داشتے
اس کو آرام کا اس وقت پتہ چلتا

سخن سنج و مقدارِ مردم شناس
بات کو تولنے والا اور انسانوں کا مرتبہ پہچاننے والا دیکھا

نشاندش زبر دستِ دستورِ خویش[۱]
اس کو اپنے وزیر سے بلند درجہ پر بٹھایا

کہ در امر و نہیش درونے نخست
کہ احکام میں کسی کا دل نہ توڑا

کز و بر وجودے نیاید الم
کہ اس سے کسی کو رنج نہ پہنچا

کہ حرفے بدش بر نیاید ز دست
اس لیے کہ اس کے قلم سے کسی کے لیے ایک حرف برا نہ نکلا

بکارش نیامد چو گندم طپید
اس کے لیے گیہوں کی طرح تڑپنا مفید نہ ہوا

وزیرِ کہن را غمِ نو گرفت
پرانے وزیر کو نئے غم نے آ پکڑا

کہ در وے تواند زدن طعنہ
جس میں وہ طعنہ زنی کر سکتا

نشاید در و رخنہ کردن بزور
جو اس میں طاقت سے سوراخ نہیں کر سکتی ہے

بسر بر کمر بستہ بودے بدام
ہمیشہ خدمت کے لیے سرہانے کمر بستہ رہتے تھے

چو خورشید و ماہ از سہ دیگر بری[۲]
جیسے چاند سورج تیسرے سے پاک

نمودہ در آئینہ ہمتائے خویش
آئینہ میں اپنا جیسا دکھاتے تھے

گرفت اندراں ہر دو شمشاد بُن
ان دونوں شمشاد قد کے اندر اثر کیا

بطبعش ہوا خواہ گشتند و دوست[۴]
تو طبعاً اس کے خیر خواہ اور دوست ہو گئے

نہ میلے چو کوتاہ بیناں بشر
لیکن ایسی خواہش نہیں جو ناعاقبت اندیشوں کو شر کے ساتھ ہوتی ہے

کہ در روئے ایشاں نظر داشتے
جب ان کا چہرہ دیکھ لیتا

[۱] دستور وزیر کو بھی کہتے ہیں اور کتاب کو بھی جس میں قواعد لکھے جائیں یعنی اس کو وزیر اعظم بنا دیا۔

[۲] یعنی جیسے چاند سورج جیسا اور تیسرا کوئی نہیں ہے اسی طرح ان دونوں جیسا کوئی تیسرا نہ تھا۔



[۳] دونوں اس قدر حسین تھے کہ ایک کو دوسرے پر فوقیت نہیں دی جا سکتی تھی اور ہر ایک کی نظیر صرف اس کے آئینہ کی تصویر تھی کوئی دوسرا شخص نہ تھا۔

[۴] یعنی ان دونوں کو وزیر سے تعلق ہو گیا

چو خواہی کہ قدرت بماند بلند
اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا مرتبہ بلند رہے

وگر خود نباشد غرض درمیاں
اگرچہ کوئی غرض درمیان میں نہ آئے۔

وزیر اندریں شمۂ راہ برد
وزیر کو اس معاملہ میں کچھ موقع ملا

کہ ایں را ندانم چہ خوانند و کیست
کہ میں اس کو نہیں جانتا کہ کون کیا کہکر پکارتے ہیں اور وہ کون ہے

شنیدم کہ با بندگانش سرست
میں نے سنا ہے کہ اس کا خادموں کی طرف رجحان ہے

سفر کردگاں لاابالی زیند
پردیسی بے پرواہ زندگی بسر کرتے ہیں

نشاید چنیں خیرہ روئے تباہ
ایسا بے حیا بے غیرت مناسب نہیں ہے

مگر نعمت شہ فرامش کنم
میں یقیناً شاہی نعمت کو فراموش کروں گا

بہ پندار نتواں سخن گفت زود
محض خیال سے بات جلد نہیں کہی جاتی

ز فرمانبرانم کسے گوش داشت
میرے نوکروں میں سے ایک نے دیکھا

من ایں گفتم اکنوں ملک راست رای
میں نے یہ عرض کردیا اب رائے بادشاہ کی ہے

بنا خوب تر صورتے شرح داد
بہت برائی کے ساتھ واقعہ کی تفصیل کی

بد اندیش بر خوردہ چوں دست یافت
دشمن نے جب برائی پر قابو پالیا

بخردہ تواں آتش افروختن
چنگاری سے آگ روشن کرسکتے ہیں

ملک را چناں گرم کرد ایں خبر
اس خبر نے بادشاہ کو ایسا گرم کردیا

غضب دست در خونِ درویش داشت
غصہ نے فقیر کے خون میں ہاتھ رنگا

دل اے خواجہ در سادہ رویاں مبند
تو اے صاحب! تو دل امردوں سے نہ لگا

حذر کن کہ دارد بہیبت زیاں
پھر بھی بچ اس لیے کہ یہ دبدبہ کے نقصان کا سبب ہے

بخبث ایں حکایت بر شاہ برد
خباثت کی وجہ سے یہ معاملہ بادشاہ کے سامنے لے گیا

نخواہد بساماں دریں ملک زیست
وہ اس ملک میں عزت سے جینا نہیں چاہتا

خیانت پسند ست و شہوت پرست
خیانت کو پسند کرنے والا اور شہوت پرست ہے

کہ پروردۂ ملک و دولت نیند
کیونکہ وہ اس ملک اور حکومت کے پلے ہوئے نہیں ہیں

کہ بدنامی آرد در ایوانِ شاہ
جو شاہی محل میں بدنامی لائے۔

کہ بینم تباہی و خامش کنم
جبکہ تباہی دیکھوں اور خاموش رہوں

نگفتم ترا تا یقینم نہ بود
میں نے تجھ سے اس وقت تک ذکر نہ کیا جب تک یقین نہ آگیا

کز ایناں دو یکتن در آغوش داشت
کہ ان دونوں میں سے ایک کو وہ بغل میں دبائے تھا

چناں کازمودم تو نیز آزمای
جیسا میں نے آزمایا ہے آپ بھی آزمائیں

کہ بد مرد را نیک روزے مباد
خدا کرے برے شخص کو نیک دن نہ نصیب ہو

درونِ بزرگاں باتش بتافت
بڑوں کے دل کو آگ سے جلایا

پس آنگہ درخت کہن سوختن
پھر پرانے درخت کو جلا سکتے ہیں

کہ جوشش برآمد چو منجل بسر
کہ اس کو ایسا جوش آیا جیسا کہ سر پر ہانڈی چلی ہو

ولیکن سکوں دست در پیش داشت
لیکن بردباری نے روک دیا

(۱۰)

۱؎ یعنی میں اس وزیر کے نام اور حقیقت سے ناواقف ہوں کیونکہ پردیسی ہے۔

۲؎ یعنی وزیر نے ایسی برائی کی کہ وہ اس بددعا کا مستحق ہے۔

۳؎ یعنی ابتداء فتنہ معمولی ہوتا ہے پھر بڑھتا ہے۔

۴؎ ہم نے اس مصرع میں منجل کا ترجمہ کیا ہے۔ بعض نسخوں میں مرجل ہے جس کے معنی ہانڈی کے ہیں یعنی اس کے دماغ میں ہانڈی کا سا جوش آیا۔

که پرورده کشتن نه مردی بود
کہ پالے ہوئے کو مارنا بہادری نہیں ہے

میازار پروردهٔ خویشتن
اپنے پروردہ کو مت ستا!

بنعمت نبایست پروردنش
نعمت سے اس کو نہ پالنا چاہیے

ازو تا هنرها یقینت نشد
اس کے ہنروں کا جب تک تجھے یقین نہ ہوگیا

کنوں تا یقینت نگردد گناه
اب جب تک خطا کا تجھے یقین نہ ہو جائے

ملک در دل ایں راز پوشیده داشت
بادشاہ نے اس راز کو پوشیدہ رکھا

دلست اے خردمند زندانِ راز
اے عقل مند دل راز کا قید خانہ ہے

نظر کرد پوشیده در کارِ مرد
اس مرد کے کام کو پوشیدہ طور پر دیکھا

که ناگه نظر زی یکے بنده کرد
کہ اس نے اچانک ان دونوں میں سے ایک کی طرف دیکھا

دو کس را که باهم بود جان و هوش
ایسے دو شخص کہ ان کی جان اور ہوش ایک ہوں

تو دانی که صاحب نظر زیر زیر
تو جانتا ہے کہ چپکے چپکے دیکھنے والا

ملک را گمان بدی راست شد
بادشاہ کے لیے بدی کا گمان یقینی ہو گیا

هم از حسن تدبیر و رائے تمام
پھر بھی حسن تدبیر اور مکمل رائے سے

ترا من خردمند پنداشتم
میں نے تجھے عقلمند سمجھا

گماں بردمت زیرک و هوشمند
میں نے تجھے عقلمند اور باہوش گمان کیا

چنیں مرتفع پایه جائے تو نیست
ایسا بلند مرتبہ تیری جگہ نہیں ہے

ستم در پئے داد سردی بود
داد و دہش کے بعد ظلم کرنا غلطی ہے

چو تیر تو دارد به تیرش مزن
جب کہ وہ تیرا ترکش سنبھالے ہوئے ہے تو اس کو تیر نہ مار

چو خواهی به بیداد خوں خوردنش
جب تو ظلم سے اس کا خون پینا چاہتا ہے

در ایوانِ شاهی قرینت نشد
وہ شاہی محل میں تیرا مصاحب نہ بنا

بگفتار دشمن گزندش مخواه
دشمن کے کہنے سے اس کو نقصان نہ پہنچا

که قول حکیماں نپوشیده داشت
کیونکہ وہ داناؤں کی بات سنے ہوئے تھا

چو گفتی نیاید بزنجیر باز
جب تو کہہ چکا تو وہ زنجیر سے واپس نہیں آسکتا

خلل دید در رای هشیار مرد
ہوشیار مرد کی رائے میں خلل دیکھا

پری چهره در زیرِ لب خنده کرد
وہ پری جیسے چہرہ والا مسکرا دیا

حکایت کنانند و ایشاں خموش
آپس میں بات کر لیتے ہیں اور چپ رہتے ہیں

نگردد چو مستسقی از دجله سیر
سیراب نہیں ہوتا جیسا کہ استسقاء کی بیماری والا دجلہ سے

بسودا بر و خشمگیں خواست شد
جنون سے اس پر غضبناک ہونا چاہا

باهستگی گفتش اے نیک نام
چپکے سے اس کو کہا کہ اے نیک نام!

بر اسرارِ ملکت امیں داشتم
سلطنت کے رازوں پر امین بنایا

ندانستمت خیره و ناپسند
تجھے بے حیا اور ناپسند نہ جانا

گناه از من آمد خطائے تو نیست
میری غلطی ہوئی تیری کچھ خطا نہیں ہے

۱؎ یعنی جب تو نے اس کو پناہ دی ہے یا وہ تیرا خدمتگار ہے تو اس کو نہ مار۔
۲؎ یعنی اس اجنبی کے ہنروں کا یقین کر کے اس کو وزیر بنایا ہے۔
۳؎ یہ حکیموں کا قول ہے۔
۴؎ جن دو شخصوں میں محبت ہوتی ہے ان کی نگاہیں گفتگو کر لیتی ہیں زبان خاموش رہتی ہے۔

کہ چوں بد گہر پرورم لاجرم
کہ جب میں کسی بد اصل کی پرورش کروں تو یقیناً

برآورد سر مردِ بسیار داں
بہت کچھ جاننے والے مرد نے سر اٹھایا

مرا چوں بود دامن از جرم پاک
جب میرا دامن جرم سے پاک ہو

بخاطر برم ہرگز ایں ظن نرفت
میری طبیعت پر ہرگز یہ خیال نہ گذرا تھا

شہنشہ برآشفت کایں وزیر
بادشاہ نے بگڑ کر کہا کہ اس وزیر نے

تبسم کناں دست برلب گرفت
اس نے مسکراتے ہوئے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا

حسودیکہ بیند بجائے خودم
وہ حاسد جو اپنی جگہ مجھے دیکھ رہا ہو

من آں ساعت انگاشتم دشمنش
میں نے تو اس کو اسی وقت دشمن سمجھ لیا تھا

چو سلطاں فضیلت نہد بر ویم
جب بادشاہ مجھے اس پر فضیلت دے رہا ہے تو

مرا تا قیامت نگیرد بدوست
مجھے قیامت تک وہ آدمی دوست نہیں سمجھ سکتا

بریں بیت بگویم حدیثے درست
اس پر میں تجھے ایک صحیح قصہ سناتا ہوں

خیانت روا دارد م در حرم
وہ میرے حرم میں خیانت کو روا رکھے گا

چنیں گفت با خسروِ کارداں
ہوشیار بادشاہ سے یہ کہا۔

نباید ز خبث بداندیش باک
تو دشمن کی خباثت کی کوئی پرواہ نہیں ہے

ندانم کہ گفت ایں چہ بر من نرفت
نہ معلوم کس نے ایسی بات کہی ہے جو مجھ پر نہیں گذری

تعلل میندیش و حجت مگیر
اب بہلانے نہ تراش اور حجت بازی نہ کر!

کزو ہر چہ گوید نیاید شگفت
کہ وہ تو جو کچھ کہے اس پر تعجب نہیں ہے

کجا بر زباں آورد جز بدم
اس کی زبان پر بدی کے علاوہ میرے متعلق اور کیا آسکتا ہے

کہ بنشاند شہ زیر دستِ منش
جب بادشاہ نے اس کو میرے ماتحت بٹھا دیا تھا

نداند کہ دشمن بود در پیم
بادشاہ یہ نہیں سمجھتا ہے کہ وہ میرے درپے دشمن ہے

چو بیند کہ در عزّمن ذلِّ اوست
جو یہ دیکھ رہا ہو کہ میری عزت میں اس کی ذلت ہے

اگر گوش با بندہ داری نخست
اگر ابتداءً آپ خادم کی بات سنیں

مثل
کہاوت

مر ابلیس را دید شخصے بخواب
ایک شخص نے خاص شیطان کو خواب میں دیکھا

نظر کرد و گفت اے نظیر قمر
اس نے اس کو دیکھا اور کہا کہ اے چاند جیسے

ترا ہمچنیں روئے پنداشتند
تجھے خوفناک چہرے والا سمجھا۔

بقامت صنوبر بروی آفتاب
جو قد میں صنوبر کی طرح تھا اور جس کا چہرہ آفتاب کی طرح تھا

ندارند خلق از جمالت خبر
لوگوں کو تیرے حسن کی خبر نہیں ہے

بگرمابہ در زشت بنگاشتند
حمام میں بری تصویر بنائی

(١٠)

١ یعنی ان دونوں غلاموں سے نہ مجھے کوئی عشق ہے اور نہ میں ان میں سے کسی کو بغل میں لیے ہوئے تھا۔
٢ حماموں کی دیواروں پر بھیانک اور بدہیئت تصویریں منقش کرنے کا دستور تھا۔

بخندید و گفت آں نہ شکل منست
وہ ہنسا اور اس نے کہا کہ وہ میری شکل نہیں ہے

براندا ختم بیخ شاں از بہشت
میں نے اُن کی جڑ بہشت سے اکھاڑ پھینکی[1]

مراہم چنیں نام نیک ست لیک
اسی طرح میرا بھی بھلا نام ہے لیکن

وزیرے کہ جاہِ من آبش بریخت
وہ وزیر جس کی آبرو میرے مرتبہ نے بہادی ہو

ولیکن نیندیشم از خشم شاہ
لیکن مجھے بادشاہ کے غصہ کی فکر نہیں ہے

چو حرفم برآید درست از قلم
جب میرے قلم سے بات صحیح نکلتی ہے

نیاوردہ عامل غش اندر میاں
جس کارکن نے معاملہ میں کھوٹ نہ کیا ہو

اگر محتسب گردد آں را غمست
اگر محتسب چکر لگائے تو اس کو فکر ہوگی

ملک در سخن گفتنش خیرہ ماند
بادشاہ اس کے بات کرنے سے حیران ہوگیا

کہ مجرم بزرق و زباں آوری
کہ مجرم مکاری اور زبان درازی سے

زخصمت ہمانا کہ نشنیدہ ام
میں[2] نے صرف تیرے مخالف سے نہیں سنا ہے

کزیں زمرۂ خلق در بارگاہ
کہ دربار میں اتنے لوگوں کے مجمع میں

بخندید مردِ سخن گوی و گفت
بات کرنے والا مرد ہنسا اور کہا

دریں نکتہ ہست اگر بشنوی
اگر آپ سنیں تو اس میں ایک نکتہ ہے

نہ بیند کہ درویش بیدست گاہ
کیا بادشاہ کو نظر نہیں آتا کہ بے طاقت فقیر

مرا دستگاہِ جوانی برفت
میری جوانی کی طاقت جاتی رہی

ولیکن قلم در کفِ دشمنست
لیکن قلم دشمن کے ہاتھ میں ہے

کنونم بکیں می نگارند زشت
تو اب مجھے کینہ کی وجہ سے برا سمجھتے ہیں

زعلت نگوید بداندیش نیک
دشمن حسد کی وجہ سے اچھا نہیں کہتا ہے

بفرسنگ باید ز مکرش گریخت
اس کے مکر سے ایک فرسخ بھاگنا چاہیے

دلاور بود در سخن بے گناہ
بے قصور انسان بات کہنے میں جری ہوتا ہے

مرا از ہمہ حرف گیراں چہ غم
مجھے سب نکتہ چینوں کا کیا غم ہے

نیندیشد از رفعِ دیوانیاں
تو وہ دفتر والوں کے دعوے سے نہیں ڈرتا

کہ سنگِ ترازوئے بارش کمست
جس کی ترازو کے باٹ کم ہوں۔

سرِ دستِ فرماں دہی بر فشاند
حکمرانی کے ہاتھ پیٹنے لگا

ز جرمیکہ دارد نگردد بری
اس جرم سے نہیں بچ سکتا جو اس نے کیا ہے

نہ آخر بچشمِ خودت دیدہ ام
کیا میں نے اپنی آنکھ سے تجھے نہیں دیکھا ہے

نمی باشدت جز درایناں نگاہ
تیری نگاہ ان کے علاوہ کسی پر نہیں پڑتی

حقست ایں سخن حق نشاید نہفت
یہ بات سچی ہے۔ سچائی نہ چھپانی چاہیے

کہ حکمت رواں باد و دولت قوی
خدا کرے آپ کا حکم جاری اور حکومت قوی رہے

بحسرت کند در توانگر نگاہ
مالدار کو حسرت سے دیکھتا ہے

بلہو و لعب زندگانی برفت
جوانی کھیل کود میں ختم ہوگئی

[1] حضرت آدم کو بہکا کر گیہوں کھلا دیا اور جنت سے نکلوا دیا۔

[2] یعنی میں نے صرف معزول وزیر کے کہنے سے یقین نہیں کیا بلکہ تیری حرکتوں کو خود دیکھا ہے۔

زدیدار ایناں ندارم شکیب — کہ سرمایہ داران حسنند و زیب
ان کے دیکھنے سے میں نہیں رک سکتا — اس لیے کہ وہ زینت اور حسن کے سرمایہ دار ہیں

مرا ہمچنیں چہرہ گلفام بود — بلورینم از خوبی اندام بود
میرا بھی ایسا ہی پھول جیسا چہرہ تھا — حسن میں میرا جسم بھی بلور کی طرح تھا

دریں غایتم رشت باید کفن — کہ مویم چو پنبہ ست و دوکم بدن
اب اس انتہا پر مجھے کفن بننا چاہیے — اس لیے کہ میرے بال گالا اور بدن تکلا ہوگیا ہے

مرا ہمچنیں جعد شبرنگ بود — قبا در بر از نازکی تنگ بود
میرے بھی رات کی طرح کالے گھونگریالے بال تھے — نزاکت کی وجہ سے قبا بدن پر تنگ تھی

دو رستہ دُرم در دہاں داشت جائے — چو دیوارے از خشت سیمیں بپائے
میرے منہ میں دو طرفہ موتی قائم تھے — جیسے کہ چاندی کی اینٹوں کی دیوار کھڑی ہو

کنونم نگہ کن بوقت سخن — بیفتاد یکیک چو جسر کہن
اب مجھے بات کرتے وقت دیکھ — پرانے پل کی طرح ایک ایک گر گیا

در ایناں بحسرت چرا ننگرم — کہ عمر تلف کردہ یاد آورم
ان کو حسرت سے کیوں نہ دیکھوں — اس لیے کہ مجھے اپنی تلف کردہ عمر کی یاد آرہی ہے

برفت ازمن آں روزہائے عزیز — بپایاں رسد ناگہ ایں روز نیز
وہ پیارے دن مجھ سے رخصت ہوگئے — اچانک یہ دن بھی ختم ہوجائے گا

چو دانشور ایں دُرِ معنی بسُفت — بگفت ایں کزاں بہ محالست گفت
عقلمند نے جب معنی کے ان موتیوں کو گوندھا — اس نے کہا کہ اس سے بہتر کہنا ناممکن ہے

در ارکان دولت نگہ کرد شاہ — کزیں خوبتر لفظ و معنی مخواہ
بادشاہ نے حکومت کے ذمہ داروں کو دیکھا — کہ اس سے بہتر لفظ و معنی نہ چاہو

کسے را نظر سوئے شاہد رواست — کہ داند بدیں شاہدی عذر خواست
ایسے شخص کو معشوق کا دیکھنا جائز ہے — جو اس خوبی سے عذر خواہی کرنا جانتا ہو

بعقل ار نہ آہستگی کردمے — بگفتار خصمش بیازردمے
سمجھ کی وجہ سے میں اگر آہستگی نہ برتتا — تو اس کے دشمن کے کہنے سے اس کو ستا دیتا

بہ تیزی سبک دست بردن بہ تیغ — بدنداں برد پشت دست دریغ
تیزی میں جلدی سے تلوار کی طرف ہاتھ بڑھا دینا — افسوس کے ہاتھ کی پشت کو دانتوں کی طرف لے جاتا ہے

زصاحب غرض تا سخن نشنوی — کہ گر کاربندی پشیماں شوی
صاحب غرض کی بات ہرگز نہ سن! — اس لیے کہ اس پر کاربند ہوگا تو پشیمان ہوگا

نکو نام را جاہ و تشریف و مال — بیفزود و بدگوی را گوشمال
نیک نام کے مرتبہ اور اعزاز اور مال میں — اور بدگو کی گوشمالی میں اضافہ کیا

بتدبیر دستور دانشورش — بہ نیکی بشد نام در کشورش
اس کے عقلمند وزیر کی تدبیر سے — نیکی سے ملک میں اس کا نام پھیل گیا

۱؎ بڑھاپے میں بالوں کا گالا بن جانا اور بدن کا تکلے کی طرح ہوجانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اب کفن کی تیاری کرو۔

۲؎ یعنی اس نئے وزیر نے اس خوبصورتی سے الزاموں کا جواب دیا کہ بادشاہ مطمئن ہوگیا۔

(۱۰)

۳؎ مخواہ کا خطاب ارکان دولت کی طرف ہے اور یہ صورت فارسی میں جائز ہے۔

۴؎ بدوں سوچ سمجھے تلوار کا چلانا افسوس کا باعث ہوتا ہے۔

بعدل وکرم سالہا ملک راند
انصاف اور شرافت سے سالوں حکومت کی
برفت و نکونامی ازوے بماند
مرگیا اور اس کی نیک نامی باقی رہی

چنیں پادشاہاں کہ دیں پرورند
جو بادشاہ دین پرور ہیں
بہ بازوئے دیں گوئے دولت برند
وہ دین کی طاقت سے حکومت کی بازی جیت لیتے ہیں

ازاناں نہ بینم دریں عہد کس
اس زمانہ میں ان میں سے میں کسی کو نہیں دیکھتا ہوں
وگر ہست بوبکر سعد ست و بس
اور اگر کوئی ہے تو بس ابوبکر سعد ہے

خدیو خردمند فرخ نہاد
عقلمند بادشاہ مبارک اصل
کہ شاخ امیدش برومند باد
خدا کرے کہ اس کی امید کی شاخ بارآور ہو

بہشتی درختی تو اے پادشاہ
اے بادشاہ تو جنتی درخت ہے۔
کہ افگندۂ سایہ یکسالہ راہ
کہ ایک سالہ راستے پر سایہ ڈالے ہوئے ہے

طمع بود در بخت نیک اخترم
اپنے نیک ستارے والے نصیبہ سے مجھے یہ توقع تھی
کہ بال ہما افگند بر سرم
کہ وہ ہما کا پر میرے سر پر ڈال دے گا

خرد گفت دولت نہ بخشد ہمای
عقل نے کہا ہما دولت نہیں بخشتا
گر اقبال خواہی دریں سایہ آی
اگر اقبال چاہتا ہے تو اس سایہ میں آ

خدایا برحمت نظر کردہ
اے خدا تو نے رحمت سے نظر کی ہے
کہ ایں سایہ بر خلق گستردہ
کہ یہ سایہ مخلوق پر ڈالا ہے

دعاگوئے ایں دولتم بندہ وار
میں غلاموں کی طرح اس سلطنت کا دعاگو ہوں
خدایا تو ایں سایہ پایندہ دار
اے خدا تو اس سایہ کو قائم رکھ!

صوابست پیش از کشش بند کرد
قتل کرنے سے پہلے قید کرنا مناسب ہے
کہ نتواں سر کشتہ پیوند کرد
اس لیے کہ کٹے ہوئے سر کو جوڑا نہیں جا سکتا

خداوند فرمان و رای و شکوہ
حکومت اور رائے اور دبدبہ والا
ز غوغائے مردم نگردد دستوہ
لوگوں کے شور و غل سے عاجز نہیں ہوتا

سر پُر غرور از تحمل تہی
غرور سے بھرا ہوا سر جو بردباری سے خالی ہو
حرامش بود تاج شاہنشہی
اس پر شہنشاہی کا تاج حرام ہے

نگویم چو جنگ آوری پایدار
میں یہ نہیں کہتا کہ لڑے تو جم جا
چو خشم آیدت عقل برجای دار
ہاں اگر غصہ آجائے تو عقل کو ٹھکانے رکھ

تحمل کند ہر کرا عقل ہست
برداشت وہی کرتا ہے جس میں عقل ہوتی ہے
نہ عقلے کہ خشمش کند زیر دست
نہ ایسی عقل جس کو غصہ دبائے

چو لشکر بروں تاخت خشم از کمیں
غصہ جب گھات سے لشکر دوڑاتا ہے
نہ انصاف ماند نہ تقوی نہ دیں
پھر نہ انصاف رہتا ہے اور نہ تقویٰ اور نہ دین

نہ دیدم چنیں دیو زیر فلک
میں نے آسمان تلے ایسا بھوت نہیں دیکھا
کزو می گریزند چندیں ملک
جس سے اتنے فرشتے بھاگ گئے ہوں۔

۱؎ یعنی جو بادشاہت میں دینداری کی وجہ سے بازی لے گئے ہیں۔

۲؎ جنت میں درخت طوبیٰ ہے جس کا سایہ ایک میں کی مسافت میں پھیلا ہوا ہے۔

۳؎ یعنی لڑائی میں جانا اس قدر دشوار نہیں کہ جس قدر غصہ پر قابو پانا۔

۴؎ انسان جب غصہ کرتا ہے تو رحمت کے فرشتے دور بھاگ جاتے ہیں۔

گفتار

نہ بر حکمِ شرع آب خوردن خطاست
حکمِ شرع کے خلاف پانی پینا گناہ ہے

اگر شرع فتوی دہد بر ہلاک
اگر شرع ہلاکت کا فتویٰ دے دے

وگر دانی اندر تبارش کساں
اگر تجھے اس کے خاندان میں اور آدمی معلوم ہوں

گنہ بود مردِ ستمگارہ را
ظالم کا قصور تھا

تنت زورمند ست ولشکر گراں
تیرا جسم قوی ہے اور لشکر بھی بھاری ہے

کہ وے بر حصارے گریزد بلند
اس لیے کہ وہ بلند حصار پر چڑھ جائے گا

نظر کن در احوالِ زندانیاں
قیدیوں کے احوال کی چھان بین کر لو

چو بازارگاں در دیارت بمرد
اگر تمہارے ملک میں کوئی تاجر مرجائے

کزاں پس کہ بر وے بگریند زار
اس لیے کہ اس کے بعد جب روئیں گے

کہ مسکیں در اقلیم غربت بمرد
کہ بے چارا پردیس میں مرگیا

بیندیش ازاں طفلک بے پدر
اس بے باپ کے بچہ کے بارے میں غور کرنے

بسا نام نیکوئے پنجاہ سال
بسا اوقات پچاس سال کا نیک کام

پسندیدہ کارانِ جاوید نام
ہمیشہ نام باقی رکھنے والے عمدہ کام کرنے والے

بر آفاق گر سر بسر بادشاست
اگرچہ اطراف عالم پر بادشاہ ہے

بمرد از تہیدستی آزاد مرد
آزاد مرد مفلسی سے مر گیا

وگر خوں بفتویٰ بریزی رواست
اگر فتویٰ لیکر خون بہائے تو درست ہے

الا تا نداری زکشتنش باک
اس کے مار ڈالنے سے ہرگز نہ جھجکنا

برایشاں ببخشای وراحت رساں
توان پر بخشش کر اور راحت پہنچا!

چہ تاواں زن و طفلِ بیچارہ را
ہنذا عورت اور بیچارے بچے پر کیا تاوان

ولیکن در اقلیم دشمن مراں
لیکن اس کو دشمن کی سرزمین میں نہ لے جا

رسد کشورے بے گنہ را گزند
بے قصور ملک کو نقصان پہنچے گا

کہ ممکن بود بے گنہ درمیاں
ممکن ہے ان میں کوئی بے قصور ہو

بمالش خساست بود دست برد
تو اس کے مال میں دست درازی کمینہ پن ہے

بہم باز گویند خویش و تبار
تو اپنے اور خاندان والے آپس میں کہیں گے

متاعے کزو ماند ظالم ببرد
جو کچھ اس کا رہا اس کو ظالم لے گیا

وزاں آہِ دلِ دردمندش حذر
اور اس کے دردمند دل کی آہ سے بچ!

کہ یک نامِ زشتش کند پائمال
برائی کا ایک نام اس کو پامال کر دیتا ہے

تطاول نکردند بر مالِ عام
عام لوگوں کے مال پر دست درازی نہیں کرتے ہیں

چو مال از توانگر ستاند گداست
جب مالداروں کا مال چھینتا ہے تو فقیر ہے

ز پہلوئے مسکیں شکم پر نہ کرد
لیکن کسی مسکین کے پہلو سے پیٹ نہیں بھرتا۔

۱؎ مثلاً روزے میں پانی پینے کی اجازت نہیں ہے اگر کوئی پیے گا گنہگار ہوگا اگر شرع کے حکم کے مطابق کسی کو قتل کرے گا تو ثواب ہوگا۔

۲؎ کسی شہر پر حملہ کرنے کا عموماً یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ اصلی دشمن تو قلعہ بند ہو جاتا ہے اور بے قصور رعایا تباہ ہوتی ہے۔

۳؎ مالداروں سے مال چھیننے والا بادشاہ بھکاری ہے۔

حکایت

شنیدم کہ فرماں دہے دادگر
میں نے سُنا ہے کہ ایک منصف بادشاہ

یکے گفتش اے خسرو نیک روز
کسی نے اس سے کہا کہ اے نیک دل بادشاہ

بگفت ایں قدر ستر و آسائش ست
اس نے کہا یہاں تک تو پردہ پوشی اور آرام ہے

نہ از بہر آں می ستانم خراج
میں خراج اس لیے وصول نہیں کرتا ہوں

چو ہمچوں زناں حلہ در تن کنم
جب عورتوں کی طرح جسم پر جوڑا سجاؤں

مرا ہم ز صد گونہ آرزو ہواست
مجھے بھی[2] سو قسم کی آرزوئیں اور خواہشیں ہیں۔

خزائن پُر از بہرِ لشکر بود
خزانے لشکر کے لیے بھرے جاتے ہیں

سپاہی کہ خوشدل نباشد ز شاہ
وہ سپاہی جو بادشاہ سے خوش نہ ہو

چو دشمن خرِ روستائی برد
جب[3] دشمن دیہاتی کا گدھا چھین لے

مخالف خرش بُرد و سلطاں خراج
دشمن اس کا گدھا اور بادشاہ خراج لے گیا

مروّت نباشد بر افتادہ زور
کمزور پر زور کرنا شرافت نہیں ہے

رعیّت درختست گر پروری
رعایا ایک درخت ہے اگر تو اس کی پرورش کرے گا

بہ بے رحمی از بیخ و بارش مکن
بے رحمی سے اس کی جڑ اور پھل نہ توڑ!

کساں برخورند از جوانی و بخت
جوانی اور نصیبہ سے وہی لوگ پھل کھاتے ہیں

اگر زیردستے در آید ز پای
اگر کوئی کمزور گر پڑے

قبا داشتے ہر دو رو آستر
کے پاس ایسی قبا تھی جس کے دونوں طرف استر تھا

قبائے ز دیبائے چینی بدوز
چینی[1] دیبا کی ایک قبا سِلوا دے

وزیں بگذری زیب و آرائش ست
اور اس کے آگے زیب و زینت ہے

کہ زینت کنم برخود و تخت و تاج
کہ اپنے لیے تخت و تاج کی زینت کروں

بمردی کجا دفعِ دشمن کنم
تو پھر بہادری سے دشمن کی مدافعت کب کر سکتا ہوں

ولیکن خزینہ نہ تنہا مراست
لیکن خزانہ تنہا میرا نہیں ہے

نہ از بہرِ آئین و زیور بود
آراستگی اور زیور کے لیے نہیں ہوتے

ندارد حدودِ ولایت نگاہ
وہ مملکت کی سرحدوں کی حفاظت نہیں کرتا

ملک باج و دہ یک چرا می خورد
تو بادشاہ خراج اور دسواں کیوں کھاتا ہے

چہ اقبال بینی دراں تخت و تاج
تو اس تخت و تاج میں تو کیا اقبال دیکھے گا

بَرد مرغ دوں دانہ از پیش مور
کمینہ پرند چیونٹی کا دانہ چھینتا ہے

بکامِ دلِ دوستاں برخوری
دوستوں کی خواہش کے مطابق پھل کھائے گا!

کہ ناداں کند حیف بر خویشتن
اس لیے کہ نادان خود اپنے اوپر افسوس کرتا ہے

کہ بر زیردستاں نگیرند سخت
جو ماتحتوں پر سختی نہیں کرتے —

حذر کن ز نالیدنش بر خدای
تو خدا کے سامنے اس کی فریاد کرنے سے ڈر

---

[1] یعنی ایسی قبا سلوا لے جس کا ابرا چینی دیبا کا ہو۔

[2] یعنی میرا جی بھی عیش و عشرت کو چاہتا ہے مگر سرکاری خزانہ عوام کی ملکیت ہے۔

[3] یعنی بادشاہ تو ٹیکس اسی لیے وصول کرتا ہے کہ اس کو لشکر پر خرچ کرے تاکہ سرحدیں دشمن سے محفوظ رہیں

چو شاید گرفتن بنرمی دیار
اگر[1] ملک نرمی سے حاصل کر سکتا ہے
به پیکار خونِ از مسامے میار
تو لڑ کر ایک بال کی جڑ سے بھی خون نہ نکال

بمردی که ملک سراسر زمیں
جوانی کی قسم کہ پورے روئے زمین کی بادشاہت
نیرزد که خونے چکد بر زمیں
مناسب نہیں جب خون کا ایک قطرہ بھی زمین پر ٹپکے

حکایت

شنیدم که جمشید فرخ سرشت
میں نے سنا ہے کہ مبارک طبیعت جمشید[2] نے
بسر چشمۂ بر بسنگے نوشت
ایک چشمہ کے ایک پتھر پر کندہ کر دیا

بدیں چشمه چوں ما بسے دم زدند
اس چشمہ پر مجھ جیسے بہت سوں نے دم لیا
بر فتند چوں چشم بر ہم زدند
جو پلک جھپکتے میں چلے گئے

گرفتیم عالم بمردی و زور
ہم نے دنیا بہادری اور زور سے حاصل کی
ولیکن نبردیم با خود بگور
لیکن اپنے ساتھ قبر میں نہ لے جاسکے

چو بر دشمنے باشدت دسترس
جب کسی دشمن پر تجھے قابو حاصل ہوجائے[3]
مرنجانش کورا ہمیں غصہ بس
تو اس کو نہ ستا، اس کے لیے یہی غصہ کافی ہے

عدو زنده سرگشته پیرامنت
زندہ پریشان دشمن تیرے چاروں طرف
به از خونِ او گشته در گردنت
تیری گردن پر اس کے خون سے بہتر ہے۔

حکایت

شنیدم که دارائے[4] فرخ تبار
میں نے سنا ہے کہ دارا مبارک خاندان والا
ز لشکر جدا ماند روز شکار
شکار کے روز لشکر سے جدا ہوگیا

دواں آمدش گله بانے به پیش
ایک چرواہا دوڑتا ہوا اس کے سامنے آیا
شہنشه بر آورد تغلق ز کیش
بادشاہ نے ترکش سے تیر نکال لیا

بصحرا در از دشمناں دار باک
جنگل میں دشمن کا خیال رکھنا
که در خانه باشد گل از خار پاک
اس لیے کہ گھر میں تو پھول کانٹے سے پاک ہوتا ہے

بر آورد چوپانِ بد دل خروش
خوف زدہ چرواہا چیخا
که دشمن نیم در ہلاکم مکوش
کہ میں دشمن نہیں ہوں مجھے مارنے کی کوشش نہ کر

من آنم که اسپانِ شه پرورم
میں تو وہی ہوں جو بادشاہ کے گھوڑے پالتا ہوں
بخدمت دریں مرغزار آورم
خدمت گزاری کے لیے اس چراگاہ میں لاتا ہوں

ملک را دل رفته آمد بجای
بادشاہ کا دھڑکتا دل جگہ پر آیا
بخندید و گفت اے نکوہیدہ رای
ہنسا اور کہا کہ اے بے وقوف

ترا یاوری کرد فرخ سروش[5]
تیری غیبی فرشتے نے مدد کر دی
وگرنه زه آورده بودم بگوش[6]
ورنہ میں تو چلّہ کان کی برابر کھینچ چکا تھا

---

[1] اگر ملک بدون خوں ریزی کے فتح ہوسکے تو خوں ریزی کسی طرح مناسب نہیں ہے۔
[2] جمشید مشہور بادشاہ ہے جس نے سینکڑوں سال بادشاہت کی اور پھر ضحاک کے ہاتھوں مارا گیا۔
[3] یعنی جب کسی دشمن پر قابو حاصل ہوجائے تو اس کا خون اپنی گردن پر نہ لینا چاہیے۔
[4] ایران کا مشہور بادشاہ تھا جو سکندر کی جنگ میں خود اپنے لشکر کے ہاتھوں مارا گیا۔
[5] "سروش" حضرت جبرئیل یا ہر پیغام لانے والے فرشتے کو کہا جاتا ہے۔
[6] جب کمان زہ کر لی جاتی ہے تو بس تیر چلنا ہی رہتا ہے۔

۱۰

نگہبان مرعیٰ بخندید و گفت
چراگاہ کا نگہبان ہنسا اور اس نے کہا
نصیحت زیاراں نشاید نہفت
یاروں سے نصیحت کو نہ چھپانا چاہیے

نہ تدبیر محمود و رائے نکوست
یہ قابل تعریف تدبیر اور بہتر رائے نہیں ہے
کہ دشمن نداند شہنشہ ز دوست
کہ بادشاہ دوست دشمن میں تمیز نہ کر سکے

چنانست در مہتری شرطِ زیست
سرداری میں جینے کی یہ شرط ہے
کہ ہر کہترے را بدانی کہ کیست
کہ تو ہر ماتحت کو پہچانے کہ وہ کون ہے

مرا بارہا در حضر دیدہٗ
تو نے مجھے بارہا دربار میں دیکھا ہے
ز خیل و چراگاہ پرسیدہٗ
گھوڑوں اور چراگاہ کے حالات دریافت کیے ہیں

کنونت بمہر آمدم پیش باز
اب کہ میں مہربانی سے تیرے سامنے آیا۔
نمی دانیم از بد اندیش باز
تو پھر تو مجھے دشمن سے ممتاز نہ کر سکا

توانم من اے نامور شہریار
اے نامور بادشاہ میں یہ کر سکتا ہوں
کہ اسپے بروں آرم از صد ہزار
کہ ہزاروں میں سے ایک گھوڑے کو نکال لاؤں

مرا گلہ بانی بعقلست و رای
میں عقل اور سمجھ سے چرواہا پن کرتا ہوں
تو ہم گلۂ خویش داری بپای
تو بھی اپنے ریوڑ کو قائم رکھ!

دراں دارِ ملک از خلل غم بود
اس سلطنت میں نقصان کا غم ہے
کہ تدبیر شاہ از شباں کم بود
جہاں بادشاہ کی تدبیر چرواہے سے بھی کم ہو

گفتار

توکے بشنوی نالۂ دادخواہ
تو انصاف چاہنے والے کی فریاد کب سن سکتا ہے
بکیواں برت کلۂ خوابگاہ
جب تیری خوابگاہ کا پردہ ساتویں آسمان پر ہو

چناں خسپ کاید فغانت بگوش
ایسا سو کہ فریاد کان میں آسکے تیرے
اگر دادخواہے برآرد خروش
اگر کوئی انصاف چاہنے والا فریاد کرے

کہ نالد ز ظالم کہ در دورِ تست
کہ تیرے زمانے میں ظالم سے کون نالہ کرے
کہ ہر جور کومی کند جورِ تست
بلکہ وہ جو ظلم کر رہا ہے وہ تیرا ظلم ہے

نہ سگ دامن کاروانے درید
کتے نے قافلہ کا دامن چاک نہیں کیا
کہ دہقان ناداں کہ سگ پرورید
بلکہ اس بیوقوف کاشتکار نے جس نے کتا پالا

دلیر آمدی سعدیا در سخن
اے سعدی بات کہنے میں تو دلیر ہے
چو تیغے بدستست فتحے بکن
جب تلوار تیرے ہاتھ میں ہے تو فتح کر!

بگو آنچہ دانی کہ حق گفتہ بہ
جو کچھ تو جانتا ہے کہہ ڈال اس لیے کہ سچی بات کا کہنا بہتر ہے
نہ رشوت ستانی و نہ عشوہ دہ
تو نہ رشوت خور ہے نہ فریب دہ

زباں بند و دفتر ز حکمت بشوی
زبان کو بند کر اور کتاب دانائی سے دھو ڈال
طمع بگسل و ہرچہ خواہی بگوی
لالچ کو ختم کر دے اور پھر جو چاہے کہہ

[1] کیواں زحل ستارے کو کہتے ہیں اور وہ ساتویں آسمان پر ہے۔
[2] بادشاہ کی غفلت سے اگر کسی ظالم کو ظلم کرنے کا موقع ملے تو یہ ظلم دراصل بادشاہ ہی کی جانب سے ہے
[3] یعنی جو نصیحتیں بھی کر سکتا ہے کر ڈال
[4] اگر نصیحت نہیں کرنا چاہتا ہے تو پھر اپنی کتابوں سے حکمت کی باتیں دھو ڈال اور خاموش ہو ورنہ لالچ کو چھوڑ کر بے دریغ نصیحت کر۔

حکایت

خبر یافت گردن کشے در عراق
عراق میں ایک بادشاہ کو معلوم ہوا
کہ می گفت مسکینے از زیر طاق
کہ ایک مسکین محل کے نیچے کہہ رہا تھا

تو ہم بر درے ہستی امیدوار
تو بھی کسی دروازے کا امیدوار ہے
پس امید بر در نشیناں برار
لہٰذا دروازے پر پڑے ہوؤں کی امید پوری کر

دلِ دردمند برآور ز بند
دردمندوں کے دل کو فکر سے چھڑا
کہ ہرگز نباشد دلت دردمند
تاکہ تیرا دل کبھی دردمند نہ ہو

پریشانئ خاطر دادخواہ
انصاف چاہنے والے کی دل کی پریشانی
براندازد از مملکت پادشاہ
بادشاہ کو گدی سے اتار پھینکتی ہے

تو خفتہ خنک در حرم نیمروز
تو دوپہر میں آرام سے محل میں سویا ہوا ہے
غریب از بروں گو بگرما بسوز
تو پردیسی سے کہہ دے کہ باہر گرمی سے جل

ستانندۂ دادِ آں کس خداست
اس شخص کا خدا انصاف لیتا ہے
کہ نتواند از پادشہ دادخواست
جو بادشاہ سے انصاف نہ چاہ سکے

حکایت

یکے از بزرگان اہلِ تمیز
بزرگوں میں سے ایک اہل تمیز
حکایت کند زابن عبدالعزیز
عمر ابن عبدالعزیز کا قصہ بیان کرتا ہے

کہ بودش نگینے بر انگشتری
کہ اس کی انگوٹھی پر ایک نگ تھا
فروماندہ در قیمتش جوہری
جوہری اس کی قیمت لگانے سے عاجز تھے

بشب گفتی آں جرم گیتی فروز
اس جہان کے روشن کرنے والے جسم کو تو رات میں کہے گا
درے بود در روشنائی چو روز
کہ وہ موتی چمک میں دن کی طرح تھا

قضا را درآمد یکے خشک سال
اتفاقاً ایک ایسا خشک سال آیا
کہ شد بدر سیمائے مردم ہلال
کہ لوگوں کا چودھویں رات کے چاند جیسا چہرہ ہلال بن گیا

چو در مردم آرام و قوت ندید
جب اس نے انسانوں میں آرام اور قوت نہ دیکھی
خود آسودہ بودن مروت ندید
تو اپنے آپ آرام کرنا شرافت نہ سمجھا

چو بیند کسے زہر در کامِ خلق
جب کوئی انسانوں کے منہ میں زہر دیکھ رہا ہو
کیش بگذرد آب نوشیں بحلق
تو بہترین پانی اس کے حلق سے کیسے اتر سکتا ہے

بفرمود و بفروختندش بسیم
اس نے حکم دیا کہ اس کو چاندی کے عوض فروخت کردیں
کہ رحم آمدش بر غریب و یتیم
کیونکہ اسکو مسافر اور یتیم پر رحم آیا

بیک ہفتہ نقدش بتاراج داد
اس کی نقدی ایک ہفتہ میں لٹادی
بدرویش و مسکین و محتاج داد
درویش اور مسکین اور محتاج کو دی

۱؎ عراق مشہور ملک کا نام ہے اس کے دو حصہ ہیں ایک عراق عرب جو دجلہ کے بغداد کی جانب ہے اور دوسرا عراق عجم جو ایران میں ہے۔

۲؎ حضرت عمر بن عبدالعزیز مشہور اموی خلیفہ ہیں جن کو خلفائے راشدین میں شمار کیا جاتا ہے۔

۳؎ لوگوں کے چودھویں کے چاند جیسے چہرے کمزور اور زرد ہو کر پہلی تاریخ کے چاند کی طرح ہو گئے۔

بریدند بروے ملامت کناں
ملامت کرنے والوں نے اس کو طعنہ دیا
کہ دیگر بدستت نیاید چناں
کہ اب اس جیسا ہاتھ نہ لگے گا

شنیدم کہ می گفت و باران دمع
میں نے سنا ہے کہ وہ کہہ رہا تھا اور آنسوؤں کی بارش
بعارض فرو میدویدش چو شمع
اس کے رخساروں پر شمع کی طرح بہہ رہی تھی

کہ زشت است پیرایہ بر شہریار
بادشاہ کے لیے زینت بری ہے
دل شہری از ناتوانی فگار
جب کسی بھی شہری کا دل کمزوری سے زخمی ہو

مرا شاید انگشتری بے نگیں
میرے لیے بے نگ کی انگوٹھی مناسب ہے
نشاید دل خلقے اندوہ گیں
لیکن رعایا کا غمگین دل مناسب نہیں ہے

خنک آنکہ آسایش مرد و زن
وہ آدمی بہت خوب ہے جو مردوں اور
گزیند بر آسایش خویشتن
عورتوں کے آرام کو اپنے آرام پر ترجیح دے

نکردند رغبت ہنر پروراں
ہنرمندوں نے رغبت نہیں کی
بشادی خویش از غم دیگراں
اپنی خوشی کی دوسروں کے غم سے

اگر خوش بخسپد ملک بر سریر
اگر بادشاہ تخت پر آرام سے سوئے
نہ پندارم آسودہ خسپد فقیر
مجھے یقین نہیں کہ فقیر آرام سے سو سکے

وگر زندہ دارد شب دیر باز
اور اگر دراز رات تک وہ جاگے
بخسپند مردم بآرام و ناز
تو لوگ آرام و راحت سے سوئیں گے

بحمد اللہ این سیرت و راہ راست
خدا کا شکر ہے کہ یہ عادت اور سیدھا راستہ
اتابک ابوبکر بن سعد راست
اتابک ابوبکر بن سعد کو حاصل ہے

کس از فتنہ در پارس دیگر نشاں
فارس میں کوئی بھی کسی اور فتنہ کا نشان
نہ بیند مگر قامت مہوشاں
نہیں دیکھتا سوائے چاند جیسے چہروں والوں کے قد کے

یکے پنج بیتم خوش آمد بگوش
ایک پانچ شعر مجھے سننے میں بھلے معلوم ہوئے
کہ در مجلسے میسرودند دوش
جو شب گزشتہ لوگ ایک مجلس میں پڑھ رہے تھے

قول

مرا راحت از زندگی دوش بود
مجھے کل شب زندگی کا لطف حاصل تھا
کہ آں ماہ رویم در آغوش بود
اس لیے کہ وہ چاند جیسے چہرے والا آغوش میں تھا

مر او را چو دیدم سر از خواب مست
اس کو میں نے جب نیند میں مست دیکھا
بدو گفتم اے سرو پیش تو پست
میں نے اس سے کہا کہ اے وہ کہ تیرے مقابلہ میں سرو بھی پست ہے

دمے نرگس از خواب نوشیں بشوی
تھوڑی دیر کے لیے نرگس جیسی آنکھ کو میٹھی نیند سے دھولے
چو گلبن بخند و چو بلبل بگوی
پھولوں کی شاخ کی طرح ہنس اور بلبل کی طرح چہک

چہ می خسپی اے فتنۂ روزگار
اے جہاں کے فتنے کیا سوتا ہے تو
بیا و زمۓ لعل دوشیں بیار
آ اور کل کی سرخ شراب لا

۱؎ نگینہ فروخت کرکے خیرات کردینے پر ملامت کرنے والوں نے کہا اب ایسا ہاتھ نہ آئے گا۔
۲؎ جو دوسروں کے آرام کو اپنے آرام پر ترجیح دے وہی آدمی بہتر ہے۔
۳؎ اگر بادشاہ رعایا کی خاطر رات کو جاگے گا رعایا آرام سے سوئے گی

نگہ کرد شوریدہ از خواب وگفت
نیند سے گھبرا کر اس نے دیکھا اور کہا:-

مرا فتنہ خوانی و گوئی مخفت
مجھے فتنہ بھی کہہ رہا ہے اور کہتا ہے نہ سو۔

در ایامِ سلطانِ روشن نفس
روشن دل بادشاہ کے زمانے میں

نہ بیند دگر فتنہ بیدار کس
اب کوئی فتنہ کو بیدار نہیں دیکھے گا

حکایت

در اخبارِ شاہانِ پیشینہ ہست
پہلے بادشاہوں کی حکایتوں میں مذکور ہے

کہ چوں تکلہ بر تختِ زنگی نشست
کہ جب ابنِ زنگی کے تخت پر تکلہ جانشین ہوا

بدورانش از کس نیازرد کس
اس کے زمانہ میں کوئی کسی سے ناخوش نہ ہوا

سبق برد گر خود ہمیں بود و بس
وہ بازی لے جاتا اگر اس میں صرف یہی ایک خصلت ہوتی

چنیں گفت یکرہ بصاحبدلے
ایک بار اس نے ایک صاحب دل سے کہا

کہ عمرم بسر رفت بیجا صلے
کہ میری بے نتیجہ عمر ضائع ہوئی

چو می بگذرد ملک و جاہ و سریر
جب حکومت اور ملک اور تخت ختم ہوجانے والی چیز ہے

نبرد از جہاں دولت الّا فقیر
تو پھر دنیا سے فقیر کے علاوہ کوئی دولت نہیں لے گیا

بخواہم بکنج عبادت نشست
میں چاہتا ہوں کہ عبادت کے گوشے میں بیٹھوں

کہ دریابم ایں پنج روزے کہ ہست
شاید (عمر کے باقی) کچھ تھوڑے دنوں کو حاصل کرلوں

چو بشنید دانائے روشن نفس
جب روشن دل عقلمند نے سنا

بہ تندی بر آشفت کائے تکلہ بس
تو غصہ سے بگڑ گیا کہ اے تکلہ بس

طریقت بجز خدمتِ خلق نیست
مخلوق کی خدمت کے علاوہ طریقت اور کچھ نہیں ہے

بہ تسبیح و سجّادہ و دلق نیست
تسبیح اور مصلے اور گدڑی سے نہیں ہے

تو بر تختِ سلطانیِ خویش باش
تو اپنی بادشاہت کے تخت پر رہ!

باخلاقِ پاکیزہ درویش باش
اور پاکیزہ اخلاق کے ذریعہ درویش بنا رہ

بصدق و ارادت میاں بستہ دار
سچائی اور ارادت پر کمر بستہ رہ!

ز طامات و دعوی زباں بستہ دار
بیہودہ باتوں اور ڈینگوں سے زبان روکے رکھ

قدم باید اندر طریقت نہ دم
طریقت میں عمل درکار ہے، دعوے نہیں

کہ اصلے ندارد دمِ بے قدم
کیونکہ بے عمل دعوے کی کوئی اصل نہیں۔

بزرگاں کہ نقدِ صفا داشتند
وہ بزرگ جو صفائی کی دولت رکھتے ہیں

چنیں خرقہ زیرِ قبا داشتند
قبا کے نیچے ایسی ہی گدڑی چھپائے رکھتے ہیں

حکایت

شنیدم کہ بگریست سلطانِ روم
میں نے سنا ہے کہ روم کا کوئی بادشاہ

برِ نیک مردے زاہلِ علوم
عالموں میں سے ایک نیک مرد کے سامنے رو پڑا

---

۱ یعنی ابوبکر ابن سعد زنگی

۲ اتابک خاندان سے کا شیراز کا دوسرا بادشاہ زنگی ہے جو ۶۸ھ میں مرا اس کے بعد اس کا بیٹا تکلہ تخت نشین ہوا۔

۳ یعنی اس کی یہی ایک خوبی اس کو دوسرے بادشاہوں پر فوقیت دے دیتی ہے۔

۴ لفظ پنج خاص عدد کے لیے بھی آتا ہے اور کسی چیز کی کمی کو بیان کرنے کے لیے بھی بولتے ہیں

۵ یعنی اصل طریقت خلق اللہ کی خدمت ہے۔

۶ یعنی شاہی لباس میں فقیری کرتے ہیں۔

که پایایم از دستِ دشمن نماند
دشمن کے ہاتھوں مجھ میں طاقت نہ رہی

جز ایں قلعہ و شہر با من نماند
اس قلعہ اور شہر کے علاوہ میرے پاس کچھ نہ رہا

بسے جہد کردم کہ فرزندِ من
میں نے بہت کوشش کی کہ میرا لڑکا

پس از من بود سرورِ انجمن
میرے بعد انجمن کا سردار رہے

کنوں دشمنِ بدگہر دست یافت
اب جب بداصل دشمن کو قابو حاصل ہو گیا ہے

سرِ دستِ مردی و جہدم بتافت
اس نے میری طاقت اور بہادری کا پنجہ موڑ دیا ہے

چہ تدبیر سازم چہ چارہ کنم
کیا تدبیر کروں کیا علاج کروں

کہ از غم بفرسود جان و تنم
کہ غم سے میری جان اور جسم گھل گئے ہیں

برآشفت دانا کہ ایں گریہ چیست
عقلمند بگڑا کہ یہ رونا کیسا؟

بریں عقل و ہمت بباید گریست
اس عقل اور ہمت پر رونا چاہیے

ولایت چہ باشد غمِ خویش خور
حکومت کا کیا غم کرتا ہے اپنا غم کر

کہ از عمر بہتر شد و بیش تر
کہ عمر کا بہتر اور بیشتر حصہ ختم ہو گیا ہے

ترا ایں قدر تا بمانی بس است
جب تک تو زندہ ہے تیرے لیے یہ بہت ہے

چو رفتی جہاں جائے دیگر کس است
جب تو گیا تو دنیا دوسرے کی جگہ ہے

اگر ہوشمند ست اگر بیخرد
خواہ وہ عقلمند ہے یا بے وقوف

غمِ او مخور کو غمِ خود خورد
تو اس کا غم نہ کر وہ آپ اپنی فکر کر لے گا

مشقت نیرزد جہاں داشتن
سلطنت کرنا تکلیف اٹھانے کے قابل چیز نہیں ہے

گرفتن بشمشیر و بگذاشتن
تلوار کے زور سے حاصل کرنا اور چھوڑ کر چلے جانا

تو تدبیرِ خود کن کہ آں پُر خرد
تو اپنی فکر میں لگ اس لیے کہ وہ عقلمند

کہ بعد از تو باشد غمِ خود خورد
جو تیرے بعد آئے گا خود اپنا غم کرے گا

بدیں پنج روزہ اقامت مناز
اس پنج روزہ قیام پر ناز نہ کر

باندیشہ تدبیرِ رفتن بساز
چلنے کی تدبیر کی فکر کر

کرا دانی از خسروانِ عجم
عجم کے بادشاہوں میں سے تو کس کو جانتا ہے

کہ کردند بر زیردستان ستم
جنھوں نے ماتحتوں پر ظلم کیے تھے

کہ در تخت و ملکش نیامد زوال
کہ ان کے تخت اور ملک میں زوال نہ آیا ہو

نماند بجز ملکِ ایزد تعال
حق تعالیٰ کی سلطنت کے علاوہ کسی کی نہیں رہتی

کرا جاوداں ماندن امید نیست
ہمیشہ زندہ رہنے کی کسی کو امید نہیں ہے

کہ گیتی ہمیں جائے جاوید نیست
کیونکہ یہ دنیا ہمیشگی کی جگہ نہیں ہے

کرا سیم و زر ماند و گنج و مال
چاندی اور سونا اور خزانہ اور مال کس کا رہا ہے

پس از وے بچندیں شود پایمال
اس کے بعد چند دنوں میں پامال ہو جاتا ہے

وزاں کس کہ خیرے بماند رواں
جس شخص کی کوئی بھلائی جاری رہتی ہے

دمادم رسد رحمتش بر رواں
اس کی روح پر رحمتیں پے در پے پہنچتی ہیں

۱ جب سلطنت کا خلاصہ یہ ہے کہ تلوار کے زور سے فتح کرے اور مرتے وقت چھوڑ کر چلا جائے تو پھر یہ ایسی چیز نہیں ہے کہ اس کی خاطر انسان تکلیف اٹھائے



۲ چند روزہ زندگی فخر کے قابل نہیں موت کی فکر کرنی چاہیے۔

بزرگے کزو نام نیکو بماند
وہ بڑا آدمی جس کا نیک نام باقی رہا

الا تا درخت کرم پروری
آگاہ! ضرور تو سخاوت کے درخت کی پرورش کر

کرم کن کہ فردا کہ دیواں نہند
کرم کر کہ کل کو جب حساب کریں گے

یکے را کہ سعی قدم بیش تر
جس کی کوشش کا قدم بڑھا ہوگا

یکے باز پس خائن و شرمسار
جو پچھڑا ہوا خائن اور شرمسار ہوگا،

بہل تا بدنداں برد پشت دست
جانے دے تاکہ ہاتھ کی پشت دانتوں تک لیجائے

بدانی گہ غلہ برداشتن
پیداوار اٹھانے کے وقت تجھے پتہ لگے گا

تواں گفت با اہل دل کو بماند
اہل دل سے کہا جاسکتا ہے کہ وہ خود باقی رہا

کہ بے شک بر کامرانی خوری
تو بے شک کامیابی کا پھل کھائے گا

منازل بمقدار احساں دہند
احسان کی بقدر مرتبے دیں گے

بدرگاہ حق منزلت پیشتر
حق تعالیٰ کی درگاہ میں اسی کا مرتبہ زیادہ ہوگا

بپوشد ہمی مرد ناکردہ کار
وہی بیکار شخص چھپتا پھرے گا

تنورے چنیں گرم و ناں در نہ بست
تندور اتنا گرم اور اس نے اس میں روٹی نہ پکائی

کہ سستی بود تخم ناکاشتن
کہ بیج نہ بونا کتنی غفلت ہوتی ہے

حکایت

خدا دوست نامی در اقصائے شام
خدا دوست نام والے ایک شخص نے شام کے اطراف میں

بصبرش دراں کنج تاریک جای
اس کے صبر کی وجہ سے اس تاریک گوشے میں

بزرگاں نہادند سر بر درش
بڑے لوگوں نے اس کے دروازے پر سر رکھا

تمنا کند عارف پاکباز
خداشناس پاکباز تمنا کرتا ہے

چو ہر ساعتش نفس گوید بدہ
جب ہر لمحہ اس کو نفس کہے کہ دے

دراں مرزکیں پیر ہشیار بود
جس جگہ یہ ہشیار مرد تھا

کہ ہر ناتواں را کہ دریافتے
وہ جس کمزور کو پاتا

جہاں سوز و بے رحمت و خیرہ کش
عالم کو تباہ کرنیوالا بے رحم بے باکی سے قتل کرنے والا

گرفت از جہاں کنج غارے مقام
دنیا کو چھوڑ کر ایک غار کے گوشے میں مقام بنالیا

بگنج قناعت فرو رفتہ پای
قناعت کے خزانے میں اس کا قدم جم گیا

کہ در می نیامد بدرہا سرش
کیونکہ اس کا سر دروازوں پر نہ آیا

بدریوزہ از خویشتن ترک آز
دعا کر کے۔ حرص ترک کرنے کی

بخواری بگرداندش دہ بدہ
تو ذلت کے ساتھ اس کو گاؤں در گاؤں پھراتا ہے

یکے مرزبان ستمگار بود
ایک ظالم حاکم تھا

بسر پنجگی پنجہ برتافتے
طاقت سے اس کا پنجہ موڑ دیتا

ز تلخیش روی جہانے ترش
اس کی بدمزاجی کی وجہ سے سب کا منہ ترش تھا

۱۰ جس شخص کے لیے نیکی کرنے کے اسباب مہیا تھے اور اس نے پھر بھی نیکی نہ کی اس کو چھوڑ کہ وہ خود شرمندہ ہوگا۔

۱۱ یعنی اس نے اس تاریک گوشے میں صبر کیا تو قناعت کی دولت حاصل ہوگئی۔

گروہے بر فتند زاں ظلم و عار
بہت سے لوگ اس ظلم اور ذلت سے بھاگ چلے

گروہے بماندند مسکین و ریش
کچھ لوگ مسکین اور زخمی دل رہ گئے

بدِ ظلم جائیکہ گردد دراز
ظلم کا ہاتھ جس جگہ دراز ہو

بدیدارِ شیخ آمدے گاہ بگاہ
وہ بھی کبھی کبھی شیخ کے دیدار کو آتا

ملک نوبتے گفتش اے نیک بخت
بادشاہ نے ایک مرتبہ اس سے کہا کہ اے نیک بخت!

مرا با تو دانی سرِ دوستیست
تجھے معلوم ہے کہ مجھے تیرے ساتھ دوستی کا خیال ہے

گرفتم کہ سالارِ کشور نیم
میں نے مانا کہ میں تمام ملک کا سردار نہیں ہوں

نگویم فضیلت نہم بر کسے
میں یہ نہیں کہتا کہ مجھے کسی سے بڑھا

شنید ایں سخن عابدِ ہوشیار
عابد ہوشیار نے یہ بات سنی،

وجودت پریشانیِ خلق از وست
تیرے وجود سے مخلوق کی پریشانی ہے

تو با دوستداران من دشمنی
جب تو میرے دوستوں کا دشمن ہے

گر افتد ہمی دوستی با منت
اگر یہ بھی ہوجائے کہ میری تیری دوستی ہوجائے

خدا دوست را گر بدرند پوست
خدا سے دوستی رکھنے والے کی اگر لوگ کھال کے بھی ٹکڑے کردیں

عجب دارم از خواب آں سنگدل
مجھے اُس سنگدل کے سونے پر تعجب آتا ہے

الا گر ہنر داری و عقل و ہوش
آگاہ اگر ہنر اور عقل اور ہوش رکھتا ہے

بہ بر دند نامِ بدش در دیار
وہ اس کا برا نام ملکوں میں لے گئے

پس چرخہ نفریں گرفتند پیش
انھوں نے غائبانہ ملامت کرنا اختیار کرلیا

نہ بینی لبِ مردم از خندہ باز
تو اس جگہ لوگوں کے ہونٹ ہنسی سے کھلے نہ دیکھے گا

خدا دوست در وے نکردے نگاہ
خدا کا دوست اس کی طرف دھیان نہ کرتا

بنفرت ز ما در مکش روئے سخت
نفرت سے ہماری طرف سے منہ نہ موڑ

ترا دشمنی با من از بہر چیست
تجھے مجھ سے دشمنی کیوں ہے

بعزت ز درویش کمتر نیم
لیکن عزت میں کسی فقیر سے تو کم نہیں ہوں

چناں باش با من کہ با ہر کسے
میرے ساتھ ایسا برتاؤ تو کر جیسا ہر شخص سے

بر آشفت و گفت اے ملک ہوشدار
بگڑ گیا اور کہا اے بادشاہ ہوش کر

ندارم پریشانیِ خلق دوست
اور میں مخلوق کی پریشانی پسند نہیں کرتا ہوں

نہ پندارمت دوستدارِ منی
تو میں تجھے اپنا دوست نہیں سمجھ سکتا،

مگر آں کہ دارد خدا دشمنت
لیکن خدا تو تجھے دشمن سمجھتا ہے

نخواہد شدن دشمنِ دوست دوست
تم وہ دوست کے دشمن کا دوست نہیں ہوسکتا

کہ شہرے بخسپند از و تنگ دل
جس سے پورا شہر تنگ دل ہوکر سوئے

بفضل و ترحم میاں بند و کوشش
تو احسان اور رحم پر کمر باندھ اور کوشش کر

١٠ چرخہ لوگوں کا مجمع، پسِ چرخہ یعنی لوگوں کے پیٹھ پیچھے

گفتار

مہا زور مندی مکن بر کہاں
اے بڑے، چھوٹوں پر زور نہ دکھا!

کہ بر یک نمط می نماند جہاں
کیونکہ زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا

سرِ پنجۂ ناتواں بر مپیچ
کسی کمزور کا ہاتھ نہ موڑ
که گر دست یابد برآید بہیچ
اس لئے کہ اگر اس کو موقع ملا تو دم بھر میں غالب آجائے گا

مہ گفتمت پائے مردم زجائی[1]
میں تجھ سے کہتا ہوں کہ لوگوں کو نہ ستا!
که عاجز شوی گر در آئی زپائی
اس لیے کہ اگر تو گر پڑا تو لاچار ہو جائے گا

دلِ دوستاں جمع بہتر کہ گنج
دوستوں کی دل جمعی خزانہ جمع کرنے سے بہتر ہے
خزینہ تہی بہ کہ مردم برنج
انسانوں کے رنجیدہ ہونے کی بہ نسبت خزانہ خالی رہنا بہتر ہے

میند از در پای کارِ کسے[2]
کسی کے کام میں سستی نہ برت
که افتد که در پایش افتی بسے
ہو سکتا ہے کہ تجھے اس کے پاؤں پڑنا پڑے

تحمل کن اے ناتواں از قوی
اے ناتواں قوی کی برداشت کر
که روزے توانا تر از وے شوی
ایک دن تو اس سے قوی ہو جائیگا

بہمت برآر از ستیزندہ شور
لڑنے والے کو ہمت سے عاجز کردے[3]
که بازوئے ہمت بہ از دستِ زور
اس لیے کہ طاقت کے ہاتھ سے ہمت کا بازو بہتر ہے

لبِ خشکِ مظلوم را گو مخند
کہدے مظلوم کے خشک ہونٹوں پر نہ ہنس
که دندانِ ظالم بخواہند کند
اس لیے کہ وہ ظالم کے دانتوں کو اکھاڑ ڈالیں گے

ببانگِ دہل خواجہ بیدار گشت
نوبت کی آواز سے آقا بیدار ہوا،
چہ داند شب پاسباں چوں گذشت
اس کو کیا معلوم چوکیدار کی رات کس طرح کٹی

خورد کاروانے غمِ بارِ خویش
قافلہ اپنے بوجھ کا غم کرتا ہے
نسوزد دلش بر خرِ پشت ریش
گدھے کی زخمی کمر پر اس کا دل نہیں کڑھتا

گرفتم کز افتادگاں نیستی
میں نے مانا تو گرا ہوا نہیں ہے
چو افتادہ بینی چرا بایستی
جب تو گرے ہوئے کو دیکھ رہا ہے تو کیوں کھڑا ہے[4]

بر ینت بگویم یکے سر گذشت
اس پر میں تجھے ایک قصہ سناتا ہوں
که سستی بود زیں سخن در گذشت
کیونکہ اس قصہ سے درگزر کرنا بے عقلی ہے

حکایت

چناں قحط شد سالے اندر دمشق[5]
دمشق میں ایسی قحط سالی ہوئی
که یاراں فراموش کردند عشق[6]
کہ دوست عشق کو بھول گئے

چناں آسماں بر زمیں شد بخیل
آسمان زمین پر ایسا بخیل ہوا
که لب تر نکردند زرع و نخیل
کہ کھیتی اور کھجورستان ہونٹ تک تر نہ کر سکے

بخوشید سر چشمہائے قدیم
پرانے چشمے سوکھ گئے
نماند آب جز آبِ چشمِ یتیم،
یتیم کی آنکھ کے سوا کہیں پانی نہ رہا

نبودے بجز آہِ بیوہ زنے
بیوہ عورت کی آہ کے سوا نہ ہوتا
اگر بر شدے دودے از روزنے[7]
اگر کسی سوراخ سے دھواں بلند ہوتا

[1] پائے مردم زجا بردن۔ لوگوں کو ستانا، ذلیل کرنا۔
[2] کار را در پا انداختن یعنی کام میں تاخیر کرنا یا سستی برتنا
[3] شور بر آوردن ہلاک کرنا۔ عاجز کر دینا یعنی ہمت کے ذریعہ ظالم کو عاجز کردے۔
[4] ایک راحت مند انسان کو دوسروں کی بے چینی سے بے چین ہو جانا چاہیے۔ کھڑا رہ کر گرے ہوؤں کا تماشہ نہ دیکھنا چاہیے۔
[5] دمشق شام کا دارالخلافہ ہے جو بہترین آب و ہوا کا شہر سمجھا جاتا ہے۔
[6] ہو سکتا ہے عشق سے مراد عشق و محبت ہو۔ نیز اہل تصوف باہمی ملاقات میں السلام علیکم کی بجائے لفظ عشق بولتے تھے یعنی لوگوں نے باہمی ایک سلیک چھوڑ دی کہ کہیں دوسرا کچھ سوال نہ کر بیٹھے۔
[7] گھروں سے کھانا پکانے کے دھوئیں کی بجائے بیواؤں کی آہ کا دھواں اٹھتا تھا۔

چو درویش بے برگ دیدم درخت
میں نے درختوں کو بے ساز و سامان فقیر کی طرح دیکھا
نہ بر کوہ سبزی نہ در باغ شخ
نہ پہاڑ پر سبزہ، نہ باغ میں کوئی شاخ

دراں حال پیش آمدم دوستے
اس حالت میں میرے سامنے ایک دوست آیا
شگفت آمدم کو قوی حال بود
مجھے تعجب ہوا کیونکہ وہ قوی حال تھا
بدو گفتم اے یارِ پاکیزہ خوی
میں نے اس سے کہا اے پاک خصلت دوست
بغرید بر من کہ عقلت کجاست
مجھ پہ غرّایا کہ تیری عقل کہاں ہے؟
نہ بینی کہ سختی بغایت رسید
تو نہیں دیکھتا کہ سختی انتہا کو پہنچ گئی ہے
نہ باراں ہمی آید از آسماں
نہ آسمان سے بارش اترتی ہے
بدو گفتم آخر ترا باک نیست
میں نے اس سے کہا کہ آخر تجھے خوف نہیں ہے
گر از نیستی دیگرے شد ہلاک
اگر ناداری کی وجہ سے دوسرے مرے ہیں
نگہ کرد رنجیدہ در من فقیہ
اس سمجھ دار نے رنج سے مجھے دیکھا۔
کہ مرد ارچہ بر ساحلست ای رفیق
کہ اے دوست! اگرچہ انسان کنارے پر ہو
من از بے نوائی نیم روئی زرد
بے سروسامانی کی وجہ سے زرد رو نہیں ہوں
نخواہم کہ بیند خردمند ریش
میں یہ پسند نہیں کرتا ہوں کہ کوئی عقلمند زخم دیکھے
بحمد اللہ ارچہ ز ریش ایمنم
خدا کا شکر ہے اگرچہ میں زخم سے محفوظ ہوں
منغص بود عیش آں تندرست
اس تندرست کا عیش بدمزہ ہو جاتا ہے

قوی بازواں سست و درماندہ سخت
قوی بازو والے سست اور عاجز ہو گئے
ملخ بوستاں خورد و مردم ملخ
ٹڈیاں باغ کو اور انسان ٹڈیوں کو کھا گئے
از و ماندہ بر استخواں پوستے
جس کی ہڈیوں پر صرف کھال باقی تھی
خداوندِ جاہ و زر و مال بود
مرتبے اور سونے اور مال کا مالک تھا
چہ درماندگی پیشت آمد بگوی
بتا تجھکو کیا مصیبت پیش آئی ہے
چو دانی و پرسی سوالت خطاست
جب تو جانتا ہے اور پھر پوچھتا ہے تو تیرا پوچھنا غلط ہے
مشقت بحدِ نہایت رسید
مشقت آخری حد پر پہنچ گئی ہے
نہ بر می رود دود فریاد خواں
نہ فریادیوں کی آہ کا دھواں چڑھتا ہے
کشد زہر جائیکہ تریاک نیست
زہر اس جگہ مارتا ہے جہاں تریاق نہیں ہے
ترا ہست و بط را ز طوفاں چہ باک[1]
تیرے پاس تو ہے بطخ کو طوفان کا کیا ڈر
نگہ کردنِ عالم اندر سفیہ
جیسا کہ ایک عالم جاہل کو دیکھتا ہے
نیا ساید و دوستانش غریق
اس کو چین نہیں آتا جب کہ اس کے دوست ڈوبے ہوں
غم بے نوایاں دلم خستہ کرد
بے سروسامان لوگوں کے غم نے میرا دل توڑ دیا ہے
نہ بر عضوِ مردم نہ بر عضوِ خویش
نہ انسانوں کے عضو پر نہ اپنے عضو پر
چو ریشے بہ بینم بلرزد تنم
جب میں زخم دیکھتا ہوں تو میرا بدن لرزتا ہے
کہ باشد بہ پہلوئے بیمارِ سست
جو کسی سست بیمار کے پہلو میں ہو

[1] پانی کے طوفان سے بطخ کو کوئی خطرہ نہیں ہوتا، وہ تیرنے والا پرند ہے۔

چو بینم کہ درویش مسکیں نخورد
جب میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ مسکین فقیر نے نہیں کھایا ہے

بکام اندرم لقمہ زہر ست و درد
تو میرے حلق میں لقمہ زہر اور درد ہے

یکے را بزنداں بری دوستاں
کسی کے دوستوں کو جب تو قید خانہ میں لے جائے

کجا ماندش عیش در بوستاں
تو اس کے لیے باغ میں عیش کہاں رہتا ہے

حکایت

شبے دودِ خلق آتشے بر فروخت
ایک رات لوگوں کی آہ نے ایسی آگ لگائی

شنیدم کہ بغداد[۱] نیمے بسوخت
میں نے سنا ہے کہ آدھا بغداد جل گیا

یکے شکر گفت اندراں خاک و دود
اس دھول اور دھوئیں میں ایک نے شکر ادا کیا

کہ دُکّانِ ما را گزندے نبود
کہ میری دکان کا کوئی نقصان نہیں ہوا

جہاندیدۂ گفتش اے بوالہوس
ایک جہاں دیدہ نے اس سے کہا اے بوالہوس!

ترا خود غمِ خویشتن بود و بس
تجھے صرف اپنا ہی غم تھا

پسندی کہ شہرے بسوزد بنار
تجھے یہ اچھا لگتا ہے کہ پورا شہر آگ سے جل جائے

وگرچہ سرایت بود بر کنار
اگرچہ تیری سرائے کنارے پر ہو

بجز سنگدل کے کند معدہ تنگ
سنگدل کے علاوہ کون معدہ کو بھر سکتا ہے

چو بیند کساں بر شکم بستہ سنگ
جب لوگوں کو پیٹ پر پتھر باندھے دیکھے

توانگر خود آں لقمہ چوں میخورد
مالدار خود لقمہ کیسے کھاتا ہے

چو بیند کہ درویش خوں[۲] میخورد
جب وہ دیکھ رہا ہے کہ فقیر خون کھا رہا ہے

مگو تندرست ست رنجور دار
یہ نہ کہہ کہ تیمار داری کرنیوالا تندرست ہے

کہ می پیچد از غصہ رنجور وار
اس لیے کہ وہ بھی بیمار کی طرح غم سے پیچ و تاب میں ہے

تنکدل چو یاراں بمنزل رسند
جب تو بلی کو نوازے گا کبوتر لے جائے گی

چو فربہ کنی گرگ یوسف درد
جب تو بھیڑیے کو موٹا کرے گا یوسف کو پھاڑے گا

بنائے کہ محکم ندارد اساس
جو عمارت مضبوط بنیاد نہ رکھے

بلندش مکن ور کنی زو ہراس
اس کو بلند نہ کر اور اگر کرے گا تو اس سے ڈر تا رہ

[1] اگر انسان بروں سے تحمل برتتا ہے تو وہ اور سرکش ہوجاتے ہیں

[2] کیونکہ لدھا ہوا گدھا دولتی نہ مار سکے گا۔

[3] یعنی بداصل کو زیادہ بلند نہ کر

گفتار اندر پیش بینی و عاقبت اندیشی

پیش بینی اور انجام سوچنے کے بیان میں کہاوت

چہ خوش گفت بہرامِ صحرا نشیں
صحرا نشین بہرام نے کیا خوب کہا
چو یکرانِ توسن زدش بر زمیں
جب سرکش گھوڑے نے اس کو زمین پر پٹخ دیا

دگر اسپے از گلہ باید گرفت
گلہ میں سے دوسرا ایسا گھوڑا پکڑنا چاہیے
کہ گر سرکشد باز شاید گرفت
جو سرکشی کرے تو تھاما جاسکے۔

سرِ چشمہ شاید گرفتن بمیل
چشمے کے منہ کو سلائی سے بند کردینا چاہیے
چو پُر شد نشاید گذشتن بہ پیل
جب وہ بھر جائے تو ہاتھی کے ذریعے بھی نہیں گذرا جاسکتا ہے

ببند اے پسر دجلہ گر آب کاست
اے لڑکے اگر دجلہ گھٹا ہوا ہو تب بند باندھ دے
کہ سودے ندارد چو سیلاب خاست
اس لیے کہ جب سیلاب پیدا ہوجائیگا پھر کوئی فائدہ نہیں

چو گرگِ خبیث آمد اندر کمند
جب خبیث بھیڑیا کمند میں آجائے
بکشش ورنہ دل برکن از گوسفند
اس کو مار ڈال ورنہ بکری سے دل ہٹالے

از ابلیس ہرگز نیاید سجود
شیطان سے کبھی سجدہ نہیں ہوتا
نہ از بدگہر نیکوئی در وجود
نہ بداصل سے نیکی وجود میں آتی ہے

بد اندیش را جائے و فرصت مدہ
مخالف کو جگہ اور موقع نہ دے
عدو در چہ و دیو در شیشہ بہ
دشمن کنوئیں میں اور دیو شیشی میں بہتر ہے

مگو شاید ایں مار کشتن بچوب
یہ نہ کہہ اس سانپ کو لکڑی سے مارنا چاہیے
چو سر زیرِ سنگِ تو دارد بکوب
جب اس نے تیرے پتھر کے نیچے سر کرلیا فوراً کوٹ دے

قلمزن کہ بد کرد با زیردست
جس محرر نے کمزور کے ساتھ برائی کی ہو۔
قلم بہتر او را بشمشیر دست
اس کا ہاتھ تلوار سے قلم کرنا بہتر ہے

مدبر کہ قانون بد می نہد
جو وزیر برا قانون بناتا ہے
ترا می برد تا بآتش دہد
وہ تجھے آگ میں ڈالنے لے جاتا ہے

مگو ملک را ایں مدبر بس است
یہ نہ کہہ کہ ملک کے لیے یہ وزیر کافی ہے
مدبر مخوانش کہ مُدبر کس است
اس کو منتظم نہ کہہ اس لیے کہ وہ بدبخت انسان ہے

سعید آورد قولِ سعدی بجائے
نیک بخت سعدی کی بات بجالاتا ہے
کہ توفیرِ ملک است و تدبیرِ رائے
کیونکہ وہ بات ملک کی بڑھوتری اور تدبیر اور رائے ہے

باب سوم در عشق

تیسرا باب عشق کے بیان میں

خوشا وقتِ شوریدگانِ غمش
اس کے غم کے دیوانے بھی خوش وقت ہیں
اگر ریش بینند و گر مرہمش
خواہ زخم دیکھیں یا زخم کا مرہم

گدایانے از پادشاہی نفور
ایسے گدا جو بادشاہی سے متنفر ہیں
بامیدش اندر گدائی صبور
اس کی تمنا میں گدائی پر صابر ہیں

[1] بہرام گور کو صحرا نشین بھی کہا جاتا ہے چونکہ وہ گورخر کے شکار کے شوق میں جنگلوں میں پڑا رہتا تھا۔

[2] یعنی انسان ہمیشہ ایسے گھوڑے پر سوار ہو جس پر قابو پاسکے۔

[3] موقع پاکر دشمن کو کنوئیں میں دھکا دے دے مشہور ہے کہ جنوں کو شیشی میں بند کردیا جاتا ہے۔

دمادم شراب الم درکشند
غم کی شراب پے درپے پیتے ہیں
وگر تلخ بینند دم درکشند
اگر کڑواہٹ بھی محسوس کرتے ہیں تو چپ ہو رہتے ہیں

بلائے خمار۱ است در عیشِ مُل
شراب کے عیش میں خمار کی مصیبت ہے
سلحدار خار است با شاخِ گل
پھول کی شاخ کے ساتھ کانٹا ہتھیار بند ہے

نہ تلخست صبرے کہ بریادِ اوست
جو اس کی یاد میں صبر ہے وہ کڑوا نہیں ہے
کہ تلخی شکر باشد از دست دوست
اس لیے کہ دوست کے ہاتھ سے کڑواہٹ شکر ہوتی ہے

اسیرش نخواہد رہائی ز بند
اس کا قیدی قید سے رہائی نہیں چاہتا
شکارش نخواہد خلاص از کمند
اس کا شکار پھندے سے چھٹکارا نہیں چاہتا

سلاطین عُزلت گدایانِ حے
خدا کے گدا گوشہ نشینی کے شاہ ہیں
منازل شناسانِ گم کردہ پے۲
منزلوں کو پہچاننے والے بے نشان ہیں

ملامت کشانند مستانِ یار
یار کے دیوانے ملامت برداشت کرنے والے ہیں
سبکتر برد اشترِ مست بار
مست اونٹ بوجھ تیزی سے لے جاتا ہے

بسر وقتِ شاں خلق کے رہ برند
ان کے اوقات کا مخلوق کو راستہ کب ملتا ہے
کہ چوں آبِ حیواں بظلمت دراند
کیونکہ وہ آبِ حیات کی طرح اندھیرے میں ہیں

چو بیت المقدس دروں پر ز تاب
بیت المقدس کی طرح باطن نور سے بھرا ہے
رہا کردہ دیوار بیروں خراب
باہر کی دیوار کو خستہ و خراب چھوڑ رکھا ہے

چو پروانہ آتش بخود در زنند
پروانے کی طرح خود کو آگ میں ڈال دیتے ہیں
نہ چوں کرم پیلہ۳ بخود در تنند
ریشم کے کیڑے کی طرح خود آرائی نہیں کرتے ہیں

دلآرام در بر دلآرام جوئے
حق تعالیٰ کے طالب معشوق در بغل ہیں
لب از تشنگی خشک بر طرفِ جوئے
دریا کے کنارے پر ہیں اور پیاس کی شدت سے ہونٹ خشک ہیں

نگویم کہ بر آب قادر نیند
میں یہ نہیں کہتا کہ وہ پانی پر قادر نہیں ہیں
کہ بر ساحلِ نیل مستسقی اند۴
بلکہ نیل کے کنارے پر جلندھر کے بیمار ہیں

گفتار اندر ثبوت عشقِ حقیقی بدلیلِ مجازی

عشق مجازی کی دلیل سے عشق حقیقی کے ثبوت کے بیان میں کہاوت

ترا عشق ہمچوں خودی زآب و گل
تیرا اپنے جیسے پانی مٹی کے بنے ہوئے سے عشق
رباید ہمی صبر و آرامِ دل
صبر اور دل کی راحت اڑا دیتا ہے

بہ بیداریش فتنہ بر خد و خال
بیداری میں اس کے رخسار اور تل پر فریفتہ
بخواب اندرش پائے بندِ خیال
سونے میں اس کے خیال کا پابند

بصدقش چناں سر نہی بر قدم
تو اس کے پیر پر ایسے خلوص سے سر رکھتا ہے
کہ بینی جہاں با وجودش عدم
کہ اس کے وجود کے سامنے دنیا کو معدوم سمجھتا ہے

چو در چشمِ شاہد نیاید زرت
جب تیرا روپیہ معشوق کی نظر میں نہیں آتا ہے
زر و خاک یکساں نماید برت
تو تجھے سونا اور مٹی یکساں معلوم ہوتا ہے

۱؎ خمار اس اعضا شکنی کو کہا جاتا ہے جو نشہ کے اتار کے وقت بدن میں پیدا ہوتی ہے۔
۲؎ خدا رسیدہ اپنے آپ کو گم کر دیتے ہیں۔
۳؎ ریشم کا کیڑا اپنے اوپر ریشم تنتا ہے اور اس کے نتیجے میں خود اندر رہ جاتا ہے اور مر جاتا ہے تو گویا اس نے خود آرائی کی اور فنا ہو گیا۔
۴؎ اہل اللہ کو وصال دوست ہر وقت حاصل رہتا ہے لیکن ان کی پیاس کسی طرح نہیں بجھتی ہے۔

دگر با کسے در نیاید نفس
پھر تو کسی دوسرے سے دل نہیں لگتا
تو گوئی بچشم اندرش منزلست
گویا تو اسی کی جگہ آنکھ میں سمجھتا ہے
نہ اندیشہ از کس کہ رسوا شوی
تجھے کسی کا ڈر نہیں کہ تو رسوا ہو جائے گا
گرت جاں بخواہد بکف بر نہی
اگر وہ تیری جان مانگے تو ہتھیلی پر رکھ لے گا
چو عشقے کہ بنیاد او بر ہواست
جب وہ عشق جس کی بنیاد خواہش پر ہے
عجب داری از سالکان طریق
تو تجھے راستہ کے سالکوں سے تعجب ہے
بسودائے جاناں ز جاں مشتغل
معشوق کی فکر میں جان سے بے نیاز ہیں
بیاد حق از خلق بگریختہ
خدا کی یاد میں مخلوق سے بھاگے ہوئے ہیں
نشاید بدارو دوا کردشاں
ان کا علاج دوا سے کرنا مناسب نہیں ہے
الست از ازل ہمچناں شاں بگوش
ازل سے ان کے کان میں الست اسی طرح ہے
گروہے عملدار عزلت نشیں
ایک گروہ جو کارکن ہے گوشہ نشین ہے
بیک نعرہ کوہے ز جا بر کنند
ایک نعرہ سے پہاڑ کو جگہ سے ہلا دیں
چو باد اند پنہان و چالاک پوئے
ہوا کی طرح پوشیدہ ہیں اور تیز رفتار ہیں
سحر ہا بگریند چندانکہ آب
آخر کی شب میں اس قدر روتے ہیں کہ آنسو
فرس کشتہ از بس کہ شب راندہ اند
جن کا گھوڑا مردہ ہے چونکہ رات کو بہت چلایا ہے
شب و روز در بحر سودا و سوز
رات اور دن جنون اور سوز کے سمندر میں ہیں

کہ با او نماند دگر جائے کس
اس لیے کہ اس کے ہوتے ہوئے دوسرے کی گنجائش نہیں رہتی
وگر چشم بر ہم نہی در دلست
اور اگر تو آنکھ بند کرتا ہے تو وہ دل میں ہے
نہ قوت کہ یکدم شکیبا شوی
نہ طاقت کہ فوراً صابر بن جائے
ورت تیغ بر سر نہد سر نہی
اور اگر وہ تیرے سر پر تلوار رکھے تو تو سر دھر دیگا
چنیں فتنہ انگیز و فرماں رواست
اس قدر فتنہ انگیز اور فرماں روا ہے
کہ باشند در بحر معنی غریق
جو کہ وہ حقیقت کے سمندر میں ڈوبے ہوئے ہیں
بذکر حبیب از جہاں مشتغل
معشوق کے ذکر میں دنیا سے غافل ہیں
چناں مست ساقی کہ مے ریختہ
ساقی کے ایسے مست ہیں کہ شراب لنڈھائے ہوئے ہیں
کہ کس مطلع نیست بر درد شاں
کیونکہ ان کے درد سے کوئی واقف نہیں ہے
بفریاد قالوا بلیٰ در خروش
قالوا بلیٰ کی فریاد کا شور کر رہے ہیں
قدم ہائے خاکی دم آتشیں
جن کے قدم خاک آلودہ ہیں جن کا سانس آتشیں ہے
بیک نالہ ملکے بہم بر کنند
ایک نالہ سے ملک کو برباد کر دیں
چو مشک اند خاموش و تسبیح گوئے
مشک کی طرح ہیں خاموش اور تسبیح کرنے والے ہیں
فرو شوید از دیدہ شاں کحل خواب
ان کی آنکھوں سے نیند کا سرمہ دھو دیتے ہیں
سحر گہ خروشاں کہ وا ماندہ اند
صبح کو فریاد کرنے والے کہ وہ درماندہ ہیں
ندانند از آشفتگی شب ز روز
دیوانگی کی وجہ سے رات کا دن سے امتیاز نہیں کر سکتے ہیں

[1] یعنی بیداری میں معشوق آنکھوں میں سمایا رہتا ہے اور سونے میں اسی کے خواب نظر آتے ہیں۔
[2] جب عشق مجازی کے یہ احوال ہیں تو عشق حقیقی میں ان حالات پر کیا تعجب کی بات ہے۔
[3] حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ازل میں روحوں کو جمع کر کے دریافت کیا "الستُ بربکم" کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ تو سب نے "بلیٰ" کہا تھا۔ یعنی کیوں نہیں ہے اسی کو عہدِ الست کہا جاتا ہے۔
[4] ابدال اور اقطاب دنیا میں تکوینی کاموں پر مقرر کیے گئے ہیں۔
[5] دنیا داروں کی نظر سے پوشیدہ ہیں لیکن فیض رساں ہیں۔
[6] گھوڑے سے مراد خاکی بدن ہے یعنی رات بھر کی عبادت میں جسم کو ماندہ کر دیتے ہیں پھر صبح کو بے قرار ہوتے ہیں کہ منزل دور ہے۔
[7] یعنی ان کی نگاہ میں رات دن یکساں ہے۔

چناں فتنہ بر حسنِ صورت نگار
نقاش کے حسن پر اس قدر فریفتہ ہیں

کہ با حسنِ صورت ندارند کار
کہ صورت کے حسن سے ان کو کوئی واسطہ نہیں

ندادند صاحبدلاں دل بپوست
صاحب دل چمڑی کو دل نہیں دیتے ہیں

وگر ابلہے داد بے مغز و گوست
اور اگر کسی بیوقوف نے دل لگایا ہے تو وہ نادان ادر بیل ہے

مئے صرفِ وحدت کسے نوش کرد
وحدت کی خالص شراب اس نے پی ہے

کہ دنیا و عقبیٰ فراموش کرد
جس نے دنیا اور عقبیٰ کو بھلادیا ہے

حکایت گدا زادہ با پادشاہزادہ
شہزادہ کے ساتھ فقیر کے لڑکے کا قصہ

شنیدم کہ وقتے گدا زادۂ
میں نے سنا ہے کہ ایک زمانہ میں ایک فقیر کا لڑکا

نظر داشت با پادشا زادۂ
ایک شہزادہ پر عاشق ہوگیا

ہمی رفت و می پخت سودائے خام
جاتا اور اپنے کچے خیال کو پختہ کرتا

خیالش فرو برد دنداں بکام
اس کا خیال مقصد میں دانت گڑوئے ہوئے تھا

زمیدانش خالی نبودے چو میل
اس کے میدان سے نہ ہٹتا پالے کی طرح

ہمہ وقت پہلوئے اسپش چو پیل
ہمیشہ فیل کی طرح اس کے گھوڑے کے پہلو میں رہتا

دلش خوں شد و راز در دل بماند
اس کا دل خون بن گیا اور راز دل ہی میں رہا

ولے پایش از گریہ در گِل بماند
لیکن اس کا پیر رونے کی وجہ سے دلدل میں پھنس گیا

رقیباں خبر یافتندش ز درد
رقیبوں کو اس کے درد کی خبر ہوگئی

دگر بارہ گفتندش اینجا مگرد
انھوں نے اس سے کہا یہاں پھر چکر نہ لگانا

دمے رفت و یاد آمدش روئے دوست
تھوڑی دیر کیلئے چلا گیا اور اس کو دوست کا چہرہ یاد آیا

دگر خیمہ زد بر سر کوئے دوست
اس نے پھر دوست کے کوچہ پر پڑاؤ ڈالدیا

غلامے شکستش سر و دست و پائے
ایک غلام نے اس کا سر اور ہاتھ پیر توڑ دیئے

کہ بارے نگفتیمت ایدر میائے
کہ ایک بار ہم تجھے نہیں سمجھا چکے کہ یہاں نہ آ

دگر رفت و صبر و قرارش نبود
وہ پھر چلا گیا اور اس کو صبر و قرار نہ تھا

شکیبائی از روئے یارش نبود
وہ دوست کے چہرے سے صبر نہ کر سکتا تھا

مگس وارش از پیش شکر بجور
مکھی کی طرح جبراً اس کو شکر پر سے

براندندے و باز گشتے بفور
ہٹا دیتے اور فوراً واپس آجاتا

کسے گفتش اے شوخ دیوانہ رنگ
کسی نے اس سے کہا اے بے حیا، دیوانے

عجب صبر داری تو بر چوب و سنگ
تعجب ہے تو لکڑی اور پتھر کی مہار کر لیتا ہے

بگفت ایں جفا بر من از دستِ اوست
اس نے کہا میرے اوپر یہ ظلم اس کے ہاتھوں ہے

نہ شرط است نالیدن از دستِ دوست
دوست کے ہاتھ سے نالاں ہونا مناسب نہیں ہے

من اینک دم دوستی می زنم
میں اب دوستی کا دم بھر رہا ہوں

گر او دوست دارد و گر دشمنم
خواہ وہ مجھے دوست سمجھے یا دشمن سمجھے

۱ یعنی جب وہ چوگاں کے میدان میں کھیلنے جاتا تو یہ وہاں پالے کی طرح جما رہتا۔
۲ اسپ اور پیلہ شطرنج کے دو مہروں کا نام ہے۔ جو ساتھ چلتے ہیں۔
۳ یعنی زبان سے تو اس نے رازِ دل نہ ظاہر کیا لیکن اس کے آنسوؤں نے راز کھول

زمن صبر بے او توقع مدار
اس کے بدون صبر کی توقع مجھ سے نہ رکھ!

نہ نیروئے صبرم نہ جائے ستیز
نہ مجھ میں صبر کی طاقت ہے نہ لڑائی کی

مگو زیں در بارگہ سر بتاب
یہ نہ کہہ کہ اس دربار سے سر موڑ لے

نہ پروانہ جاں دادہ در پائے دوست
کیا یہ نہیں ہے کہ دوست کے قدموں پر جان دیا ہوا پروانہ

بگفت ار خوری زخم چوگان او
اس نے کہا اگر تو اس کے بلے کا زخم کھائے

بگفتا سرت گر ببرد بہ تیغ
اس نے کہا اگر وہ تیرا سر تلوار سے کاٹ دے

یکے را کہ معشوق باشد یکے
کسی کا جب کوئی معشوق ہوتا ہے

مرا خود ز سر نیست چنداں خبر
مجھے اپنے سر کی اتنی بھی خبر نہیں ہے

مکن با من ناشکیبا عتیب
مجھ بے صبر سے پر غصہ نہ کر

چو یعقوبم ار دیدہ گردد سپید
حضرت یعقوب کی طرح اگر آنکھیں سفید بھی ہو جائیں

رکابش بہ بوسید روزے جواں
ایک دن جوان نے اس کی رکاب کو چوم دیا

بخندید و گفتا عناں بر مپیچ،
وہ ہنسا اور بولا باگ نہ موڑ

مرا با وجودِ تو ہستی نماند
تیرے وجود کے سامنے میری ہستی نہ رہی

بگرم جرم بینی مکن عیب من
اگر تو میری کوئی خطا بھی دیکھے تو عیب نہ لگا

بداں زہرہ دستت زدم در رکاب
اسی ہمت سے میں نے تیری رکاب پر ہاتھ ڈالا ہے

کشیدم قلم در سر نام خویش
میں نے اپنے نام پر قلم کھینچ دیا ہے

کہ با او ہم امکاں ندارد قرار
اس لیے کہ اس کے ہوتے ہوئے بھی قرار کا امکان نہیں ہے

نہ امکانِ بودن نہ پائے گریز
نہ ٹھہرنے کا امکان ہے نہ بھاگنے کے قدم

وگر سر چو میخم کشد در طناب
اگرچہ وہ میخ کی طرح میرے سر کو رسی سے کس دے

بہ از زندہ در کنج تاریک اوست
اس پروانہ سے بہتر ہے جو تاریک گوشہ میں زندہ ہو

بگفتا بپایش در افتم چو گو
اس نے کہا گیند کی طرح اس کے پیروں پر گر پڑوں گا

بگفت ایں قدر نبود از وے دریغ
اس نے کہا اس سے مجھے افسوس نہ ہوگا

نیازارد از وے بہر اندکے
تو وہ اس سے ہر تھوڑی سی بات پر ناخوش نہیں ہوتا ہے

کہ تاجست بر تارکم یا تبر
کہ میرے سر پر تاج ہے یا کلہاڑا

کہ در عشق صورت نہ بندد شکیب
اس لیے کہ عشق میں صبر کی کوئی صورت نہیں بنتی ہے

نبرم ز دیدارِ یوسف امید
تو بھی یوسف کے دیدار کی امید منقطع نہ کروں گا

برآشفت و برتافت از وے عناں
وہ بگڑ گیا اور اس سے باگ موڑی

کہ سلطاں عناں بر نہ پیچد ز ہیچ
اس لیے کہ بادشاہ کسی سے باگ نہیں موڑتا ہے

بیادِ تو ام خود پرستی نماند
تیری یاد میں میری خودی نہ رہی

توئی سر برآوردہ از جیب من
اس لیے کہ تو نے ہی میرے گریبان سے سر نکالا ہے

کہ خود را نیاوردم اندر حساب
کیونکہ میں اپنے آپ کو گنتی میں نہیں لاتا

نہادم قدم بر سر کام خویش
اپنے مقصد کو میں نے پامال کر دیا ہے

۱؎ یعنی جب اس کا دیدار بھی موجب بیقراری ہے تو اس کے بدون کیسے قرار آئے گا۔

۲؎ قرآن میں ہے کہ یوسف علیہ السلام کے فراق میں رونے روتے حضرت یعقوب کی آنکھیں سفید ہو گئی تھیں۔

۳؎ تو شہزادہ ہے بادشاہ ہر شخص کے حاجت روا ہوتے ہیں

۴؎ یعنی اب میں ہمہ اوست کے مقام پر ہوں میں نہیں ہوں تو ہی تو ہے

۵؎ تیرے وجود کے سامنے میرا وجود فنا ہو چکا ہے

مرا خود کُشد تیر آں چشم مست مجھے تو اس مست آنکھ کا تیر مارے ڈالتا ہے	چہ حاجت کہ آری بشمشیر دست اس کی کیا ضرورت ہے کہ تو تلوار ہاتھ میں سونتے
تو آتش بہ نے در زن و درگذر تو نرکل میں آگ لگا دے اور چلا جا	کہ نہ خشک در بیشہ ماند نہ تر تا کہ جنگل میں نہ خشک رہے نہ تر

حکایت در معنیٰ فنائے اہل محبت

قصہ اہل محبت کے فنا کے بیان میں

شنیدم کہ بر لحن خنیا گرے میں نے سنا ہے کہ ایک سازندہ کے گانے پر	برقص اندر آمد پری پیکرے ایک پری جسم والا رقص میں آ گیا
ز دلہائے شوریدہ پیرامنش اس کے چاروں طرف کے مست دلوں سے	گرفت آتش شمع در دامنش شمع کی آگ اس کے دامن میں لگ گئی
پراگندہ خاطر شد و خشمناک پریشان طبیعت اور غضبناک ہو گیا	یکے گفتش از دوستداراں چہ باک دوستوں میں سے ایک نے اس سے کہا کیا مضائقہ ہے
ترا آتش اے دوست دامن بسوخت اے دوست آگ نے ترا تو دامن ہی جلایا ہے	مرا خود بیک بار از من بسوخت مجھے تو خود ایکبارگی مجھ سے ہی جلا دیا
اگر یاری[1] از خویشتن دم مزن اگر تو عاشق ہے تو خودی کا دم نہ بھر	کہ شرک است با یار و با خویشتن اس لیے کہ با یار اور با خویشتن ہونا شرک ہے

حکایت در معنیٰ اشتغال اہل محبت

قصہ اہل محبت کی مشغولیت کے بیان میں

چنیں دارم از پیر دانندہ یاد ایک دانا بوڑھے کی بات مجھے اس طرح یاد ہے	کہ شوریدہ سر بصحرا نہاد کہ ایک دیوانہ جنگل کی طرف نکل گیا
پدر در فراقش نخورد و نخفت اس کے فراق میں باپ نے نہ کھایا اور نہ سویا	پسر را ملامت بکردند و گفت لوگوں نے لڑکے کو ملامت کی اور اس نے کہا
از آنگہ کہ یارم کس خویش خواند جب سے دوست نے اپنا کہہ کر پکارا ہے	دگر با کسم آشنائی نماند کسی دوسرے سے میری دوستی نہیں رہی
بحقش کہ تا حق جمالم نمود اس کے حق کی قسم جب سے مجھے حق نے اپنا جمال دکھا دیا ہے	دگر ہر چہ دیدم خیالم نمود اس کے علاوہ جو کچھ میں نے دیکھا ہے مجھے وہم معلوم ہوا ہے
نشد گم کہ روا ز خلائق بتافت جس نے مخلوق سے منہ موڑا ہے وہ گم نہیں ہوا ہے	کہ گم کردۂ خویش را باز یافت بلکہ اس نے اپنے گم شدہ کو پا لیا ہے
پراگندگانند[2] زیر فلک آسمان کے نیچے کچھ پراگندہ ہیں	کہ ہم دد[3] تواں خواندشاں ہم ملک کہ ان کو وحشی درندہ بھی کہا جا سکتا ہے اور فرشتہ بھی
زیادِ ملک چوں ملک نارمند فرشتے کی طرح وہ خدا کی یاد سے غافل نہیں ہوتے	شب و روز چوں دد ز مردم رمند دن رات وحشی درندوں کی طرح انسانوں سے بھاگتے ہیں

۱۰

[1] یعنی یار کے ہوتے ہوئے خودی کا احساس شریعت عشق کا شرک ہے۔
[2] یعنی اولیاء اللہ جو بظاہر پراگندہ نظر آتے ہیں
[3] خدا کی یاد میں لگے رہنے کی وجہ سے فرشتے ہیں۔ انسانوں سے وحشت کی وجہ سے درندے ہیں

قوی بازوانند کوتاہ دست
وہ قوی بازو والے کوتاہ ہاتھ والے ہیں

گہ آسودہ در گوشۂ خرقہ دوز
کبھی گوشہ میں آرام سے گدڑی سینے والے ہیں

نہ سودائے خود شاں نہ پروائے کس
نہ ان کو اپنا خیال نہ کسی کی پرواہ

پریشیدہ عقل و پراگندہ ہوش
پریشان عقل اور پراگندہ ہوش ہیں

بدریا نخواہد شدن بط غریق
بط دریا میں نہیں ڈوب سکتی

تہیدست مردانِ پُرحوصلہ
خالی ہاتھ، پُرحوصلہ بہادر ہیں

ندارند چشم از خلائق پسند
وہ مخلوق سے پسندیدگی کی توقع نہیں رکھتے

عزیزان پوشیدہ از چشم خلق
۳ وہ مخلوق کی آنکھ سے چھپے ہوئے اللہ کے پیارے ہیں

پُر از میوہ و سایہ ور چوں رزاند
وہ انگور کی بیل کی طرح سایہ اور پھل سے پُر ہیں

بخود سرفرو بردہ ہمچوں صدف
وہ سیپ کی طرح نیچے کو سر کیے ہوئے ہیں

نہ مردم ہمیں استخوانند و پوست
انسان ہڈیاں اور کھال ہی نہیں ہیں

نہ سلطاں خریدارِ ہر بندہ ایست
نہ بادشاہ ہر غلام کا خریدار ہے

اگر ژالہ ہر قطرۂ دُرشدے
اگر پانی کا ہر قطرہ موتی ہو جاتا

چو غازی بخود بر نہ بندند پلے
وہ نٹوں کی طرح اپنے پیر نہیں لگاتے ہیں

حریفانِ خلوت سرائے الست
وہ الست کی خلوت سرا کے ساتھی ہیں

بہ تیغ از غرض بر نگیرند چنگ
تلوار سے وہ اپنے مقصد سے دست بردار نہیں ہوتے ہیں

خردمند و شیدا و ہشیار مست
عقلمند ہیں، دیوانے ہیں اور ہشیار مست ہیں

گہ آشفتہ در مجلسے خرقہ سوز
کبھی مجلس میں پریشان، کملی پھونک دینے والے ہیں

نہ در کنج توحیدِ شاں جائے کس
نہ ان کی توحید کے گوشہ میں کسی کی جگہ

ز قولِ نصیحت گر آگندہ گوش
نصیحت کرنے والے کی بات سے کانوں کو ٹھونسنے والے ہیں

سمندر چہ داند عذابُ الحریق
سمندر ۲ (کیڑا) آگ کا عذاب کیا جانے

بیاباں نوردانِ بے قافلہ
بے قافلہ کے بیابان کو طے کرنے والے ہیں

کہ ایشاں پسندیدۂ حق بسند
کیونکہ ان کو حق کا پسندیدہ ہونا کافی ہے

نہ زنّار دارانِ پوشیدہ دلق
وہ دلق پہننے والے زنّار دار نہیں ہیں

نہ چوں ما سیہ کار و ازرق رزاند
۴ ہماری طرح سیاہ کار اور نیلا رنگنے والے نہیں ہیں

نہ مانند دریا بر آوردہ کف
دریا کی طرح جھاگ لائے ہوئے نہیں ہیں

نہ ہر صورتے جانِ معنیٰ دروست
ہر صورت میں حقیقت کی جان نہیں ہے

نہ در زیرِ ہر ژندۂ زندہ ایست
۵ نہ ہر گدڑی میں زندہ ہے


چو خرمہرہ بازار ازو پُر شدے
۶ گھونگھے کی طرح اس سے بازار بھر جاتا

کہ محکم رود پائے چوبیں ز جائے
اس لیے کہ لکڑی کا پیر جگہ سے سخت پھسلتا ہے

بیک جرعہ تا نفخۂ صور مست
ایک گھونٹ سے صور پھونکنے تک مست ہیں

کہ پرہیز و عشق آبگینہ است و سنگ
۹ اس لیے کہ خودی اور عشق کانچ اور پتھر ہے

۱ یعنی ان میں مختلف حیثیتوں سے یہ مختلف صفات ہیں۔
۲ سمندر کیڑا تو آگ ہی میں پرورش پاتا ہے اور آتش کا اس کو کوئی خوف نہیں یعنی یہ لوگ نہ جنت کے طالب ہیں نہ دوزخ سے بھاگنے والے ہیں
۳ وہ مخلوق کی نگاہ میں نہیں بھاتے لیکن اولیاء اللہ ہیں وہ مومن نما کافر نہیں ہیں۔



۴ نیلی کملی پہن کر سیاہ کاری کرنے والے نہیں ہیں۔
۵ بہت سے گدڑی پوش مُردہ دل ہیں۔
۶ یعنی اولیاء اللہ کی کثرت نہیں ہوتی ہے۔
۷ یعنی فرضی طور پر اپنی نمائش نہیں کرتے ہیں۔
۸ عہدِ الست کے پابند ہیں
۹ یعنی جس طرح کانچ اور پتھر میں بیر ہے اسی طرح خودی اور عشق میں بیر ہے

حکایت در معنی غلبۂ وجد و سلطنت عشق

قصہ بے خودی کے غلبہ اور عشق کی حکومت کے بیان میں

یکے شاہدے در سمرقند داشت
ایک شخص سمرقند میں ایک معشوق رکھتا تھا
کہ گفتی۱؎ بجائے سمرقند داشت
کہ گویا قصہ کی بجائے شکر رکھتا تھا

جمالے گرو بردہ از آفتاب
ایسا حسن جو آفتاب سے بازی لے گیا تھا
ز شوخیش بنیادِ تقویٰ خراب
اس کی شوخی سے تقوے کی بنیاد تباہ تھی

تعالی اللہ از حسن تا غایتے
خدا برتر ہے، حسن کی ایسی انتہا
کہ پنداری از رحمتست آیتے
کہ تو یقین کرے کہ وہ خدائی رحمت کی ایک نشانی ہے

ہمی رفتے و دیدہا در پیش
وہ چلتا تو نگاہیں اس کے درپے ہوتیں
دلِ دوستاں کردہ جاں برخیش
دوستوں کے دل اس کے پسینہ پر جان فدا کئے ہوئے تھے

نظر کردے ایں دوست در وے نہفت
یہ عاشق اس کی طرف چپکے سے دیکھتا
نگہ کرد بارے بہ تندی و گفت
اس نے ایک بار گھور کر دیکھا اور کہا

کہ اے خیرہ سر چند پوئی پیم
اے بے حیا کب تک میرا پیچھا کرے گا
ندانی کہ من مرغِ دامت نیم
تو نہیں جانتا کہ میں تیرے جال کا پرند نہیں ہوں

گرت بارِ دیگر بہ بینم بہ تیغ
اگر میں تجھے دوبارہ دیکھ لوں گا تو تلوار سے
چو دشمن ببرم سرت بے دریغ
دشمن کی طرح بے دریغ تیرا سر کاٹ ڈالوں گا

کسے گفتش اکنوں سرِ خویش گیر
کسی نے اس سے کہا اب اپنا راستہ پکڑ
ازیں سہل تر مطلبے پیش گیر
اس سے آسان معشوق تلاش کر

نہ پندارم ایں کام حاصل کنی
میری یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ مقصد تو حاصل کرلیگا
مبادا کہ جاں در سرِ دل کنی
ایسا نہ ہو کہ دل کے خیال میں جان دیدے

چو مفتونِ صادق ملامت شنید
جب سچے عاشق نے ملامت سنی
بدرد از دروں نالہ برکشید
درد کے ساتھ اندر سے ایک آہ کھینچی

کہ بگذار تا زخمِ تیغ ہلاک
رہنے دے تاکہ ہلاکت کی تلوار کا زخم
بغلطاندم لاشہ در خون و خاک
میری لاش کو خون و خاک میں تڑپائے

مگر پیشِ دشمن بگویند و دوست
شاید لوگ دشمن اور دوست کے سامنے بیان کریں
کہ ایں کشتۂ دست و شمشیر اوست
کہ یہ اس کے ہاتھ اور تلوار کا کشتہ ہے

نمی بینم از خاک کویش گریز
میں اسلئے تو کوچہ کی خاک سے بھاگنا مناسب نہیں سمجھتا ہوں
بہ بیداد گو آب رویم بریز
کہدو کہ تو ظلم سے میری آبرو ریزی کر

مرا توبہ فرمائی اے خود پرست
اے خود پرست مجھ سے توبہ کرنے کو کہتا ہے
ترا توبہ زیں گفتن اولیٰ تراست
اس کہنے سے تجھے توبہ کرنا بہت مناسب ہے

بنجشائے بر من کہ ہرچہ او کند
مجھے معاف کر اس لیے کہ وہ جو کچھ بھی کرے گا
و گر قصدِ خونست نیکو کند
اچھا ہی کرے گا خواہ وہ قتل کا ارادہ کرے

۱؎ یعنی نہایت شیریں کلام تھا

بسوزاندم ہر شبے آتشش
اُس کی آگ مجھے ہر رات کو جلا دیتی ہے

سحر زندہ گردم ببوئے خوشش
میں صبح کو اس کی خوشبو سے زندہ ہو جاتا ہوں

اگر میرم امروز در کوئے دوست
اگر آج میں دوست کی گلی میں مرجاؤں

قیامت زنم خیمہ پہلوئے دوست
قیامت میں دوست کے پہلو میں خیمہ زن ہوں گا

مدہ تا توانی دریں جنگ پشت
جب تک بن سکے اس جنگ میں پشت نہ دکھا

کہ زندہ است سعدی چو عشقش بکشت
اس لیے کہ سعدی زندہ ہے چونکہ اسکو عشق نے شہید کیا تھا

حکایت فدا شدن اہل محبت و ہلاکت را غنیمت شمردن

اہلِ محبت کے قربان ہونے اور ہلاکت کو غنیمت شمار کرنے کا قصہ

یکے تشنہ میرفت و جاں می سپرد
ایک شخص پیاسا جا رہا تھا اور جان دے رہا تھا[1]

بدو گفت نا بالغے کاے عجب
اس کو ایک نابالغ[2] نے کہا تعجب ہے

بگفتا نہ آخر دہاں تر کنم
اس نے کہا آخر میں بھی منہ تر نہ کروں

فتد تشنہ در آبدانِ عمیق
پیاسا گہرے گڑھے میں گر پڑتا ہے

اگر عاشقی دامنِ او بگیر
اگر تو عاشق ہے تو اس کا دامن تھام لے

بہشتِ تن آسانی آنگہ خوری
تن آسانی کا میوہ تو جب کھائیگا

دلِ تخم کاراں بود بار کش
کاشتکاروں کا دل تکلیف میں رہتا ہے

دریں مجلس آں کس بکامے رسید
اس مجلس میں وہی شخص مقصد کو پہنچا

خنک نیک بختے کہ در آب مُرد
وہ بہت نیک بخت ہے جو پانی میں مرا

چو مُردی چہ سیراب و چہ خشک لب
جب تو مرگیا تو کیا سیراب اور کیا خشک ہونٹ

کہ تا جانِ شیریں شِش در سر کنم
تاکہ شیریں جان اس کے خیال میں ختم کردوں

کہ داند کہ سیراب میرد غریق
اس لیے کہ وہ جانتا ہے کہ ڈوبا ہوا سیراب مرتا ہے

و گر گویدت جاں بدہ گو بگیر
اور اگر وہ کہے کہ جان دے تو کہہ لے

کہ بر دوزخِ نیستی بگذری
جب کہ نیستی کی دوزخ پر سے گذر جائے گا

چو خرمن برآید بخپسند خوش
جب کھلیان ہو جاتا ہے آرام سے سوتے ہیں

کہ در دورِ آخر بجامے رسید
جو آخری دور میں جام تک پہنچ گیا ہے

حکایت در صبر و ثبات روندگاں

سالکوں کے صبر و ثبات کا قصہ

چنیں نقل دارم ز مردانِ راہ
مجھے یہ بات سالکوں سے پہونچی ہے

کہ پیرے بدر یوزہ شد بامداد
کہ ایک بوڑھا صبح کو مانگنے نکلا

یکے گفتش ایں خانۂ خلق نیست
کسی نے اس سے کہا کہ یہ مخلوق کا گھر نہیں ہے

فقیرانِ منعم گدایانِ شاہ
مالدار[3] فقیر شاہ گدا ہیں

درِ مسجدے دید و آواز داد
اس نے ایک مسجد کا دروازہ دیکھا اور صدا دی

کہ چیزے دہندت بشوخی مایست
کہ تجھے وہ کوئی چیز دیں شرارت سے نہ ٹھہر

[1] یعنی وہ مرتے وقت یہ کہہ رہا تھا۔
[2] نابالغ سے مراد خام کار انسان ہے۔
[3] یعنی دنیا والوں سے استغنا کی وجہ سے مالدار معلوم ہوتے ہیں لیکن اللہ کی طرف ہر وقت محتاج ہیں مال و دولت نہ ہونے کی وجہ سے گدا ہیں لیکن دل کے استغنا کی وجہ سے شاہ ہیں
[4] بھیک انسانوں کے گھر سے مانگی جاتی ہے۔ یہ خدا کا گھر ہے۔

۱۰

بپرسید ایں خانہ کیست پس
اس نے پوچھا آخر یہ کس کا گھر ہے

بگفتا خموش ایں چہ لفظِ خطاست
اس نے کہا چپ رہ یہ کیا غلط بات ہے

نگہ کرد قندیل و محراب دید
اس نے نگاہ کی قندیل اور محراب کو دیکھا

کہ حیف است ازینجا فراتر شدن
کہ اس جگہ سے آگے بڑھنا ظلم ہے

نرفتم بنومیدی از ہیچ کوئے
میں کسی کوچے سے ناامید ہو کر واپس نہیں ہوا

ہم آنجا کنم دستِ خواہش دراز
وہاں بھی بھیک کا ہاتھ پھیلاؤں گا

شنیدم کہ سالے مجاور نشست
میں نے سنا ہے کہ ایک سال مجاور بنا بیٹھا رہا

شبے پائے عمرش فرو شد بگل
ایک رات اس کی عمر کا پیر مٹی میں دھنس گیا

سحر برد شخصے چراغش بسر
صبح کو ایک شخص اس کے سر کے پاس چراغ لے گیا

ہمی گفت غلغل کناں از فرح
خوشی میں گنگناتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا

طلبگار باید صبور و حمول
طلبگار کو صابر[2] اور بُرد بار ہونا چاہیئے

چہ زرہا بخاکِ سیہ در کنند
کس قدر روپیہ سیاہ خاک میں ملاتا ہے

زر از بہر چیزے خریدن نکوست
سونا[3] کوئی چیز خریدنے کے لیے بہتر ہے

گر از دلبرے دل بہ تنگ آیدت
اگر کسی معشوق سے تیرا دل تنگ ہو جائے

ببر تلخ عیشی ز روئے ترش
بدمزاج کی وجہ سے کڑوی زندگی نہ گذار

ولے گر بخوبی ندارد نظیر
لیکن اگر وہ حسن میں اپنا ثانی نہیں رکھتا ہے

کہ بخشایشش نیست بر حالِ کس
کہ اس کی کسی کے حال پر عنایت نہیں ہے

خداوندِ خانہ خداوندِ ماست
گھر کا مالک ہمارا خدا ہے

بسوز از جگر نعرۂ برکشید
جگر سوزی سے ایک نعرہ مارا

دریغ است محروم ازیں در شدن
اس در سے محروم ہونا افسوسناک ہے

چرا از درِ حق روم زرد روئے
اللہ کے دروازے سے شرمندہ ہو کر کیسے جاؤں

کہ دانم نگردم تہی دست باز
اس لیے کہ میں جانتا ہوں ہاتھ خالی واپس نہ ہوگا

چو فریاد خواہاں برآورد دست
فریادیوں کی طرح ہاتھ اٹھائے رہا

طپیدن گرفت از ضعیفیش دل
کمزوری کی وجہ سے اس کے دل نے تڑپنا شروع کر دیا

رمق دید از و چوں چراغِ سحر
اس میں اس قدر رمق دیکھی جیسے صبح کا چراغ

و مَن دقّ بابَ الکریم انفتح
جس نے بھی سخی کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے وہ کھلا ہے

کہ نشنیدہ ام کیمیا گر ملول
اس لیے کہ میں نے کسی کیمیا گر کو ملول ہوتے نہیں سنا

کہ باشد کہ روزے مسے زر کند
کہ ہو سکتا ہے کسی دن تانبے کو سونا کر دے

نخواہی خریدن بہ از نازِ دوست
دوست کے ناز سے زیادہ بہتر تو کوئی چیز نہ خرید سکے گا

دگر غمگسارے بچنگ آیدت
تو کوئی دوسرا غمگسار تیرے ہاتھ آ جائے گا

باَبے دگر آتشش باز کش
اس کی آگ کو دوسرے پانی سے بجھا دے

باندک دل آزار ترکش بگیر
تو تھوڑی سی دل آزاری کی وجہ سے اس کو نہ چھوڑ

[1] خدا کے دربار سے محروم رہنا کسی طرح مناسب نہیں لہٰذا یہیں پڑاؤ ڈالوں گا۔

[2] جب دنیا کا طالب مایوس کبھی مایوس نہیں ہوتا تو خدا کے طالب کے لیے مایوسی حرام ہے۔

۱۰

[3] سونے چاندی کا مقصد اشیاء حاصل کرنا ہے تو خدا کی ذات سے بہتر اور کیا شے ہو سکتی ہے۔

توان از کسے دل بپرداختن — کہ دانی کہ بے او توان ساختن
اس شخص سے دل ہٹایا جاسکتا ہے — جس کے بارے میں تجھے معلوم ہو کہ اس کے بدون گزارا ہو سکتا ہو

حکایت در معنی آنکہ طالب صادق بجفا بر نگردد

قصہ اس بیان میں کہ سچا عاشق ظلم برداشت کر نیسے نہیں ہٹتا

شبے تا سحر صالحے زندہ داشت — سحر دستہائے دعا بر فراشت
ایک بزرگ نے تمام رات شب بیداری کی — صبح کو دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے

یکے ہاتف انداخت در گوشِ پیر — کہ بے حاصلی رو سرِ خویش گیر
بوڑھے کے کان میں ہاتف نے کہا — کہ تو بے مراد ہے جا اپنا راستہ پکڑ

بریں در دعائے تو مقبول نیست — بخواری برو یا بزاری بایست
اس دروازے پر تیری دعا مقبول نہیں ہے — ذلت سے نکل جا یا کھڑا روتا رہ

شبے دیگر از ذکر و طاعت نخفت — مریدے ز حالش خبر داشت گفت
دوسری رات کو ذکر اور عبادت کی وجہ سے نہ سویا — ایک مرید کو اس کے حال کا علم تھا اس نے کہا

چو دیدی کزاں روئے بستست در — بہ بے حاصلی سعیِ چندیں مبر
جب تجھے معلوم ہے کہ اس جانب سے تیرا دروازہ بند ہے — بے کار اتنی کوشش نہ کر

بدیباچہ بر اشکِ یاقوت فام[1] — بحسرت بباریدو گفت اے غلام
چہرہ پر یاقوت جیسے آنسو — حسرت سے اس نے بہائے اور کہا اے لڑکے!

مپندار اگر وے عناں بر شکست — کہ من باز دارم زِ فتراک دست
یہ نہ خیال کر کہ اگر اس نے باگ موڑ لی ہے — تو میں شکار خانہ سے ہاتھ اٹھالوں گا

بنومیدی آنگہ بگردیدمے — ازیں رہ کہ راہِ دگر دیدمے
ناامیدی سے میں اس وقت اس راستہ سے واپس ہوتا — جب کہ میں دوسرا راستہ دیکھتا

چو خواہندہ محروم گشت از درے — چہ غم گر شناسد درِ دیگرے
جب بھکاری کسی دروازے سے محروم ہو — اگر وہ دوسرے راستہ سے واقف ہے تو اس کو کیا غم ہے

شنیدم کہ راہم دریں کوئے نیست — ولے ہیچ راہے دگر روئے نیست
میں نے سن لیا ہے کہ اس کوچہ میں میرے لیے راستہ نہیں ہے — لیکن دوسری جانب بھی تو کوئی راستہ نہیں ہے

دریں بود سر بر زمین فدے — کہ گفتند در گوشِ جانش ندے
وہ اس حالت میں تھا کہ فدا کاری کی زمین پر سر تھا — کہ اس کے دل کے کان میں انھوں نے آواز دی

قبولست گرچہ ہنر نیستش — کہ جز ما پناہے دگر نیستش
اگرچہ اس کو لیاقت نہیں ہے لیکن قبول ہے — کیونکہ اس کے لیے ہمارے سوا کوئی پناہ نہیں ہے

حکایت

یکے در نشاپور[2] دانی چہ گفت — چو فرزندش از فرضِ خفتن بخفت
تجھے معلوم ہے کہ نیشاپور میں ایک شخص نے کیا کہا — جب اس کا لڑکا عشاء کی نماز بغیر پڑھے سو گیا

[1] یعنی وہ خونی آنسوؤں سے رویا

[2] نیشاپور خراسان کا ایک مشہور شہر ہے۔

توقع مدار اے پسر گر کسی
اے لڑکے اگر تو انسان ہے تو یہ توقع نہ رکھ
کہ بے سعی ہرگز بجائے رسی
کہ بدوں کوشش کے کسی مقام پر تو پہنچ جائے گا

سمیلان[1] چو برنگیرد قدم
جو کا سمیلان قائم نہیں رہتا ہے
وجودیست بے منفعت چوں عدم
عدم کی طرح کا بے منفعت وجود ہے

طمع دار سود و بترس از زیاں
فائدے کی امید رکھ اور نقصان سے ڈر
کہ بے بہرہ باشند فارغ زیاں[2]
اسلئے کہ نقصان سے اندیشہ نہ رکھنے والے بے نصیب ہیں

حکایت در صبر بر جفائے آنکہ از و صبر نتواں کرد

اس شخص کے ظلم پر صبر کرنے کا قصہ جس کے بغیر صبر نہیں آ سکتا

شکایت کند نوعروس جواں[3]
ایک نوجوان کی دلھن شکایت کرتی ہے
بہ پیرے ز داماد نامہرباں
بوڑھے سے ظالم داماد کی

کہ مپسند چندیں کہ با ایں پسر
کہ یہ بات گوارا نہ کر کیونکہ اس لڑکے کے ساتھ
بتلخی رود روزگارم بسر
اتنی کڑواہٹ سے میری زندگی گذرے

کسانیکہ با من دریں منزلند
وہ عورتیں جو میرے ساتھ اس مقام پر ہیں
نہ بینم کہ چوں من پریشاں دلند[4]
میں نہیں دیکھتی کہ وہ میری طرح پریشان دل ہیں

زن و مرد باہم چناں دوستند
بیوی اور شوہر آپس میں ایسے دوست ہیں
کہ گوئی دو مغز و یکے پوستند
کہ گویا دو گری اور ایک چھلکا ہیں

ندیدم دریں مدت از شوئے من
میں نے اس عرصہ میں اپنے شوہر سے یہ نہیں دیکھا
کہ بارے بخندید در روئے من
کہ وہ ایک مرتبہ بھی مجھے دیکھ کر مسکرایا ہو

شنید ایں سخن پیر فرخندہ فال
مبارک نصیب بوڑھے نے یہ بات سنی
سخنداں بود مرد دیرینہ سال
زیادہ عمر کا آدمی بات سمجھنے والا ہوتا ہے

جوابے چہ پیرانہ اش گفت خوش
کیا اچھے پیرایہ میں اس کو جواب دیا
کہ گر خوب روییست بارش بکش
کہ اگر وہ حسین ہے اس کا بوجھ برداشت کر

دریغست روی از کسے تافتن
ایسے شخص سے منہ موڑنا افسوسناک ہے
کہ دیگر نشاید چنو یافتن
جس کا مثل دوسرا نہ پایا جا سکے

چرا سرکشی زانکہ گر سر کشد
تو کیوں سرکشی کرتی ہے اس سے کہ اگر وہ سرکشی کرے
بحرف وجودت[5] قلم در کشد
تو تیرے وجود کے حرف پر قلم پھیر دے گا

رضا دہ بفرمان حق بندہ وار
اللہ کے حکم پر بندوں کی طرح راضی رہ
کہ چوں او نہ بینی خداوندگار
اس لئے کہ اس جیسا آقا تو نہ دیکھ سکے گی

حکایت

یکم روز بر بندۂ دل بسوخت
ایک دن ایک غلام پر میرا دل جل گیا
کہ میگفت و فرماندہش میفروخت
جو کہہ رہا تھا اور اس کا آقا اس کو بیچ رہا تھا

---

[1] سمیلان ایک قسم کی گھاس ہے جو کھیتی کٹنے کے بعد خود بخود اگ آتی ہے لیکن وہ بالکل بے کار چیز ہے۔ محنت کی کاشت پھل دیتی ہے۔

[2] بے فکر انسان کبھی کوئی ترقی نہیں کر سکتا ہے

[3] یعنی نوجوان دلہن نے اپنے باپ سے اپنے شوہر کی شکایت کی۔

[4] یعنی شوہروں والی اور عورتیں میری طرح پریشان نہیں ہیں۔

[5] یعنی تیری زندگی ختم ہو جائیگی ہو ناقا

ترا بندہ از من بہ افتد بسے — مرا چوں تو دیگر نیفتد کسے
تجھے مجھ سے بہتر بہت غلام مل جائیں گے — مجھے تجھ جیسا دوسرا نہ ملے گا

حکایت در معنیٰ اختیار درد بر درماں از قبل دوست
دوست کی جانب سے درد کو علاج پر ترجیح دینے کے بیان میں قصہ

طبیبے پری چہرہ در مرو بود — کہ در باغ دل قامتش سرو بود
مرو میں ایک طبیب تھا جس کا چہرہ پری جیسا تھا — کہ دل کے باغ میں جس کا قد سرو جیسا تھا

نہ از دردِ دلہائے ریشش خبر — نہ از چشم بیمار خویشش خبر
نہ اس کو زخمی دلوں کے درد کا علم تھا — نہ اپنی بیمار آنکھوں کی اس کو خبر تھی

حکایت کند دردمندے غریب — کہ خوش بود چندے سرم با طبیب
ایک پردیسی بیمار بیان کرتا ہے — کہ طبیب سے کچھ دن مجھے عشق رہا

نمی خواستم تندرستئ خویش — کہ دیگر نیاید طبیبم بہ پیش[1]
میں اپنا اچھا ہونا نہ چاہتا تھا — اس لئے کہ پھر طبیب میرے پاس نہ آئیگا

بسا عقلِ زور آور چیرہ دست — کہ سودائے عشقش کند زیر دست
بہت سی تیز، ہوشیار عقلیں ہیں — جن کو عشق کا جنون مغلوب کر لیتا ہے

چو سودا خرد را بمالید گوش — نیارد دگر سر بر آورد ہوش
جب عشق عقل کے کان کھینچتا ہے — تو پھر ہوش سر نہیں ابھارتا

حکایت در معنیٰ استیلائے عشق بر عقل
عشق کے عقل پر غلبہ کے بیان میں

یکے پنجۂ آہنیں راست کرد — کہ با شیر زور آوری خواست کرد
ایک شخص نے آہنی پنجے کو ٹھیک کیا — کیونکہ اس نے شیر کے ساتھ زور آزمائی ٹھانی

چو شیرش بسر پنجہ در خود کشید — دگر زور در پنجۂ خود ندید
جب اس کو شیر نے پنجہ سے اپنی طرف کھینچا — پھر اس نے اپنے پنجے میں زور نہ دیکھا

یکے گفتش آخر چہ خسپی چو زن — بہ پنجۂ آہنیش بزن
ایک شخص نے اس سے کہا عورت کی طرح کیا سو رہا ہے — اس کو آہنی پنجے سے مار

شنیدم کہ مسکیں در آں زیر گفت — نشاید بدیں پنجہ با شیر گفت
میں نے سنا ہے کہ بیچارہ نیچے پڑا ہوا کہہ رہا تھا — اس پنجے سے شیر کے ساتھ مار پیٹ نہیں ہو سکتی

چو بر عقلِ دانا شود عشق چیرہ[2] — ہماں پنجۂ آہنین است و شیر
جب عقلمند کی عقل پر عشق غالب آجاتا ہے — وہی آہنی پنجے اور شیر کا قصہ ہے

چو در پنجۂ شیر مرد اوژنی — چہ سودت کند پنجۂ آہنی
جب تو مرد افگن شیر کے پنجے میں ہے — تو تجھے آہنی پنجہ کیا فائدہ دیگا

چو عشق آمد از عقل دیگر مگوے — کہ در دستِ چوگاں اسیر است گوے
جب عشق ہو جائے پھر عقل کی بات نہ کر — اس لئے کہ گیند تو بلے کے ہاتھ میں قیدی ہے

[1] یعنی اگر میں اچھا ہو گیا تو طبیب کی آمد و رفت بند ہو جائیگی۔

[2] یعنی عشق اور عقل کی مثال آہنی پنجے اور شیر کی سی ہے عشق کے مقابلہ میں عقل کی کچھ نہیں چلتی ہے

حکایت در معنی عزت محبوب در نظر محب

قصہ عاشق کی نظروں میں معشوق کی عزت کے بیان میں

میان دو عم زادہ وصلت فتاد
دو چچا زادوں میں شادی ہو گئی

دو خورشید سیمائے مہتر نژاد
دونوں آفتاب جیسے چہرے والے شریف النسل تھے

یکے را بغایت خوش افتادہ بود
ایک کو انتہا درجہ کا عشق تھا

دگر نافر و سرکش افتادہ بود
دوسرا متنفر اور سرکش واقع ہوا تھا

یکے لطف و خلق پری وار داشت
ایک محبت اور پری جیسے اخلاق رکھتا تھا

یکے روی در روی دیوار داشت
دوسرا چہرہ دیوار کی طرف رکھتا تھا

یکے خویشتن را بیاراستے
ایک اپنے آپ کو سنوارتا بناتا

دگر مرگ خویش از خدا خواستے
دوسرا خدا سے اپنی موت کا خواہش مند تھا

پسر را نشاندند پیران دہ
گاؤں کے بوڑھوں نے لڑکے کو بٹھایا

کہ مہرش برو نیست مہرش بدہ
کہ جب تجھے اس سے محبت نہیں ہے تو اس کا مہر ادا کر دے

بخندید و گفتا بصد گوسفند
وہ ہنسا اور بولا سو بکریوں کے بدلے

تغابن نباشد رہائی ز بند
قید سے چھٹکارا ٹوٹے کی بات نہیں ہے

بناخن پری چہرہ میکند پوست
پری جیسے چہرہ والی ناخن سے کھال نوچتی تھی۔

کہ ہرگز بدیں کے شکیبم ز دوست
کہ میں کبھی بھی دوست کو چھوڑ کر اس پر صبر نہیں کر سکوں گی

وکند ترک مہر و وفا و وصول
وہ محبت اور وفاداری اور وصال کو ترک کرتا ہے

مرا زاں چہ گر رد کند یا قبول
مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں وہ انکار کرے یا قبول

بیا ہم چنیں زندگانی کنم
اسی طرح زندگی بسر کروں گی

جفا بینم و مہربانی کنم
ظلم سہوں گی اور مہربانی کرتی رہوں گی

نہ صد گوسفندم کہ سی صد ہزار
سو نہیں بلکہ تیس ہزار بکریاں بھی

نباید بنا دیدن روئے یار
دوست کا چہرہ نہ دیکھنے کے بدلے میں نہیں چاہئیں

ترا ہر چہ مشغول دارد ز دوست
دوست سے تجھے جو چیز بھی بے نیاز بنائے

گر انصاف پرسی دلآرامت اوست
اگر تو انصاف سے پوچھتا ہے تیرا معشوق تو وہ ہے

یکے پیش شوریدہ حالے نشست
ایک شخص نے خدا کے طالب کو لکھا

کہ دوزخ تمنا کنی یا بہشت
کہ تو دوزخ کی تمنا کرتا ہے یا بہشت کی

بگفتا مپرس از من ایں ماجرا
اس نے کہا مجھ سے یہ قصہ نہ پوچھ

پسندیدم آنچہ او پسندد مرا
میں وہی پسند کرتا ہوں جو وہ میرے لیے پسند کرتا ہے

حکایت مجنون و صدق محبت او با لیلیٰ

مجنوں اور لیلیٰ کے ساتھ اس کی سچی محبت کا قصہ

مجنوں کسے گفت کاے نیک پے
مجنوں سے کسی نے کہا اے نیک قدم

چہ بودت کہ دیگر نیائی بحے
تجھے کیا ہو گیا کہ اب تو قبیلہ میں نہیں آتا

---

۱ یعنی لڑکا اور لڑکی آپس میں چچازاد بھائی بہن تھے۔
۲ یعنی لڑکی لڑکے پر فریفتہ تھی۔
۳ یعنی لڑکا لڑکی سے متنفر تھا۔
۴ یعنی لڑکی کو محبت تھی۔ شوہر شب کو سوتے میں اپنا رخ دیوار کی طرف کر لیتا تھا بیوی کی طرف متوجہ نہ ہوتا تھا۔
۵ یعنی لڑکی
۶ یعنی شوہر اپنی زندگی سے بیزار ہو گیا تھا۔
۷ مہر سو بکریاں تھیں۔
۸ مہر کی ادائیگی کے ذکر پر بیوی نے منہ پیٹ لیا اور جدائی پر راضی نہ ہوئی
۹ یعنی وہ میرے ساتھ خواہ کچھ بھی سلوک کرے میں اس کی دلدار ہوں۔

مگر در سرت شورِ لیلیٰ نماند
شاید تیرے سر میں لیلیٰ کا سودا نہیں رہا

خیالت دگر گشت و میلے نماند
تیرا خیال بدل گیا ہے اور محبت نہیں رہی

چو بشنید بیچارہ بگریست زار
جب بیچارے نے سنا زار زار رونے لگا

کہ اے خواجہ دستم ز دامن بدار
کہ اے صاحب میرا پیچھا چھوڑ

مرا خود دلِ دردمند است خیز
جا میرا دل تو خود ہی دردمند ہے

تو نیزم نمک بر جراحت مریز
تو میرے زخم پر نمک نہ چھڑک

نہ دوری دلیلِ صبوری بود
دور رہنا صبر کی دلیل نہیں ہوتی ہے

کہ بسیار دوری ضروری بود
کیونکہ بسا اوقات دوری ضروری ہوتی ہے

بگفت اے وفادار فرخندہ خوے
اس نے کہا اے مبارک عادت والے وفادار

پیامیکہ داری بلیلیٰ بگوے
لیلیٰ کے لیے جو تیرا پیغام ہے کہنا

بگفتا مبر نامِ من پیش دوست
اس نے کہا دوست کے سامنے میرا نام بھی نہ لینا

کہ حیف است ذکرِ من آنجا کہ اوست
اس لیے کہ جہاں وہ ہو اس جگہ میرا ذکر بھی ظلم ہے

حکایت سلطان محمود و صدق محبتا و و سیرتِ ایاز

سلطان محمود اور اس کی سچی محبت اور ایاز کی سیرت کا قصہ

یکے خردہ بر شاہ غزنیں گرفت
غزنیں[2] کے بادشاہ کی ایک شخص نے عیب جوئی کی

کہ حسنے ندارد ایاز اے شگفت
کہ ہائے تعجب ایاز کوئی حسن بھی نہیں رکھتا

گلے را کہ نے رنگ باشد نہ بوے
جس[3] پھول میں نہ رنگ ہو نہ خوشبو

غریب است سودائے بلبل بروے
اس سے بلبل کا عشق عجیب ہے

بمحمود گفت ایں حکایت کسے
کسی نے یہ قصہ سلطان محمود سے کہدیا

بہ پیچید از اندیشہ بر خود بسے
اس نے فکر سے اپنے اوپر بہت پیچ و تاب کھایا

کہ عشقِ من اے خواجہ بر خوے اوست
اے صاحب مجھے اس کی عادت سے عشق ہے

نہ بر قد و بالائے نیکوئے اوست
نہ کہ اس کے قد اور خوبصورت قامت سے

شنیدم کہ در تنگنائے شتر
میں نے سنا ہے کہ اونٹ ایک تنگ جگہ میں

بیفتاد و بشکست صندوقِ دُر
گر پڑا اور موتیوں کا صندوق ٹوٹ گیا

بیغما ملک آستیں بر فشاند
بادشاہ نے لوٹ لینے کی اجازت دیدی

وز آنجا بتعجیل مرکب براند
اور وہاں سے جلدی سے سواری بڑھا دی

سواراں پئے دُرّ و مرجاں شدند
سوار موتی اور مونگے کے درپے ہو گئے

ز سلطاں بیغما پریشاں شدند
لوٹ مار میں بادشاہ سے جدا ہو گئے

نماند از وشاقانِ گردن فراز
بلند مرتبہ والے نوکروں میں سے نہ رہا

کسے در قفائے ملک جز ایاز
کوئی بھی بادشاہ کے پیچھے ایاز کے سوا

نگہ کرد کائے دلبرِ پیچ پیچ
اس نے دیکھا کہ اے خم دار زلف میں دل پھنسانے والے

ز یغما چہ آوردہ گفت ہیچ
لوٹ میں سے کیا لایا اس نے کہا کچھ بھی نہیں

---

[1] ایک مقام پر پہنچکر عاشق اپنے آپکو گم کر دیتا ہے. معشوق کے سامنے اس کا ذکر دوئی کی دلیل ہے۔

[2] کابل کے علاقہ میں غزنی ایک شہر کا نام ہے سلطان محمود وہاں کا بادشاہ تھا جو ایاز کے اخلاق پر عاشق تھا۔

[3] بے رنگ و بو کے پھول پر بلبل عاشق نہیں ہوتی محمود بدصورت ایاز پر کیوں عاشق ہے

[4] یعنی بڑے بڑے عہدہ دار بادشاہ سے غافل ہو کر لوٹ میں لگ گئے۔

من اندر قفائے تو می تاختم
میں تو آپ کے پیچھے دوڑتا رہا

گرت قربتے ہست در بارگاہ
اگر دربار میں تجھے تقرب حاصل ہے

خلاف طریقت بود کاولیا
طریقت کے خلاف ہوگا اگر اولیاء

گر از دوست چشمت بر احسان اوست
اگر تیری نگاہیں دوست کے احسان پر لگی ہیں

ترا تا دہن باشد از حرص باز
جب تک حرص سے تیرا منہ کھلا ہے

حقیقت سرائیست آراستہ
حقیقت ایک آراستہ محفل ہے

نہ بینی کہ جائے کہ برخاست گرد
تو نے نہیں دیکھا کہ جہاں گرد اڑتی ہے

ز خدمت بنعمت نپرداختم
خدمت گذاری کی وجہ سے میں نال میں نہ لگا

بخلعت مشو غافل از پادشاہ
شاہی پوشاک کی وجہ سے بادشاہ سے غافل نہ ہو

تمنا کنند از خدا جز خدا
خدا کے سوا خدا سے تمنا کریں گے

تو در بند خویشی نہ در بند دوست
تو اپنی فکر میں ہے نہ کہ دوست کی

نیاید بگوش دل از غیب راز
دل کے کان میں غیب سے راز نہیں آتا ہے

ہوا و ہوس گرد برخاستہ
خواہش اور ہوس اڑتی گرد ہے

نہ بیند نظر ور چہ بیناست مرد
نگاہ نہیں دیکھ سکتی خواہ انسان بینا ہی ہو

حکایت در معنی قدم درست مرداں

نیک مردوں کی راست روی کا قصہ

قضا را من و پیرے از فاریاب
اتفاقاً میں اور فاریاب[۲] کا ایک بوڑھا

مرا یک درم بود و برداشتند
میرے پاس ایک درہم تھا انھوں نے سوار کر لیا

سیاہاں براندند کشتی چو دود
ملاحوں نے کشتی کو دھوئیں کی طرح اڑا دیا

مرا گریہ آمد ز تیمار جفت
ساتھی کے غم پر مجھے رونا آگیا

مخور غم برائے من اے پر خرد
اے عقلمند مجھ پر غم نہ کر

بگسترد سجادہ بر روئے آب
پانی کی سطح پر اس نے مصلیٰ بچھایا

ز مدہوشیم دیدہ آں شب نخفت
مدہوشی میں میری اس رات آنکھ نہ لگی

عجب ماندی اے یار فرخندہ رای
اے مبارک خیال دوست تو تعجب میں پڑ گیا

رسیدیم در خاک مغرب باٰب
دریا کے کنارے مغرب کی سرزمین میں پہنچے

بکشتی و درویش نگذاشتند
کشتی میں اور درویش کو نہ بیٹھنے دیا

کہ آں ناخدا ناخدا ترس بود
اس لئے کہ وہ کشتی والا خدا سے نہیں ڈرتا تھا

براں گریہ قہقہہ بخندید و گفت
اس رونے پر وہ قہقہہ مار کر ہنسا اور بولا

مرا آں کس آرد کہ کشتی برد
مجھے وہی ذات لائے گی جو کشتی لے جا رہی ہے

خیالست پنداشتم یا بخواب
میں سمجھا میرا وہم ہے یا خواب ہے

نگہ بامداداں بمن کرد و گفت
صبح کو اس نے مجھے دیکھا اور کہا

ترا کشتی آورد و ما را خدائے
تجھے کشتی لائی اور مجھے خدا

۱ہ یعنی ہوا و ہوس کی گرد خدا کی ذات کو نگاہوں سے اوجھل کر دیتی ہے

۲ہ فاریاب ایک جگہ کا نام ہے

۳ہ میرے پاس کرایہ تھا کشتی میں مجھے سوار کر لیا بوڑھا خالی ہاتھ تھا اس کو سوار نہ کیا۔

۱۰

۴ہ یعنی پانی پر مصلیٰ بچھانے کو میں حقیقت نہ سمجھا بلکہ محض خواب و خیال سمجھا

مر اہلِ صورت بدیں نگروند
ترجمہ: میری اس بات کا اہل ظاہر یقین نہ کریں گے

نہ طفلے کز آتش ندارد خبر
کیا ایسا نہیں ہے کہ وہ بچہ جو آگ کو نہیں پہچانتا ہے

پس آنانکہ در وجد مستغرق اند
تو وہ لوگ جو کہ حال میں مستغرق ہیں

نگہ دارد از تاب آتش خلیل
آگ کی گرمی سے ابراہیم خلیل اللہ کی نگہداشت کرتا ہے

چو کودک بدست شناور برست
جب بچہ تیراک کے ہاتھ میں ہے

تو بر روئے دریا قدم چوں زنی
تو دریا کی سطح پر کیسے قدم دھر سکتا ہے

کہ ابدال در آب و آتش روند
کہ ابدال پانی اور آگ میں چلتے ہیں

نگہدار دش بادر مہرور
مہربان ماں اس کی نگہداشت کرتی ہے

چنیں داں کہ منظور عین الحق اند
یہ سمجھ کہ وہ اللہ کے منظور نظر ہیں

چو تابوت موسیٰ زغرقاب نیل
جیسا کہ حضرت موسیٰ کے صندوق کو نیل میں ڈوبنے سے

نترسد وگر دجلہ پہنا ورست
تو وہ نہیں ڈرتا اگرچہ دجلہ چھانٹ دار ہے

چو مرداں کہ بر خشک تردامنی
ابدال کی طرح جب کہ تو زمین پر فاسق ہے

گفتار اندر معنیٰ فنائے موجودات با کبریائے باری عزّ اسمہٗ

خدا کی کبریائی کے مقابلہ میں موجودات کے فنا کا قصہ

رہِ عقل جز پیچ بر پیچ نیست
عقل کا راستہ پیچ در پیچ ہونے کے سوا کچھ نہیں ہے

تواں گفتن ایں با حقائق شناس
حقیقت شناسوں سے یہ بات کہی جا سکتی ہے

کہ پس آسمان و زمیں چیستند
کہ پھر آسمان اور زمین کیا ہیں

پسندیدہ پرسیدی اے ہوشمند
اے ہوشمند تو نے اچھی بات پوچھی

کہ ہاموں و دریا و کوہ و فلک
کہ جنگل اور دریا اور پہاڑ اور آسمان

ق

ہمہ ہرچہ ہستند ازاں کمترند
جو کچھ بھی ہیں اس سے کمتر ہیں

عظیمست پیشِ تو دریا بموج
تیرے نزدیک موج کی وجہ سے دریا بڑی چیز ہے

ولے اہلِ صورت کجا پے برند
لیکن اہل ظاہر کہاں پتہ پا سکتے ہیں

کہ گر آفتاب ست یک ذرہ نیست
کہ اگر آفتاب ہے تو ایک ذرہ نہیں ہے

بر عارفاں جز خدا ہیچ نیست
عارفوں کے نزدیک خدا کے علاوہ کچھ نہیں ہے

ولے خردہ گیرند اہلِ قیاس
ہاں عقل والے اس پر عیب لگائیں گے

بنی آدم و دام و دد کیستند
انسان اور چرندے درندے کیا ہیں

بگویم گر آید جوابت پسند
میں تجھے جواب دیتا ہوں اگر پسند آجائے

پری و آدمی زاد و دیو و ملک
پری اور انسان اور دیو اور فرشتے

کہ باہستیش نام ہستی برند
کہ اس کے وجود کے سامنے وجود دکھلائیں

بلند است گردونِ گرداں باوج
بلندی کی وجہ سے گھومنے والا آسمان بلند ہے

کہ اربابِ معنیٰ بملکے درند
کہ اہل باطن ایک ایسے ملک میں ہیں

وگر ہفت دریاست یک قطرہ نیست
اگر سات دریا ہیں تو ایک قطرہ نہیں ہیں

۱؎ سعدی کہتے ہیں میں نے جو اس بزرگ کی کرامات بتائی ہے اس پر اہل ظاہر کو یقین نہ آئے گا۔

۲؎ ابدال اولیاء اللہ کا ایک گروہ ہوتا ہے

۳؎ چونکہ اولیاء اللہ حال میں ڈوبے رہتے ہیں اور خودی سے بالکل غافل ہوتے ہیں لہٰذا خدا ان کے وجود کی خود نگرانی فرماتا ہے۔

۴؎ کہ وہ انسان جو خشکی پر اللہ کی نافرمانی کرتا ہے سمندر میں خدا اس کی کیا حفاظت کریگا۔

۵؎ یعنی خواہ تیری عقل میں نہ آسکے لیکن عارف باللہ جانتے ہیں کہ اصل وجود وجود باری ہے۔

۶؎ یعنی جس قدر بھی مخلوق خدا ہے۔

۷؎ اہل ظاہر چونکہ مشاہدہ حق سے محروم ہیں لہٰذا ان کی نگاہ میں کائنات کی عظمت ہے لیکن جو ہر وقت ذات و صفات کا مشاہدہ کرتے ہیں یہ کل کائنات ان کی نگاہ میں ہیچ ہے

چو سلطان عزت علم بر کشد — جہاں سر بجیب عدم در کشد

عزت کا بادشاہ جب جھنڈا بلند کر دیتا ہے — تو دنیا عدم کے گریبان میں سر ڈال دیتی ہے

حکایت دہقاں در لشکر سلطاں

دیہاتی کا شاہی لشکر میں آنے کا قصہ

رئیس دہے با پسر در رہے — گذشتند بر قلب شاہنشہے

گاؤں کا چودھری مع اپنے لڑکے کے ایک راستے میں — ایک بادشاہ کے لشکر پر سے گذرے

پسر چاؤشاں دید و تیغ و تبر — قبا ہائے اطلس کمر ہائے زر

لڑکے نے نقیب اور تلوار اور تبر دیکھے — اطلس کی قبائیں پہنے زریں پیٹیاں لگائے

یلانِ کماں دارِ نخچیر زن — غلامانِ ترکش کشِ تیر زن

تیر کمان والے شکاری پہلوان دیکھے — ترکش اٹھانے والے، تیر انداز غلام دیکھے

یکے در برش پرنیانی قباہ — یکے بر سرش خسروانی کلاہ

کسی[1] کے بدن پر پرنیاں کی قبا — کسی کے سر پر شاہی ٹوپی

پسر کاں ہمہ شوکت و پایہ دید — پدر را بغایت فرو مایہ دید

جس لڑکے[2] نے یہ تمام شوکت اور دبدبہ دیکھا — باپ کو انتہائی کم درجہ دیکھا

کہ حالش بگردید و رنگش بریخت — ز ہیبت بہ بیغولہ در گریخت

کہ اس کی حالت بگڑ گئی اور اس کا رنگ اڑ گیا — خوف سے ایک طرف کو بھاگا

پسر گفتش آخر بزرگِ دہی — بسرداری از سر بزرگاں مہی

لڑکے نے اس سے کہا آخر تو گاؤں کا سردار ہے — سرداری میں بڑے سرداروں سے بڑا ہے

چہ بودت کہ بر بیدی از جاں امید — بلرزیدی از پادشاہے چو بید

تجھے کیا ہوا کہ جان سے ناامید ہو گیا — بادشاہ سے بید کی طرح لرزنے لگا

بلے گفت سالار و فرماں دہم — ولے عزتم ہست تا در دہم

اس نے کہا ہاں میں سردار اور حاکم ہوں — لیکن میری اسی وقت تک عزت ہے جب تک گاؤں میں ہوں

بزرگاں ازاں وحشت آلودہ اند — کہ در بارگاہِ ملک بودہ اند

بڑے لوگ اسی وجہ سے دہشت زدہ ہو جاتے ہیں — کیونکہ وہ بادشاہ کے دربار میں رہ چکے ہیں

تو اے بے خبر ہمچناں در دہی — کہ بر خویشتن منصبے می نہی

اے بے خبر تو تو گاؤں ہی میں ہے — کہ اپنے لیے کوئی مرتبہ سمجھ رہا ہے

نگفتند حرفے زباں آوراں — کہ سعدی نگوید مثالے براں

شاعروں نے کوئی بات نہیں کہی — کہ سعدی نے اس پر کوئی مثال نہ کہدی ہو

حکایت کرم شب تاب

جگنو کا قصہ

مگر دیدہ باشی کہ در باغ و راغ — بتابد بشب کرمکے چوں چراغ

شاید تونے باغ اور سبزہ زار میں دیکھا ہوگا — رات میں ایک کیڑا چراغ کی طرح چمکتا ہے

[1] یعنی جب وجود حقیقی ظہور اختیار کرلے تو ممکنات بے حقیقت ہیں۔

[2] یعنی کوئی نقیب پرنیاں کی قبا پہنے تھا، کوئی نقیب شاہی ٹوپی اوڑھے تھا۔

[3] یعنی لڑکے نے شاہی لشکر کی شان و شوکت دیکھی ادھر دیکھا کہ باوا رعب کی وجہ سے زبوں حال ہے۔

[4] یعنی ہر بڑے کے سامنے چھوٹا بے حقیقت ہے تو جن لوگوں کو مشاہدۂ حق ہے ان کی نگاہ میں ممکنات لاشئی محض ہیں۔

یکے گفتش اے مرغک شب فروز
کسی نے اس سے کہا اے رات کو روشن کرنے والے کیڑے
چہ بودت کہ بیروں نیائی بروز
تجھے کیا ہوا ہے کہ دن میں نہیں نکلتا ہے

ببیں کا تشیں کرمک خاک زاد
دیکھ خاک سے پیدا شدہ آگ جیسے کیڑے نے
جواب از سر روشنائی چہ داد
روشن دلی سے کیا جواب دیا

کہ من روز و شب جز بصحرا نیم
کہ میں تو دن رات جنگل ہی میں ہوں
ولے پیش خورشید پیدا نیم
لیکن[1] آفتاب کے ہوتے ہوئے نظر نہیں آتا ہوں

حکایت دانشمند با اتابک سعد بن زنگی غفر اللہ لہٗ

ایک عقلمند کا اتابک بن زنگی کے ساتھ قصہ

ثنا گفت بر سعد زنگی کسے
کسی شخص نے سعد بن زنگی کی تعریف کی
کہ بر تربتش باد رحمت بسے
خدا کرے اس کی قبر پر بہت رحمت نازل ہو

درم داد و تشریف و بنواختش
اس کو مال اور پوشاک دی اور اس کو نوازا
بمقدار خود منزلت ساختش
اپنی حیثیت کے اعتبار سے اس کی منزلت کی

چو اللہ و بس دید بر نقش زر
جب[2] اس نے زری کی کڑھائی میں اللہ و بس دیکھا
بشورید و برکند خلعت ز بر
دیوانہ ہوگیا اور بدن سے پوشاک اتار ڈالی

ز سوزش چناں شعلہ در جاں گرفت
دیوانگی سے اس کے بدن میں ایسی آگ لگی
کہ برجست و راہ بیاباں گرفت
کہ اچھلا اور جنگل کا راستہ لیا

یکے گفتش از ہمنشینان دشت
جنگل کے ساتھیوں میں سے ایک نے اس سے کہا
چہ دیدی کہ حالت دگرگونہ گشت
تو نے کیا دیکھا کہ حالت دگرگوں ہوگئی

تو اول زمیں بوسہ دادی سہ جائے
تو نے[3] شروع میں زمین کو تین جگہ بوسہ دیا
نبایستی آخر زدن پشت پائے
آخر میں لات مارنا مناسب نہ تھا

بخندید کاول ز بیم و امید
وہ ہنسا کہ شروع میں تو خوف اور امید سے
ہمی لرزہ بر تن فتادم چو بید
میرے بدن پر بید کی طرح لرزہ پڑا[4]

باخر ز تمکین اللہ و بس
آخر میں اللہ و بس[5] کے دبدبے سے
نہ چیزم بچشم اندر آمد نہ کس
میری نگاہ میں نہ کوئی چیز آئی نہ کوئی انسان

حکایت مرد حق شناس

حق کو پہچاننے والے کا قصہ

بشہرے در از شام غوغا فتاد
شام کے علاقے کے ایک شہر میں شور ہوا
گرفتند پیرے مبارک نہاد
لوگوں نے ایک مبارک طبیعت انسان کو گرفتار کرلیا

ہنوز آں حدیثم بگوش اندر ست
وہ بات اب تک میرے کان میں گونج رہی ہے
چو قیدش نہادند بر پا و دست
جب اس کے ہاتھ اور پیر میں بیڑی پہنائی

ق

کہ گفت ار نہ سلطاں اشارت کند
کہ اس[6] نے کہا اگر بادشاہ اشارہ نہ کرے
کرا زہرہ باشد کہ غارت کند
کس کا پتہ ہے کہ لوٹے

---

[1] ہر بڑی حقیقت کے مقابلہ میں چھوٹی چیز کالعدم ہے اسی طرح وجود باری کے سامنے کائنات لاشی محض ہیں۔
[2] جو پوشاک دی تھی اس پر زری سے اللہ و بس یعنی صرف اللہ ہی کڑھا ہوا تھا۔
[3] یعنی جب دربار میں پہنچا تو مال دولت کی خاطر بادشاہ کے دربار کی زمین کو تین جگہ بوسہ دیا آخر میں سب پر لات مار کر جنگل نکلا
[4] یعنی اس جرم میں جس کا شور ہوا تھا۔
[5] یعنی حوادث سب خدا کی مشیت سے ہیں۔

بباید چنیں دشمنے دوست داشت — کہ میدانمش دوست بر من گماشت
ایسے دشمن کو دوست سمجھنا چاہیے — جس کے بارے میں مجھے معلوم ہو کہ دوست نے مسلط کیا ہے

اگر عز و جاہست وگر ذل و قید — من از حق شناسم نہ از عمرو زید
خواہ عزت اور مرتبہ ہو، خواہ ذلت اور قید ہو — میں اللہ ہی کی جانب سے سمجھتا ہوں نہ کہ عمرو اور زید کی جانب سے

ز علت مدارائے خردمند بیم — چو داروئے تلخت فرستد حکیم
اے عقلمند بیماری سے نہ ڈر — اگر طبیب تجھے کڑوی دوا بھیجے

بخور ہرچہ آید ز دست حبیب — نہ بیمار دانا تراست از طبیب
جو دوست کے ہاتھ سے آئے وہ کھالے — اس لیے کہ بیمار طبیب سے زیادہ عقلمند نہیں ہے

حکایت صاحب نظر پارسا

نیک عارف کا قصہ

یکے را چو من دل بدست کسے — گرو بود و میبرد خواری بسے
میری طرح ایک شخص کا دل ایک کے ہاتھ — گروی تھا اور بہت ذلت برداشت کرتا تھا

پس از ہوشمندی و فرزانگی — بدف بر زدندش ز دیوانگی
ہوشمندی اور عقلمندی کے بعد — اس کی دیوانگی کے ڈھول پٹوا دیے

قفا خوردے از دست یاران خویش — چو مسمار پیشانی آوردہ پیش
اپنے دوستوں سے طمانچے کھاتا — کیل کی طرح آگے کو پیشانی لگائے ہوئے

خیالش چناں بر سر آشوب کرد — کہ بام دماغش لگدکوب کرد
اس کا خیال اس کے سر پر اس طرح مسلط ہو گیا — کہ اس کے دماغ کی اٹاری کو پامال کر دیا

ز دشمن جفا بردے از بہر دوست — کہ تریاک اکبر بود زہر دوست
دوست کی خاطر دشمن کا ظلم سہتا — اس لیے کہ دوست کا زہر بڑا تریاک ہوتا ہے

نبودش ز تشنیع یاراں خبر — کہ غرقہ ندارد ز باراں خبر
دوستوں کے طعن و تشنیع کی اس کو خبر نہ تھی — اس لیے کہ ڈوبا ہوا بارش سے بے خبر ہوتا ہے

کرا پائے خاطر برآید بسنگ — نیندیشد از شیشۂ نام و ننگ
جس کی طبیعت کا پاؤں پتھر پر پڑ جائے — وہ نام و ننگ کے شیشے کی فکر نہیں کرتا ہے

شبے دیو خود را پری چہرہ ساخت — در آغوش آں مرد و بروے بتاخت
ایک دن شیطان نے اپنے آپ کو پری چہرہ بنایا — اس مرد کی بغل میں اور اس پر ڈاکہ ڈالا

سحرگہ مجال نمازش نبود — ز یاراں کس آگہ ز رازش نبود
صبح کو اس کو نماز کی گنجائش نہ رہی — اس کے راز پردہ دوستوں میں سے کوئی آگاہ نہ تھا

بآبے فرو رفت نزدیک بام — برو بستہ سرما درے از رخام
صبح کے وقت وہ پانی میں اتر گیا — جس کا دروازہ موسم سرمانے سنگ مرمر سے بند کر دیا تھا

نصیحت گرے لومش آغاز کرد — کہ خود را بکشتی دریں آب سرد
ایک نصیحت کرنے والے نے اس کو ملامت شروع کر دی — کہ تونے اس ٹھنڈے پانی میں اپنے آپ کو مار ڈالا

۱ یہ رضا بالقضا کا مقام ہے۔
۲ حضرت حق تعالیٰ آلام میں مبتلا کرکے نیک بندوں کی اصلاح فرماتے ہیں اور مصیبتوں کو گناہوں کا کفارہ بناتے ہیں
۳ پہلے اس کو سب عقلمند کہتے تھے عشق کے بعد اس کو دیوانہ مشہور کر دیا
۴ معشوق کے تصور نے اس کی سب بلند خیالیاں ختم کر دیں وہ ہر ذلت برداشت کرتا۔
۵ یعنی اس کو بدخوابی میں نہانے کی حاجت ہو گئی۔
۶ یعنی وہ پانی یخ بستہ تھا۔

زبرنائے منصف برآمد خروش
منصف نوجوان کو جوش آگیا
کہ زنہار ازیں حرفِ منکر خموش
کہ خبردار اس بری بات سے چپ رہ

مرا پنج روز ایں پسر دل فریفت
کچھ دنوں سے اس لڑکے پر میرا دل فریفتہ ہے
زمہرش چنانم کہ نتواں شکیفت
اس کی محبت میں ایسا ہوگیا کہ صبر نہیں کر سکتا

نپسید بارے بخلق خوشم
اس نے ایک بار بھی خوش خلقی سے میری مزاج پرسی نہیں کی
نگر تا چہ بارش بجاں می کشم
دیکھ اس کا کس قدر بار دل سے برداشت کر رہا ہوں

پس آنرا کہ شخصم زخاک آفرید
تو وہ ذات کہ جس نے مجھے خاک سے پیدا کیا
بقدرت درو جانِ پاک آفرید
قدرت سے اس نے اس میں پاک جان ڈالی

عجب داری ار بارِ امرش برم
اگر میں اس کے حکم کا بوجھ برداشت کرتا ہوں تو تجھے تعجب ہوتا ہے
کہ دائم باحسان و فضلش درم
جب کہ میں ہمیشہ اس کے فضل اور احسان میں ہوں

گفتار اندر سماعِ اہلِ دل و تقریرِ حق و باطل آں

اہلِ دل کے گانا سننے اور اس کے حق و باطل ہونے کی گفتگو

اگر مردِ عشقی کمِ خویش گیر
اگر تو عشق کا مرد ہے تو اپنے آپکو گم کر دے
دگرنہ رہِ عافیت پیش گیر
ورنہ آرام کا راستہ اختیار کر!

مترس از محبت کہ خاکت کند
محبت سے نہ ڈر کہ وہ تجھے خاک کر دے گی
کہ باقی شوی گر ہلاکت کند[2]
بلکہ تو باقی رہے گا اگر وہ تجھے ہلاک کر دیگی

نروید نبات از حبوب درست
صاف دانوں سے سبزہ نہیں اُگتا ہے
مگر خاک بر روے بگردد نخست
بلکہ ان پر پہلے خاک پھرتی ہے

ترا باحق آں آشنائی دہد
تجھے حق سے وہی چیز متعارف کرائے گی
کہ از دستِ خویشت رہائی دہد
جو تیرے ہاتھ سے تجھے چھٹکارا دلائے گی

کہ تا باخودی در خودت راہ نیست
اس لیے کہ جب تک تو خودی میں ہو تجھے اپنے اندر کا راستہ نہ ملیگا
وزیں نکتہ جز بیخود آگاہ نیست
اور اس نکتہ سے سوائے بے خودوں کے کوئی واقف نہیں ہے

نہ مطرب کہ آوازِ پائے ستور
گویے کی آواز ہی نہیں بلکہ چوپائے کے پیر کی آواز
سماعست اگر عشق داری و شور
گانا ہے اگر تو عشق اور مستی رکھتا ہے

مگس پیشِ شوریدہ دل پر نزد
کسی عاشق مزاج کے سامنے مکھی نے پر نہیں پھڑپھڑائے
کہ او چوں مگس دست بر سر نزد
کہ اس نے مکھی کی طرح دو ہتھڑ سر پر نہ مارے ہو

نہ بم داند آشفتہ ساماں نہ زیر
عاشق مزاج زیر و بم نہیں جانتا
باوازِ مرغے بنالد فقیر
بلکہ فقیر پرند کی آواز پر رو دیتا ہے

سراینده خود می نگردد خموش
گانے والا خود کسی وقت بھی خاموش نہیں ہے
ولیکن نہ ہر وقت باز است گوش
لیکن ہر وقت کان کھلے ہوئے نہیں ہیں

چو شوریدگاں مے پرستی کنند
جب عاشق مے پرستی کرنے لگتے ہیں۔
بر آوازِ دولاب مستی کنند
رہٹ کی آواز پر جھومنے لگتے ہیں

---

۱ یعنی انسان جب عشق مجازی میں سب کچھ برداشت کرتا ہے تو عشق حقیقی میں اس کو بدرجہ اولیٰ برداشت کرنا چاہیے
۲ ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق۔
۳ یعنی وہی کیفیت جو تیری خودی کو فنا کر دیگی تجھے وصل حق بنا دے گی۔
۴ یعنی صاحب دل کو مکھی کی بھنبھناہٹ پر بھی وجد آجاتا ہے۔
۵ زیر و بم دو پردوں کا نام ہے جن سے آواز ہلکی بھاری ہوتی ہے۔

برقص اندر آیند دولاب وار
رہٹ کی طرح رقص میں آجاتے ہیں

چو دولاب بر خود بگریند زار
رہٹ کی طرح اپنے اوپر زار زار رونے لگتے ہیں

بہ تسلیم سر در گریبان برند
خدا کو سونپنے کے لیے گریبان میں سر ڈال دیتے ہیں

چو طاقت نماند گریبان درند
جب طاقت نہیں رہتی تو گریبان پھاڑ ڈالتے ہیں

بگویم سماع اے برادر کہ چیست
بھائی میں بتاؤں کہ سماع کیا چیز ہے

مگر مستمع را بدانم کہ کیست
مگر میں سننے والے کو جان لوں کہ وہ کون ہے

گر از برج معنی بود طیر او[1]
اگر اس کا طائر روح حقیقت کے برج کا ہے

فرشتہ فرو ماند از سیر او
تو اس کی رفتار سے فرشتہ بھی عاجز ہے

وگر مرد لہوست و بازی و لاغ
اور اگر کھیل و کود اور تفریح کا بندہ ہے

قوی تر شود لہوش اندر دماغ
تو کھیل ہی اس کے دماغ میں اور قوی ہوگا

چہ مرد سماعست شہوت پرست
شہوت پرست کیا مرد سماع ہے؟

بآواز خوش خفتہ خیزد نہ مست
اچھی آواز سے سویا ہوا بیدار ہوتا ہے نہ کہ مدہوش

پریشاں شود گل بباد سحر
صبح کی نسیم سے پھول پریشان ہوتا ہے

نہ ہیزم کہ نشگافدش جز تبر
نہ کہ سوختہ جس کو کلہاڑا ہی پھاڑے گا۔

جہاں پر سماعست و مستی و شور[2]
سماع اور مستی اور شور سے جہان بھرا پڑا ہے

ولیکن چہ بیند در آئینہ کور
لیکن اندھا آئینہ میں کیا دیکھ سکتا ہے؟

مکن عیب درویش حیران و مست
حیران اور مست درویش کی عیب جوئی نہ کر!

کہ غرقست ازاں می زند پا و دست[3]
اس لیے کہ وہ تو ڈوبا ہوا ہے اسی وجہ سے ہاتھ پیر مارتا ہے

نہ بینی شتر بر حدائے عرب[4]
تو نے نہیں دیکھا کہ اونٹ عرب کی حدی پر

کہ چونش برقص اندر آرد طرب
اس کو مستی کس طرح رقص میں لے آتی ہے

شتر را چو شور طرب در سرست
جب مستی کا شور اونٹ کے سر میں بھی ہے

اگر آدمی را نباشد خرست
اگر آدمی میں نہ ہو تو وہ گدھا ہے

حکایت

شکر لب جوانے نے آموختے
ایک شیریں لب نوجوان بانسری بجانا سیکھتا

کہ دلہا در آتش چو نے سوختے[5]
جو نرکل کی طرح دلوں کو آگ میں جلاتا

پدر بارہا بانگ بروے زدے
غصے سے باپ بارہا اس پر چیختا

بہ تندی و آتش دراں نے زدے
غصے سے اور اس بانسری کو آگ میں جلادیتا

شبے بر ادائے پسر گوش کرد
ایک رات لڑکے کی ادائیگی کو سنا

سماعش پریشان و مدہوش کرد
سماع نے اس کو پریشان اور مدہوش کر دیا

ہمی گفت و بر چہرہ افگندہ خوے
چہرے پر پسینہ لائے ہوئے یہ کہہ رہا تھا

کہ آتش بمن زد دریں بار نے
کہ اس بار تو بانسری نے مجھ میں آگ لگادی

---

۱ یعنی اگر اس کی روح طائر لاہوتی ہے۔

۲ کائنات کا ہر ذرہ سماع کی کیفیت پیدا کر سکتا ہے لیکن طبیعت میں صلاحیت شرط ہے۔

۳ چونکہ وہ بحر محبت میں غرق ہوتا ہے اس لیے وجد کی حالت میں ہاتھ پیر مارتا ہے۔



۴ حدی وہ اشعار کہلاتے ہیں جن کو سن لینے سے اونٹ مست ہو کر چلتا ہے۔

۵ اس کی آواز سے عشق کی آگ بھڑک اٹھتی تھی۔

ندانی کہ شوریدہ حالان مست
تجھے معلوم نہیں کہ شوریدہ حال مست

چرا بر فشانند در رقص دست
رقص میں ہاتھ کیوں پھینکتے ہیں

گشاید درے بر دل از واردات
واردات کا دل پر دروازہ کھل جاتا ہے

فشانند سر دست بر کائنات
کائنات سے اپنا ہاتھ جھاڑتا ہے

حلالش بود رقص بر یاد دوست
دوست کی یاد پر اس کو رقص جائز ہے

کہ ہر آستینیش جانے در وست
جس کی ہر آستین میں ایک حقیقت ہو

گرفتم کہ خود چابکی در شنا
میں نے مانا کہ تیرنے میں خود ہوشیار ہو

برہنہ توانی زدن دست و پا
لیکن ننگا ہو کر ہی ہاتھ پیر مار سکتا ہے

بکن خرقۂ نام و ناموس و زرق
نام اور عزت اور مکر کا لباس اتار پھینک

کہ عاجز بود مرد با جامۂ غرق
اس لیے جو کپڑوں میں ڈوبا ہو وہ عاجز ہوتا ہے

تعلق حجابست و بے حاصلی
تعلق ایک پردہ ہے اور تو بے نتیجہ ہے

چو پیوندہا بگسلی واصلی
جب تو تعلق منقطع کرے گا واصل بحق ہے

حکایت

کسے گفت پروانہ را کاے حقیر
کسی نے پروانے سے کہا اے حقیر

برو دوستے در خور خود بگیر
جا اپنے مناسب کوئی دوست بنا

رہے رو کہ بینی طریق رجا
ایسا راستہ چل جس میں تجھے امید کی راہ نظر آئے

تو و مہر شمع از کجا تا کجا
تو اور شمع کی محبت، کہاں وہ کہاں تو

سمندر نۂ گرد آتش مگرد
تو سمندر نہیں ہے آگ کے چکر نہ لگا

کہ مردانگی باید آنگہ نبرد
اس لیے کہ بہادری چاہیے پھر لڑائی

ز خورشید پنہاں شود موش کور
چھچھوندر سورج سے چھپتی ہے

کہ جہلست با آہنیں پنجہ زور
اس لیے کہ آہنی پنجہ سے زور کرنا نادانی ہے

کسے را کہ دانی کہ خصم تو اوست
جس کے بارے میں تجھے علم ہے کہ وہ تیرا دشمن ہے

نہ از عقل باشد گرفتن بدوست
اس کو دوست بنانا عقل کی بات نہیں ہے

ترا کس نگوید نکو می کنی
تجھے کوئی نہیں کہتا کہ تو اچھا کرتا ہے

کہ جاں در سر و کار او می کنی
کہ اس کی خاطر جان قربان کرتا ہے

گدائے کہ از پادشہ خواست دخت
جس فقیر نے بادشاہ سے لڑکی چاہی

قفا خورد و سودائے بیہودہ پخت
اس نے طمانچہ کھایا اور بیہودہ خیال پکایا

کجا در حساب آورد چوں تو دوست
تجھ جیسے دوست کو وہ کس گنتی میں لائے گی

کہ روئے ملوک و سلاطین در وست
جبکہ ملوک اور سلاطین کا رخ اس طرف ہے

مپندار کو در چناں مجلسے
یہ نہ سمجھ کہ وہ اس جیسی مجلس میں

مدارا کند با چو تو مفلسے
تجھ جیسے مفلس کی خاطر تواضع کرے گی

۱؎ جب عالم لاہوت کے راز منکشف ہونے لگتو ہیں تو کائنات سے دست فشانی کرتا ہے

۲؎ جو راز ہائے حقیقت سے واقف ہو اس کو رقص جائز ہوگا

۳؎ یہ تک مخفی کہ جب تک ننگا نہ ہوگا حقیقت میں شناوری نہ کر سکے گا

۴؎ یعنی ماسوی اللہ سے تعلق۔

۵؎ سمندر آگ کے چوہے کو کہتے ہیں مشہور ہے کہ جب آگ مسلسل ایک ہزار سال تک روشن رہتی ہے تو اس میں ایک چوہا پیدا ہوتا ہے جس کو سمندر کہتے ہیں ۔ آگ میں رہتا ہے

۶؎ چونکہ اس کی آنکھیں آفتاب کا مقابلہ نہیں کر سکتی ہیں لہذا وہ منہ چھپا لیتی ہے

۷؎ شمع تیری دشمن ہے تجھے جلا کر خاک کر دیتی ہے۔

۸؎ اگر کوئی فقیر شہزادی سے نکاح کا پیغام دیگا تو اس کی لامحالہ پٹائی ہوگی

۹؎ شمع خانہ شاہی کی چیز ہے وہ تجھے کیا نگاہ میں لائے گی۔

وگر با ہمہ خلق نرمی کند
اگر وہ ساری دنیا کے ساتھ نرمی کرے گی

تو بے چارۂ بر تو گرمی کند
تو مفلس ہے تجھ پر گرمی کرے گی

نگہ کن کہ پروانۂ سوزناک
دیکھ! دردناک پروانے نے

چہ گفت اے عجب گر بسوزم چہ باک
کیا کہا ہائے تعجب اگر میں جلتا ہوں تو کیا پرواہ ہے

مرا چوں خلیل آتشے در دلست
خلیل اللہ کی طرح میرے دل میں ایک آگ ہے

کہ پنداری ایں شعلہ بر من گلست
گویا کہ یہ آگ میرے لیے پھول ہے

نہ دل دامنِ دلستاں میکشد
میرا دل معشوق کا دامن نہیں کھینچتا ہے

کہ مہرش گریبان جاں می کشد
بلکہ اس کی محبت جان کا گریبان کھینچتی ہے

نہ خود را بر آتش بخود میزنم
میں اپنے آپ کو خود آگ پر نہیں ڈالتا ہوں

کہ زنجیر شوق است در گردنم
بلکہ عشق کی زنجیر میری گردن میں ہے

مرا ہمچناں دور بودم کہ سوخت
میں اسی طرح دور تھا کہ اس نے مجھے پھونک دیا تھا

نہ ایں دم کہ آتش بمن در فروخت
اس وقت نہیں جب اس نے مجھ میں آگ لگائی ہے

نہ آں میکند یار در شاہدی
معشوقانہ انداز میں یار وہ کچھ نہیں کرتا

کہ با او تواں گفتن از زاہدی
جو پاکدامنی کی وجہ سے اس سے بتایا بھی جا سکے

سندباد حکیم ازرقی کی مشہور کتاب ہے جس میں نصیحت آمیز قصے ہیں

کہ عیبم کند بر تولائے دوست
دوست کی دوستی میں مجھ پر کون عیب لگا سکتا ہے

کہ من راضیم کشتہ در پائے دوست
جبکہ میں دوست کے قدموں پر مرنے کے لیے راضی ہوں

مرا بر تلف حرص دانی چراست
تجھے معلوم ہے کہ مجھے مرنے کی کیوں حرص ہے

چو او ہست اگر من نباشم رواست
جب وہ ہے اگر میں نہ ہوں تو جائز ہے

بسوزم کہ یار پسندیدہ اوست
میں اس لیے جلتا ہوں کہ بہترین عاشق وہ ہے

کہ در وے سرایت کند سوزِ دوست
جس میں دوست کا سوز سرایت کر جائے

مرا چند گوئی کہ در خورد خویش
مجھے یہ کب تک کہے گا کہ اپنے مناسب

حریفے بدست آر ہمدرد خویش
اپنا ہمدرد کوئی دوست بنا

بداں ماند اندرز شوریدہ حال
پریشان حال کو نصیحت کرنا ایسا ہے

کہ گوئی بکژدم گزیدہ منال
جیسا کہ تو بچھو کے ڈسے ہوئے کو کہے کہ نہ رو

کسے را نصیحت مگو اے شگفت
ہائے تعجب! ایسے شخص کو نصیحت نہ کر

کہ دانی کہ در وے نخواہد گرفت
جس کے بارے میں تجھے معلوم ہو کہ اس میں اثر نہ کرے گی

زکف رفتہ بے چارہ را لگام
ہاتھ سے لگام چھوٹے ہوئے بے چارے کو

نگویند کاہستہ راں اے غلام
نہیں کہتے ہیں کہ اے لڑکے! آہستہ چلا

چہ نغز آمد ایں نکتہ در سندباد
سندباد میں یہ نکتہ کیسا اچھا ہے

کہ عشق آتش است اے پسر پند باد
کہ اے صاحب زادے عشق آگ اور نصیحت ہوا ہے

بباد آتش تیز برتر شود
تیز ہوا سے آگ اور بھڑکتی ہے

پلنگ از زدن کینہ ور تر شود
مارنے سے چیتا اور کینہ ور ہو جاتا ہے

چو نیکت بدیدم بدی می کنی
جب میں نے اچھی طرح غور کیا تو تو برائی کر رہا ہے
که رویم فرا چوں خودی می کنی
که میرا رخ خودی کی طرف موڑ رہا ہے

ز خود بہتری جوئے و فرصت شمار
خودی سے ہٹ کر بہتری تلاش کر اور غنیمت جان
که با چوں خودی گم کنی روزگار
اس لیے کہ خودی کے ہوتے ہوئے تو عمر برباد کر رہا ہے

پئے چوں خوداں خود پرستاں روند
خود پرست لوگ اپنے جیسوں کے پیچھے چلتے ہیں
بکوئے خطرناک مستاں روند
بےخود لوگ خطرناک کوچہ میں جاتے ہیں

من اول که ایں کار سر داشتم
میں نے جب یہ کام شروع کیا تو ابتدا ہی سے
دل از سر بیک بار بر داشتم
یکبارگی سر کا خیال ہٹا دیا

سر انداز در عاشقی صادقست
عاشقی میں سر کٹا دینے والا سچا ہے
که بدزہرہ بر خویشتن عاشقست
اس لیے کہ بوالہوس تو اپنا عاشق ہے

اجل ناگہے در کمینم کشد
موت اچانک گھات میں مجھے مار ڈالے گی
ہماں بہ که آں نازنینم کشد
تو یہی بہتر ہے کہ مجھے وہ نازنیں مار ڈالے

چو بیشک نبشتست بر سر ہلاک
جب سر کے لیے ہلاکت یقیناً لکھی ہے
بدست دلآرام خوشتر ہلاک
تو معشوق کے ہاتھ... ہلاک ہونا بہتر ہے

نہ روزے بہ بیچارگی جاں دہی
کیا کسی دن بے چارگی سے تو جان نہ دے گا
پس آں بہ که در پائے جاناں دہی
تو یہی بہتر ہے کہ معشوق کے قدموں میں دیدے

مخاطبہ شمع و پروانہ
شمع و پروانہ کی گفتگو

شبے یاد دارم که چشمم نخفت
مجھے یاد ہے کہ ایک رات میری آنکھ نہ لگی
شنیدم که پروانہ با شمع گفت
میں نے سنا پروانہ نے شمع سے کہا

که من عاشقم گر بسوزم رواست
کہ میں تو عاشق ہوں اگر میں جلوں تو مناسب ہے
ترا گریہ و سوز بارے چراست
تیرا رونا اور جلنا اب کیوں ہے

بگفت اے ہوادار مسکین من
اس نے کہا اے میرے مسکین عاشق!
برفت انگبین یار شیرین من
مجھ سے میرا میٹھا دوست شہد بچھڑ گیا

چو شیرینی از من بدر می رود
جب شیرینی مجھ سے جدا ہوتی ہے
چو فرہادم آتش بسر می رود
تو فرہاد کی طرح میرے سر میں آگ لگتی ہے

ہمی گفت و ہر لحظہ سیلاب درد
وہ یہ کہہ رہی تھی اور ہر منٹ درد کا سیلاب
فرو می دویدش بر خسار زرد
اسکے زرد رخسار پہ نیچے کو بہہ رہا تھا

که اے مدعی عشق کار تو نیست
کہ اے بوالہوس تیرا کام عشق نہیں ہے
که نہ صبر داری نہ یارائے ایست
کہ نہ تو صبر رکھتا ہے نہ ٹھہرنے کی طاقت ہے

تو بگریزی از پیش یک شعلہ خام
اے کچے تو ایک شعلہ کے سامنے سے بھاگتا ہے
من استادہ ام تا بسوزم تمام
میں کھڑی ہوں تاکہ سب جل جاؤں

اچھے سے شہد نچوڑ کر موم علیحدہ کیا جاتا ہے اس سے شمع بنتی ہے۔ یہ شمع کے موم کے قطرے گویا اس کے آنسو ہیں۔ یعنی پروانہ عشق میں خام ہے۔



ترا آتش عشق اگر پر بسوخت
عشق کی آگ نے اگر تیرا پر جلایا ہے
مرا بیں کہ از پائے تا سر بسوخت
تو مجھے دیکھ پیر سے سر تک جلا دیا ہے

نرفتہ زشب ہمچناں بہرۂ
اس حالت میں رات کا کچھ تھوڑا سا حصہ نہ گذرا تھا
کہ ناگہ بکشتش پری چہرۂ
کہ اچانک اس کو ایک پری چہرہ نے بجھا دیا۔

ہمی گفت و می رفت دودش بسر
وہ یہ کہہ رہی تھی اور دھواں اس کے سر سے نکل رہا تھا
ہمیں بود پایان عشق اے پسر
اے صاحبزادے عشق کا انجام ایسا ہی ہوتا ہے

اگر عاشقی خواہی آموختن
اگر تو عاشقی سیکھنا چاہتا ہے
بکشتن فرج یابی از سوختن
تو جلنے سے مر کر ہی راحت پائے گا

مکن گریہ بر گور مقتول دوست
مقتول دوست کی قبر پر نہ رو
برو خرمی کن کہ مقبول اوست
اس پر خوشی کر کہ وہ مقبول ہوگیا ہے

اگر عاشقی سر مشوی از مرض
اگر تو عاشق ہے تو مرض سے غسل صحت نہ کر
چو سعدی فرو شوی دست از غرض
سعدی کی طرح غرض سے ہاتھ دھولے

فدائی ندارد ز مقصود چنگ
فدائی معشوق سے ہاتھ نہیں کھینچتا ہے
وگر بر سرش تیر بارند و سنگ
خواہ اس کے سر پر تیر اور پتھر برسیں

بدریا مرو گفتمت زینہار
میں تجھ سے کہتا ہوں ہرگز دریا میں نہ جا
وگر می روی تن بطوفاں سپار
اور اگر جاتا ہے تو جسم کو طوفان کے سپرد کردے

باب چہارم در تواضع

چوتھا باب تواضع کے بیان میں

ز خاک آفریدت خداوند پاک
خداوند پاک نے تجھے خاک سے پیدا کیا ہے
پس اے بندہ افتادگی کن چو خاک
تو اے بندے خاک کی طرح عاجزی کر

حریص و جہاں سوز و سرکش مباش
حریص اور جہاں سوز اور سرکش نہ بن
ز خاک آفریدندت آتش مباش
انھوں نے تجھے خاک سے پیدا کیا ہے آگ نہ بن

چو گردن کشید آتش ہولناک
جب بھی ہولناک آگ نے تکبر کیا ہے
بہ بیچارگی تن بینداخت خاک
خاک نے عاجزی سے اپنا بدن گرا دیا ہے

چو آں سرفرازی نمود ایں کمی
چونکہ اس نے تکبر دکھایا اور اس نے فروتنی دکھائی
ازیں دیو کردند ازاں آدمی
اس سے شیطان بنایا اس سے آدمی بنایا

حکایت دریں معنی

قصہ اسی بیان میں

یکے قطرہ باراں ز ابرے چکید
بارش کا ایک قطرہ بادل سے ٹپکا
خجل شد چو پہنائے دریا بدید
جب سمندر کی چوڑائی دیکھی شرمندہ ہوا

کہ جائیکہ دریاست من کیستم
کہ جس جگہ سمندر ہے میں کیا ہوں
گر او ہست حقا کہ من نیستم
اگر وہ ہے تو یقیناً میں نہیں ہوں

۱ یعنی آگ کی لپٹ کا اوپر کو جانا تکبر ہے اور خاک کا زمین پر گرنا فروتنی ہے۔
۲ آگ کے تکبر کی وجہ سے اس سے شیطان بنا اور خاک کی فروتنی کی وجہ سے اس سے آدم علیہ السلام بنے۔
۳ یعنی اس کے وجود کے سامنے میرا وجود کالعدم ہے۔

چو خود را بچشم حقارت بدید
جب اس نے اپنے آپ کو حقارت سے دیکھا

سپہرش بجائے رسانید کار
آسمان نے اس کا کام اس جگہ پہنچایا

بلندی ہداں یافت کو پست شد
بلندی اس لئے حاصل ہوئی کہ وہ پست ہوا

صدف در کنارش بجاں پرورید
سیپی نے اسکی اپنی گود میں دل سے پرورش کی

کہ شد نامور لولوئے شاہوار
کہ بادشاہ کے لائق نامور موتی بنا

در نیستی کوفت تا ہست شد
نیستی کا دروازہ کھٹکھٹایا پر چنانچہ ذی ہست ہوگیا

حکایت در معنی نظر مردانِ حق در خویشتن بحقارت

مردانِ حق کا اپنے آپ کو حقارت کی نظر سے دیکھنے کے بیان میں

جوانے خردمند پاکیزہ بوم
پاک طبیعت ایک عقلمند نوجوان

ز دریا بر آمد بدر بندِ روم
دریا سے روم کی بندرگاہ پر آیا

درو فضل دیدند و فقر و تمیز
لوگوں نے اس میں بزرگی اور فقر اور تمیز دیکھی

نہادند رختش بجائے عزیز
اس کے سامان کو باعزت جگہ[1] پر رکھا

سرِ صالحاں گفت روزے بمرد
ایک روز اس مرد سے نیکوں[2] کے سردار نے کہا

کہ خاشاکِ مسجد بیفشان و گرد
کہ مسجد کی خاک اور گرد جھاڑ دے

ہماں کیں سخن مردِ رہرو شنید
سالک مرد نے جیسے ہی یہ بات سنی

بروں رفت و بازش کس آنجا ندید
باہر چلا گیا اور پھر کسی نے اس کو اس جگہ نہ دیکھا

براں حمل کردند یاران و پیر
یاروں[3] اور بزرگ نے اس پر محمول کیا

کہ پروائے خدمت ندارد فقیر
کہ فقیر خدمت گذاری کی رغبت نہیں کرتا

دگر روز خادم گرفتش براہ
خادم[4] نے دوسرے دن اس کو راستہ میں پکڑ لیا

کہ ناخوب کردی برائے تباہ
برباد رائے کی وجہ سے تو نے بہت برا کیا

ندانستی اے کودکِ خود پسند
اے متکبر لڑکے تو یہ نہ سمجھا

کہ مرداں ز خدمت بجائے رسند
کہ لوگ خدمت ہی کی وجہ سے کسی مرتبے پر پہنچتے ہیں

گرستن گرفت از سرِ صدق و سوز
اس نے سچائی اور سوز کی وجہ سے رونا شروع کر دیا

کہ اے یارِ جاں پرور و دل فروز
کہ اے جان کو پرورش کرنیوالے، دل کو روشن کرنیوالے دوست

نہ گرد اندر آں بقعہ دیدم نہ خاک
اس سرزمین میں میں نے نہ گرد دیکھی نہ خاک

من آلودہ بودم دراں جائے پاک
اس پاک جگہ میں میں ہی خاک آلود تھا

گرفتم قدم لاجرم باز پس
لامحالہ میں نے قدم واپس لے لیا

کہ پاکیزہ مسجد بہ از خاک و خس
کیونکہ مسجد خاک اور تنکوں سے صاف بہتر ہے

طریقت جزیں نیست درویش را
درویش کے لیے طریقت اسکے سوا کچھ نہیں ہے

کہ افگندہ دارد تنِ خویش را
کہ اپنے بدن کو پامال رکھے

بلندیت باید تواضع گزیں
اگر تجھے بلندی درکار ہے تو تواضع برت

کہ ایں بام را نیست سلّم جزیں
اس لیے کہ اس بالاخانہ[5] کے لیے اسکے علاوہ کوئی سیڑھی نہیں ہے

---

[1] باعزت جگہ سے مسجد مراد ہے۔
[2] یعنی مسجد کے امام نے کہا۔
[3] یاروں سے مسجد کے دیگر ملازم اور بزرگ سے امام مراد ہیں۔
[4] یعنی مسجد کے ملازم نے اس کو پکڑ لیا۔
[5] یعنی بزرگی کے بالاخانہ پر چڑھنے کے لیے فروتنی سیڑھی ہے جس کے بدون چڑھنا ناممکن ہے۔

حکایت سلطان بایزید بسطامی قدس اللہ سرہ در تواضع

تواضع کے معاملہ میں سلطان بایزید بسطامی کا قصہ

شنیدم کہ وقتے سحرگاہِ عید
میں نے سنا ہے کہ عید کی صبح کو ایک مرتبہ
ز گرمابہ آمد بروں بایزید
بایزید غسلخانے سے باہر نکلے

یکے طشت خاکسترش بے خبر
بے خبری کی حالت میں راکھ کا ایک طشت
فرو ریختند از سرائے بسر
ان کے سر پر لوگوں نے ایک گھر سے گرا دیا

ہمی گفت ژولیدہ دستار و موے
وہ کہہ رہے تھے اور ان کی دستار اور داڑھی الجھی ہوئی تھی
کفِ دست شکرانہ مالاں بروے
وہ شکرانہ کا ہاتھ منہ پر مل رہے تھے

کہ اے نفس من در خورِ آتشم
کہ اے نفس! میں دوزخ کے قابل ہوں
بخاکسترے روئے درہم کشم
ذرا سی راکھ سے منہ کیوں بناؤں

بزرگاں نکردند در خود نگاہ
بزرگوں نے کبھی اپنا دھیان نہیں کیا
خدا بینی از خویشتن بیں مخواہ
خود بیں سے خدا بینی کی امید نہ رکھ!

بزرگی بناموس و گفتار نیست
بزرگی عزت اور باتوں سے نہیں ہے
بلندی بدعویٰ و پندار نیست
بڑائی دعوے اور غرور سے نہیں ہے

قیامت کسے بینی اندر بہشت
قیامت کے دن تو اس شخص کو بہشت میں دیکھے گا
کہ معنیٰ طلب کرد و دعویٰ بہشت
جس نے حقیقت چاہی اور دعوے کو چھوڑا

تواضع سر رفعت افرازدت
تواضع تیرے بلندی کے سر کو اونچا کرے گی
تکبر بخاک اندر اندازدت
تکبر تجھے خاک میں ملائے گا

بگردن فتد سرکش تند خوے
متکبر بد مزاج سر کے بل گرتا ہے
بلندیت باید بلندی مجوے
اگر تجھے بلندی چاہیے تو بلندی نہ تلاش کر

گفتار در عجب و عاقبت آں و شکستگی و برکت آں

عبادت تکبر اور اس کے انجام و کسرِ نفسی اور اس کی برکت کے بیان میں

ز مغرورِ دنیا رہِ دیں مجوے
دنیا کے مغرور سے دین کا راستہ نہ چاہ
خدا بینی از خویشتن بیں مجوے
خود بیں سے خدا بینی نہ تلاش کر!

گرت جاہ باید مکن چوں خساں
اگر تجھے مرتبہ درکار ہو تو کمینوں کی طرح
بچشم حقارت نگہ در کساں
حقارت کی آنکھ سے لوگوں کو نہ دیکھ

گماں کے برد مردم ہوشمند
ہوشمند انسان کب خیال کر سکتا ہے
کہ در سرگرانیست قدر بلند
کہ تکبر میں بڑا مرتبہ ہے

ازیں نامور تر محلے مجوے
اس سے زیادہ نامور مقام تلاش نہ کر!
کہ خوانند خلقت پسندیدہ خوے
کہ لوگ تجھے پسندیدہ عادت کہیں

نہ گر چوں توئی بر تو کبر آورد
کیا ایسا نہیں ہے کہ اگر تجھ جیسا تجھ سے تکبر کرے
بزرگش نہ بینی بچشم خرد
تو عقل کی آنکھ سے اس کو بڑا نہ دیکھے گا

۱؎ بایزید نام ہے
۲؎ یہاں سے شیخ سعدی کا قول شروع ہوتا ہے
۳؎ یعنی تجھ جیسا شخص جب تیرے ساتھ تکبر کرے گا تو اس کو کبھی بڑا آدمی نہ سمجھے گا لہٰذا ایسی اپنے بارے میں خیال رکھ!

تو نیز ار تکبر کنی ہمچناں
تو بھی اگر تکبر کرے گا تو اسی طرح
نمائی کہ پیشت تکبر کناں
نظر آئے گا جیسا کہ تیری نگاہ میں متکبر

چو استادۂ بر مقامِ بلند
جب تو کسی بلند مقام پر کھڑا ہے
بر افتادہ گر ہوشمندی مخند
اگر تو عقلمند ہے کسی گرے ہوئے کی ہنسی نہ اڑا

بسا ایستادہ در آید ز پاے
بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ کھڑا ہوا گرا
کہ افتادگانش گرفتند جائے
کہ گرے ہوؤں نے اس کی جگہ لے لی ہے

گرفتم کہ خود ہستی از عیب پاک
میں نے مانا تو خود عیب سے پاک ہے
تعنت مکن بر منِ عیب ناک
لیکن مجھ عیب دار پر سرکشی نہ کر

یکے حلقۂ کعبہ دارد بدست
ایک کعبہ کا حلقہ ہاتھ میں پکڑے ہے
یکے در خراباتے افتادہ مست
ایک شراب خانہ میں مست پڑا ہے

گر آں را بخواند کہ نگذاردش
اگر وہ اس کو طلب کرے تو کون ہے جو اسکو آنے نہ دیگا
ور ایں را براند کہ باز آردش
اور اگر اس کو نکال دے کون اس کو واپس لا سکے گا

نہ مستظہر ست ایں باعمالِ خویش
نہ یہ اپنے اعمال کی بدولت طاقتور ہے
نہ آں را درِ توبہ بستست پیش
نہ اس کے سامنے توبہ کا دروازہ بند ہے

حکایت عیسیٰ علیہ السلام و عابدِ ناپارسا

عیسیٰ علیہ السلام اور بد عبادت گذار کا قصہ

شنیدستم از راویانِ کلام
میں نے بات نقل کرنے والوں سے سنا ہے
کہ در عہدِ عیسیٰ علیہ السلام
کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں

یکے زندگانی تلف کردہ بود
ایک شخص نے عمر ضائع کی تھی
بجہل و ضلالت سر آوردہ بود
نادانی اور گمراہی میں سر برآوردہ تھا

دلیرے سیہ نامۂ سخت دل
ایسا دلیر سیاہ اعمال نامہ والا سخت دل
ز ناپاکی ابلیس ازوے خجل
کہ اسکی ناپاکی کی وجہ سے شیطان بھی اس سے شرمندہ تھا


بسر بُردہ ایامِ بے حاصلے
اس نے بے نتیجہ زندگی گزاری تھی
نیا سودہ تا بودہ ازوے دلے
جب سے پیدا ہوا تھا اس سے کسی دل نے آرام نہ پایا تھا

سرش خالی از عقل و پُر ز احتشام
اس کا دماغ عقل سے خالی اور تکبر سے پُر تھا
شکم فربہ از لقمہائے حرام
حرام لقموں سے پیٹ موٹا تھا

بناراستی دامن آلودۂ
غلط کاری سے دامن آلودہ تھا
بناداشتی دودہ اندودۂ
ناکردنی باتوں کی وجہ سے خاندان کا بدنام کنندہ تھا

نہ پایئے چو بینندگاں راست رَو
نہ تو اسکا قدم دیکھ بھال کرنیوالوں، سیدھا چلنے والوں کا جیسا تھا
نہ گوشے چو مردم نصیحت شنو
نہ نصیحت سننے والے انسانوں کا سا کان تھا

چو سالِ بد از وے خلائق نفور
برُے سال کی طرح مخلوق اس سے نفرت کرنیوالی تھی
نمایاں بہم چوں مہِ نو ز دور
پہلی رات کے چاند کی طرح دور سے ایکدوسرے کو دکھاتے تھے



۱ یعنی لوگ اس سے اس طرح نفرت کرتے تھے جیسا کہ قحط کے سال سے۔ اور اس کی طرف برائی کی وجہ سے دور سے اس طرح انگشت نمائی کرتے تھے جیسا کہ پہلی رات کی چاند کی طرف اشارے کرتے ہیں۔

ہوا و ہوس خرمنش سوختہ
ہوا اور ہوس نے اس کا خرمن جلا دیا تھا

سیہ نامہ چنداں تنعم براند
اس سیاہ اعمال نامہ والے نے اسقدر عیش پرستی کی تھی

گنہگار و خود رائے و شہوت پرست
گنہگار اور خود رائے اور شہوت پرست تھا

شنیدم کہ عیسیٰ درآمد ز دشت
میں نے سنا ہے کہ حضرت عیسیٰ جنگل سے تشریف لائے

بزیر آمد از غرفہ خلوت نشیں
گوشۂ تنہائی میں بیٹھنے والا بالاخانہ سے نیچے اترا

گنہگار برگشتہ اختر ز دور
بھرے ہوئے ستارے والا گنہگار دور ہی سے

تامل بحسرت کناں شرمسار
حسرت سے غور کرتا ہوا شرمندہ

خجل زیر لب عذر خواہاں بسوز
شرمندہ، سوز کے ساتھ چپکے چپکے عذر خواہ

سرشک غم از دیدہ باراں چو میغ
ابر کی طرح آنکھوں سے غم کے آنسو بہا رہا تھا

براندا ختم نقد عمر عزیز
پیاری عمر کا نقد میں نے برباد کر دیا

چو من زندہ ہرگز مبادا کسے
خدا کرے میری طرح کوئی ایسا نہ جیے

بر رستہ آنکہ در عہد طفلی بمرد
جو بچپن میں مرگیا وہ تو چھوٹ گیا

گناہم ببخش اے جہاں آفریں
اے جہاں آفریں میرا گناہ بخش دے

دریں گوشہ نالاں گنہگار پیر
اس کنارے میں گنہگار بوڑھا نالاں تھا

نگوں ماندہ از شرمساری سرش
شرمندگی سے اس کا سر اوندھا تھا

وزاں نیمہ عابد سر پر غرور
اور اس جانب سے غرور سے بھرے سر والا عابد

چو بے نیک نامی نیندوختہ
اس نے نیک نامی کا ایک جو بھی جمع نہ کیا تھا

کہ در نامہ جائے نبشتن نماند
کہ نامہ اعمال میں لکھنے کی جگہ نہ رہی تھی

بغفلت شب و روز مخمور و مست
رات دن غفلت سے نشہ میں، اور مست تھا

بمقصورۂ عابدے برگذشت
ایک عبادت گذار کے حجرے کے پاس سے گذرے

بپا لیش در افتاد سر بر زمیں
زمین پر سر رکھ کر ان کے قدموں پر گر پڑا

چو پروانہ حیراں در ایشاں ز نور
پروانہ کی طرح ان کے نور سے حیران تھا

چو درویش در دست سرمایہ دار
جیسا کہ فقیر سرمایہ دار کے ہاتھ میں

ز شبہائے در غفلت آوردہ روز
ان راتوں سے جن کو غفلت میں دن کیا تھا

کہ عمرم بغفلت گذشت اے دریغ
کہ ہائے افسوس میری عمر غفلت میں گذری

بدست از نکوئی نیاوردہ چیز
نیکی کی کوئی بات ہاتھ نہ آئی

کہ مرگش بہ از زندگانی بسے
کیونکہ زندگی سے اس کا مر جانا بہتر ہو

کہ پیرانہ سر شرمساری نبرد
کہ بڑھاپے کی شرمندگی اسکو نہ ہوئی

کہ گر با من آید فبئس القریں
اس لیے کہ اگر وہ میرے ساتھ رہا تو برا ساتھی ہے

کہ فریاد حالم رس اے دستگیر
کہ اے دستگیری کرنے والے میرے حال کی فریاد رسی کر

رواں آب حسرت بشیب برش
حسرت کے آنسو اسکی سفید ڈاڑھی پر جاری تھے

ترش کردہ بر فاسق ابرو ز دور
دور سے ہی گنہگار پر ابرو چڑھائے ہوئے تھا

ےا یعنی برائیوں سے اعمال نامہ اس قدر سیاہ ہوچکا تھا کہ اس میں گنجائش نہ تھی۔

ےا یعنی وہی گنہگار حضرت عیسیٰ کے قدموں میں آگرا اور اپنے گناہوں سے توبہ کرنے لگا۔

ےا یعنی اس قدر عجز سے حضرت عیسیٰ کے سامنے کھڑا تھا جیسا کہ کوئی فقیر کسی سرمایہ دار کے سامنے۔

۱۴۰

ےا وہ راتیں جو پوری کی پوری فسق و فجور میں گذاری تھیں

ےا یعنی گناہ اگر قیامت میں میرے ساتھ رہے تو وہ بدترین ساتھی ثابت ہوں گے

کہ ایں مدبر اندر پئے ما چراست
کہ یہ بدبخت کیوں ہمارے درپے ہے

بگردن بآتش در افتادہ
سر کے بل آگ میں گرا ہوا ہے

چہ خیر آمد از نفس تر دامنش
اس کے گنہگار نفس سے کیا بھلائی ہوتی ہے

چہ بودے کہ زحمت بردے زپیش
کیا اچھا ہوتا کہ وہ یہاں سے دور ہو جاتا

ہمی رنجم از طلعت ناخوشش
اس کی منحوس صورت سے مجھے ناگواری ہوتی ہے

بمحشر کہ حاضر شود انجمن
جب محشر میں مجمع ہو

دریں بُد کہ وحی از جلیل الصّفات
وہ اس میں لگا تھا کہ بڑی صفتوں والے کی جانب سے وحی

کہ گر عالمست آں وگر وے جہول
خواہ وہ عالم ہے یا جاہل

تبہ کردہ ایام برگشتہ روز
عمر کو تباہ کئے ہوا بدنصیب

بہ بے چارگی ہر کہ آمد برم
جو عاجزی سے میرے پاس آتا ہے

عفو کردم از وے عملہائے زشت
اس کے برے کام میں نے معاف کر دیے

وگر عار دارد عبادت پرست
اگر عبادت پرست کو عار ہے

بگو ننگ از و در قیامت مدار
تو اس کو بتا دو قیامت میں اس سے ذلت محسوس نہ کرے

کہ آں را جگر خوں شد از سوز و درد
اس لیے سوز اور درد سے اس کا جگر خون ہو گیا ہے

ندانست در بارگاہِ غنی
اس کو یہ معلوم نہیں ہے کہ بے نیاز کے دربار میں

کرا جامہ پاکست و سیرت پلید
جس کا لباس پاک اور عادت ناپاک ہے

ق

نگوں بخت ناداں چہ ہمجنس ماست
بیوقوف اوندھے نصیبہ والا کیا یہ ہمارا ہم جنس ہے

بباد ہوا عمر بر دادہ
خواہش کی ہوا میں عمر برباد کیے ہوئے ہے

کہ صحبت بود با مسیح و منش
کہ وہ میرے اور مسیح کے ساتھ ہو

بدوزخ برفتے پس کار خویش
اپنے کارنامہ کی وجہ سے دوزخ میں جاتا

مبادا کہ در من فتد آتشش
ایسا نہ ہو کہ اس کی آگ مجھے بھی نہ لے

خدایا تو با او مکن حشر من
اے خدا تو میرا اسکے ساتھ حشر نہ کرنا

در آمد بعیسیٰ علیہ الصّلوٰت
عیسیٰ علیہ السلام پر آئی

مرا دعوت ہر دو آمد قبول
میرے یہاں دونوں کی دعا مقبول ہو

بنالید بر من بزاری و سوز
میرے سامنے عاجزی اور سوز سے رو رہا ہو

نیندازمش ز آستان کرم
میں اس کو بخشش کی چوکھٹ سے نہیں بھگاتا ہوں

در آرم بفضل خودش در بہشت
میں اس کو اپنی مہربانی سے جنت میں لے جاؤں گا

کہ در خلد با وے بود ہم نشست
کہ وہ جنت میں اس کے ساتھ رہے

کہ آں را بجنّت برند ایں بنار
اس[3] لیے کہ اس کو جنت میں اس کو جہنم میں لے جائیں گے

گر ایں تکیہ بر طاعت خویش کرد
اگر اس نے اپنی عبادت پر گھمنڈ کیا ہے

کہ بے چارگی بہ ز کبر و منی
عاجزی تکبر اور خودی سے بہت بہتر ہے

در دوزخش را نباید کلید
اس[4] کے لیے دوزخ کے دروازے کے لیے کنجی کی ضرورت نہیں ہے

[1] یعنی حضرت حق تعالیٰ

[2] اللہ عالم و جاہل دونوں کی سنتا ہے

[3] یعنی عبادت گذار تکبر کی وجہ سے جہنم میں جائیگا اور گنہگار عاجزی کی وجہ سے جنت میں جائے گا۔

[4] یعنی دوزخ کے دروازے اس کے انتظار میں کھلے ہیں کھولنے کی ضرورت نہ پڑے گی۔

بریں آستاں عجز و مسکینیت
اس چوکھٹ پر عاجزی اور مسکنت
بہ از طاعت و خویشتن بینیت
عبادت اور خود بینی سے بہتر ہے

چو خود را ز نیکاں شمردی بدی
اگر تو اپنے آپ کو نیکوں میں گنتا ہے تو تو بد ہے
نمی گنجد اندر خدائی خودی
اس لیے کہ خدائی میں خودی نہیں سماتی ہے

اگر مردی از مردئ خود مگوی
اگر تو بہادر ہے تو اپنی بہادری نہ جتا
نہ ہر شہسوارے بدر برد گوے
اس لیے ہر شہسوار گول میں گیند نہیں نکالتا ہے

پیازہ آمد آں بے ہنر جملہ پوست
وہ بے ہنر سب کا سب پیازہ کی طرح ہے
کہ پنداشت چوں پستہ مغزے در دست
جس کو یہ گھمنڈ ہو کہ اس میں پستہ کا سا مغز ہے

ازیں نوع طاعت نیاید بکار
اس قسم کی عبادت کام میں نہیں آتی ہے
برو عذر تقصیر طاعت بیار
جا عبادت کی کوتاہی کا عذر پیش کر

نخورد از عبادت بر آں بے خرد
اس بے عقل نے عبادت کا پھل نہیں کھایا ہے
کہ با حق نکو بود و با خلق بد
جو اللہ کے ساتھ بھلا اور مخلوق سے برا تھا

سخن ماند از عاقلاں یادگار
عقلمندوں کی بات یادگار رہتی ہے
ز سعدی ہمیں یک سخن یاد دار
سعدی کی یہی ایک بات یاد رکھ

گنہگار اندیشہ ناک از خدائے
خدا[۱] سے ڈرنے والا، گنہگار
بہ از پارسائے عبادت نمائے
عبادت کی نمائش کرنے والے عبادت گزار سے بہتر ہے

۱۰

حکایت دانشمند درویش و قاضی متکبر
عقلمند درویش اور متکبر قاضی کا قصہ

فقیہے کہن جامۂ تنگدست
پرانے کپڑے والا، مفلس ایک فقیہ[۲]
در ایوان قاضی بصف بر نشست
قاضی کے دربار میں صف اول میں جا بیٹھا

نگہ کرد قاضی در و تیز تیز
قاضی نے اس کو گھور کر دیکھا
معرف گرفت آستینش کہ خیز
معرف[۳] نے اس کی آستین پکڑی کہ اٹھ!

ندانی کہ برتر مقام تو نیست
تجھے معلوم نہیں کہ تیرا مقام اونچا نہیں ہے
فروتر نشیں یا برو یا بایست
نیچے بیٹھ یا کھڑا رہ یا چلا جا

بجائے بزرگاں دلیری مکن
بڑوں کی جگہ بیٹھ کر گستاخی نہ کر!
چو سر پنجہ ات نیست شیری مکن
جب پنجہ میں طاقت نہیں ہے شیری نہ کر

نہ ہر کس سزاوار باشد بصدر
ہر آدمی صدر مقام کے قابل نہیں ہوتا ہے
کرامت بجاہست و منزل بقدر
اعزاز مرتبہ کی حیثیت سے ہوتا ہے اور مقام اندازے کے مطابق

دگر رہ چہ حاجت بہ پند کسست
اب[۴] دوبارہ تجھے کسی کی نصیحت کی ضرورت نہیں ہے
ہمیں شرمساری عقوبت بسست
یہی شرمندگی کافی سزا ہے

بعزت ہر آنکو فروتر نشست
عزت[۵] رہتے ہوئے جو شخص نیچے بیٹھا
بخواری نیفتد ز بالا بہ پست
تو ذلت سے اوپر سے نیچے نہیں گرتا ہے

[۱] یعنی خدا سے ڈرنے والا گنہگار اس عبادت گذار سے بدرجہا بہتر ہے جس کو اپنی عبادت کا گھمنڈ ہے۔
[۲] فقیہ۔ فقہ کا جاننے والا اس سے سعدی کی خود اپنی ذات مراد ہے۔
[۳] معرف کے معنی بتانے والا یہ ایک عہدہ دار ہوا کرتا تھا جس کا کام لوگوں کا قاضی سے تعارف کرانا اور ان کو حسب مراتب بٹھانا ہوتا تھا۔
[۴] یعنی اس گستاخی کی یہ سزا ہے کہ تو نیچے جا کر بیٹھ اس سزا کے بعد پھر تجھے یہ گستاخی کرنے کی ہمت نہ ہوگی۔
[۵] یہ شیخ سعدی کا مقولہ ہے۔

چو آتش برآورد درویش دود
درویش نے آگ کی طرح دھواں نکالا

فقیہان طریق جدل ساختند
فقیہوں نے جدل کا راستہ بنایا

کشادند بر ہم در فتنہ باز
انھوں نے آپس میں فتنہ کا دروازہ کھولا

تو گفتی خروسان شاطر بجنگ
تو یہ کہے گا کہ چالاک مرغے لڑائی میں

یکے بیخود از خشمناکی چو مست
کوئی دیوانہ کی طرح غصہ کی وجہ سے بیخود تھا

فتادند در عقدۂ پیچ پیچ
مشکل گرہ میں پھنس گئے

کہن جامہ در صف آخر تریں
پرانے کپڑوں والا آخری صف میں

کہ برہان قوی باید و معنوی
کہ قوی اور معنوی برہان چاہیئے

مرا نیز چوگان حرفست و گوے
میرے پاس بھی بات کا گیند اور بلا ہے

بکلک فصاحت بیانیکہ داشت
جو بیان اس کے پاس تھا اس نے فصاحت کے قلم سے

سر از کوئے صورت بمعنیٰ کشید
بات کو ظاہر سے حقیقت کی طرف لے گیا

بگفتندش از ہر کنار آفریں
ہر جانب سے لوگوں نے اسکو شاباش کہا

سمند سخن تا بجائے براند
بات کے گھوڑے کو یہاں تک دوڑایا

بروں آمد از طاق و دستار خویش
اپنی محراب سے نکلا اور اپنی پگڑی

کہ ہیہات قدر تو نشناختم
کہ افسوس میں تیرا مرتبہ نہ پہچانا

دریغ آمدم با چنیں مایہ
مجھے افسوس ہے کہ اس پونجی کے ہوتے ہوئے

فروتر نشست از مقامیکہ بود
جس مقام پر بیٹھا تھا اس سے کم درجہ پر جا بیٹھا

لِمَ و لا نُسَلِّم درانداختند
"کیوں" اور "ہمیں تسلیم نہیں" کو پھینکا

بلا و نعم کردہ گردن دراز
نہیں اور ہاں سے گردنیں ابھارے

فتادند درہم بمنقار و چنگ
چونچ اور پنجے کے ذریعہ ایک دوسرے میں گتھ گئے

یکے بر زمیں می زند ہر دو دست
کوئی زمین پر دو ہتڑ مارتا تھا

کہ در حل آں رہ نبردند ہیچ
جس کے کھلنے کا کوئی راستہ نہ ملا

بغرش در آمد چو شیر عریں
جھاڑی کے شیر کی طرح غرایا

نہ رگہائے گردن بحجت قوی
نہ کہ دلائل میں پھولی ہوئی رگیں۔

بگفتند ار نیک دانی بگوے
وہ بولے اگر خوب جانتا ہے تو کہہ

بدلہا چو نقش نگیں بر نگاشت
دلوں پر ایسا منقش کر دیا جیسا کہ نگ کا نقش

قلم بر سر حرف دعویٰ کشید،
دعوے کے سر پر قلم پھیر دیا

کہ بر عقل و طبعت ہزار آفریں
کہ تیری عقل پر اور طبیعت پر ہزار آفریں ہے

کہ قاضی چو خر در خلاب بماند
کہ قاضی گدھے کی طرح کیچڑ میں پھنس کر رہ گیا

باکرام و لطفش فرستاد پیش
اعزاز اور مہربانی سے اس کے سامنے پیش کردی

بشکر قدومت نپرداختم
تیری تشریف آوری کے شکریہ میں نہ لگا

کہ بینم ترا در چنیں پایہ
تجھے اس جگہ پر دیکھ رہا ہوں

ے یعنی آہ کھینچی
ے گفتگو میں جب حق کا اظہار مدنظر نہ ہو بلکہ اپنی بڑائی ہو تو یہ جدل ہے۔
ے گفتگو میں عموماً رد و قدح میں یہ جملے استعمال ہوتے ہیں۔
ے یعنی لوگ اس فقیہ کی عقل اور سنجیدہ طبیعت پر ہزار آفریں کہنے لگے۔
ے مجھے اس علم و فضل کے ہوتے ہوئے دربار میں کمتر جگہ ملی ہے۔

معرّف بدلداری آمد برش
معرّف دلداری کے لیے اس کے سامنے آیا

بدست و زباں منع کردش کہ دور
اس کو ہاتھ اور زبان سے روکا کہ دور ہو

کہ فردا شود بر کہن میزراں
ورنہ کل کو پرانے لباس والوں پر

چو مولام خوانند و صدر کبیر
جب مجھے آقا اور بڑا صدر کہہ کر پکاریں گے

تفاوت کند ہرگز آب زلال
شیریں پانی ہرگز نہ بدلے گا

خرد باید اندر سر مرد و مغز
انسان کے سر میں عقل اور گودا چاہیے

کس از سر بزرگی نباشد بچیز
انسان سر کی بڑائی سے کوئی چیز نہیں بن جاتا ہے

میفراز گردن بدستار و ریش
پگڑی اور داڑھی کی وجہ سے گردن نہ ابھار

بصورت کسانیکہ مردم وشند
جو لوگ محض دیکھنے میں آدمی ہیں

بقدر ہنر جست باید محل
ہنر کے اندازے سے مقام تلاش کرنا چاہیے

نئے بوریا را بلندی نکوست
کیا نرکل کے لیے بلندی اچھی چیز ہے

بدیں عقل و ہمت نخوانم کست
اس عقل و ہمت کے ہوتے ہوئے میں تجھ کو انسان نہیں کہہ سکتا

چہ خوش گفت خرمہرۂ در گلے
کوڑی نے جو مٹی میں تھی کیا اچھی بات کہی

مرا کس نخواہد خریدن بہیچ
مجھے کوئی بھی کسی چیز کے بدلے نہ خریدے گا

نہ منعم بمال از کسے بہتر است
مالدار مال کی وجہ سے کسی سے بہتر نہیں ہے

بدیں شیوہ مرد سخنگوئے چست
چست بات کہنے والے انسان نے اس طور پر

کہ دستار قاضی نہد بر سرش
تاکہ قاضی کی پگڑی اس کے سر پر رکھ

منہ بر سرم پائے بند غرور
میرے سر پر غرور کی زنجیر نہ رکھ

بدستار پنجہ گزم سرگراں
پانچ گز کی پگڑی کی وجہ سے ابھی غصے ہوں گا

نمایند مردم بچشم حقیر
تو لوگ میری نگاہ میں حقیر نظر آئیں گے

گرش کوزہ زریں بود یا سفال
خواہ وہ زریں پیالے میں ہو یا مٹی کے برتن میں

نباید مرا چوں تو دستار نغز
تیری طرح مجھے اچھی پگڑی نہیں چاہیے

کدو سر بزرگ است و بے مغز نیز
کدو کا سر بڑا ہے اور بے مغز بھی ہے

کہ دستار پنبہ است و سبلت حشیش
اس لیے کہ پگڑی کی حقیقت روئی اور مونچھوں کی حقیقت گھاس

چو صورت ہماں بہ کہ دم درکشند
تصویر کی طرح تو یہی بہتر ہے کہ وہ چپ رہیں

بلندی و نحسی مکن چوں زحل
زحل کی طرح بلندی اور نحوست نہ ظاہر کر

کہ خاصیت نیشکر خود دروست
کیا خود اس میں گنے کی خاصیت ہے

و گرمی رود صد غلام از پست
خواہ تیرے پیچھے سو غلام چلتے ہوں

چو بر داشتش پر طمع جاہلے
جب اس کو ایک لالچی جاہل نے اٹھایا

بدیوانگی در حریرم مپیچ
دیوانگی سے مجھے ریشمین کپڑے میں نہ لپیٹ

خر ار جل اطلس بپوشد خر است
اگر گدھا اطلس کی جھول بھی پہن لے تو گدھا ہے

بآب سخن کینہ از دل بشست
بات کے پانی سے دل کا کینہ دھولیا

۱ یعنی یہ دستار علماء کو مغرور اور متکبر بناتی ہے۔
۲ یعنی اچھی چیز اچھے ظرف کی محتاج نہیں ہے۔
۳ یعنی پگڑی باندھ کر سر بڑا کر لینے سے کوئی فائدہ نہیں ہے
۴ زحل ستارا بلند ہے لیکن منحوس سمجھا جاتا ہے۔
۵ یعنی یہ باتیں کہہ کر دل کا غبار مٹا لیا۔

دل آزردہ را سخت باشد سخن
ستائے ہوئے دل کی بات سخت ہوتی ہے
چو خصمت بیفتاد سستی مکن
جب تیرا دشمن گر پڑے تو سستی نہ کر

چو دستت رسد مغز دشمن برآر
جب تجھے دست رسی حاصل ہو جائے دشمن کا بھیجا نکال لے
کہ فرصت فرو شوید از دل غبار
اس لئے کہ موقع دل کا غبار دھو دے گا

چناں ماند قاضی بجورش اسیر
قاضی اپنے ظلم میں خود ایسا گرفتار ہو گیا
کہ گفت اِنَّ ہٰذا لَیَوْمٌ عَسِیْرٌ
کہ بول پڑا کہ بے شک یہ سخت دن ہے

بدنداں گزید از تعجب یدین
تعجب سے دونوں ہاتھ دانتوں سے کاٹے
بماندش دو دیدہ چوں فرقدین
اس کی دونوں آنکھیں فرقدین کی طرح گڑ کر رہ گئیں

وزآنجا جواں روئے ہمت بتافت
وہاں سے جوان نے ارادہ کا رخ موڑ دیا
بروں رفت و بازش نشاں کس نیافت
باہر نکل گیا اور پھر کسی نے اس کا نشان نہ پایا

غریو از بزرگانِ مجلس بخاست
مجلس کے بڑے لوگوں سے شور اٹھا
کہ گوئی چنیں شوخ چشم از کجاست
کہ تو بتا کہ ایسا گستاخ کہاں کا رہنے والا ہے

نقیب از پیش رفت و ہر سو دوید
چوب دار اس کے پیچھے روانہ ہوا اور ہر جانب بھاگا
کہ مردے بدیں نعت و صورت کہ دید
کہ کسی نے کوئی شخص اس صفت اور صورت کا دیکھا ہے

یکے گفت ازیں نوع شیریں نفس
ایک بولا اس قسم کا شیریں گفتار
دریں شہر سعدی شناسیم و بس
اس شہر میں ہم فقط سعدی کو سمجھتے ہیں

براں صد ہزار آفریں کیں بگفت
اس پر ایک لاکھ شاباش کہ یہ اس نے کہا
حق تلخ بیں تا چہ شیریں بگفت
کڑوی سچی بات کو کس میٹھے انداز میں کہہ گیا

حکایت در توبہ کردن پادشاہزادہ گنجہ

گنجہ کے شہزادے کے توبہ کرنے کا قصہ

یکے پادشہ زادہ گنجہ بود
گنجہ کا ایک شاہزادہ تھا
کہ نااہل و ناپاک و سرپنجہ بود
جو نااہل اور ناپاک اور زور آور تھا

بمسجد درآمد سرایان و مست
مست اور گاتا ہوا مسجد میں آگیا
مے اندر سر و ساتگینے بدست
سر میں شراب اور ہاتھ میں جام

بمقصورہ در پارسائے مقیم
حجرہ میں ایک پارسا ٹھہرا ہوا تھا
زبانِ دلآویز و قلبے سلیم
جس کی زبان میٹھی اور دل صحیح تھا

تنے چند بر گفت او مجتمع
کچھ آدمی اس کے وعظ پر جمع تھے
چو عالم نباشی کم از مستمع
اگر تو عالم نہیں ہے تو کم از کم سننے والا بن

چو بے عزتی پیشہ کرد آں حروں
جب اس سرکش نے بے عزتی اختیار کی
شدند آں عزیزاں خراب اندروں
تو ان باعزت لوگوں کا دل پریشان ہوا

چو منکر بود پادشہ را قدم
جب بادشاہ کا قدم برا ہو
کہ یارد زد از امر معروف دم
امر بالمعروف کا دم کون مار سکتا ہے

---

۱ ایلکہ قابو پانے کے بعد اس کو فوراً ختم کر دے۔
۲ حشر کے میدان میں گنہگار یہی کہیں گے۔
۳ فرقدین دو ستارے ہیں جن کا رخ ہمیشہ برج جدی کی طرف رہتا ہے گویا وہ دونوں اس کو نظر جما کر دیکھتے ہیں۔
۴ گنجہ ایک شہر کا نام ہے جو تبریز کے قریب ہے، نظامی گنجوی اسی شہر کے رہنے والے تھے۔
۵ یہ سعدی کا مقولہ ہے کہ اگر انسان عالم نہ ہو تو علماء کا وعظ سنا کرے۔
۶ کسی کو اچھی بات کا حکم دینا۔

تحکم کند سیر بر بوئے گل
لہسن کی بدبو پھول کی خوشبو پر غالب آجاتی ہے

گرت نہی منکر برآید ز دست
اگر تیرے ہاتھ سے نہی عن المنکر ہو سکے

وگر دست قوت نداری بگوے
اگر تو قوت کا ہاتھ نہ رکھتا ہو تو کہہ دے

چو دست و زباں را نماند مجال
جب ہاتھ اور زبان میں طاقت نہ رہے

یکے پیش دانائے خلوت نشیں
گوشہ نشین عقلمند کے سامنے ایک شخص ـــ

کہ یکبارے آخر بریں رند مست
کہ اس رند مست کے لیے آخر ایک مرتبہ

دمِ سوزناک از دلِ باخبر
باخبر دل کی جلا دینے والی ایک آہ

برآورد مردِ جہاندیدہ دست
جہاندیدہ انسان نے ہاتھ اٹھایا

خوش ست ایں پسر وقتش از روزگار
یہ لڑکا زمانہ سے خوش وقت ہے

کسے گفتش اے قدوۂ راستی
کسی نے اس سے کہا اے سچائی کے پیشوا

چہ بد عہد را نیک خواہی ز بہر
بدعہد کے نصیبہ کی نیک خواہی

چنیں گفت بینندۂ تیز ہوش
تیز ہوش سمجھدار نے یہ کہا

بطامات مجلس بیارا ستم
میں نے بڑی باتوں سے مجلس کو سجایا ہے

کہ ہر گہ کہ باز آید از خوئے زشت
اس لیے کہ جب وہ بری عادت سے باز آجائے گا

چنیں پنج روز ست عیش مدام
شراب کا عیش تو یہی پانچ روز کا ہے

حدیثے کہ مرد سخن ساز گفت
بات کے سنانے والے نے جو بات کہی

فرو ماند آواز چنگ از دہل
ستار کی آواز ڈھول سے عاجز آجاتی ہے

نشاید چو بیدست و پایاں نشست
تو بے دست و پا ہو کر نہ بیٹھنا چاہیے

کہ پاکیزہ گردد باندرز خوے
اس لیے کہ نصیحت سے بھی عادت پاکیزہ ہو جاتی ہے

بہمت نمایند مردی رجال
تو لوگ دعا سے مردانگی دکھاتے ہیں

بنالید و بگریست سر بر زمیں
نالاں ہوا اور زمین پر سر رکھ کر رو دیا

دعا کن کہ ما بے زبانیم و دست
بددعا کر دیجئے اس لیے کہ ہم تو بے زبان اور بے ہاتھ ہیں

قوی تر کہ ہفتاد تیغ و تبر
ستر تیغ و تبر سے قوی ہوتی ہے

چہ گفت اے خداوند بالا و پست
کیا کہا .... اے نشیب و فراز کے مالک!

خدایا ہمہ وقت او خوش بدار
اے خدا اس کے تمام اوقات کو خوش بنائے

بدیں بد چرا نیکوئے خواستی
اس بد کے لیے کیوں نیکی چاہی

چہ بد خواستن بر سر خلق و شہر
شہر اور مخلوق کی بدخواہی کے برابر ہے

چو سِرّ سخن در نیابی مجوش
جب بات کی حقیقت تجھے معلوم نہ ہو تو جوش نہ دکھا

ز داد آفریں توبہ اش خواستم
انصاف کے پیدا کرنے والے سے میں نے اسکی توبہ کی خواہش کی

بعیشے رسد جاوداں در بہشت
تو بہشت میں ہمیشہ باقی رہنے والے عیش کو پہنچ جائیگا

بترک اندرش عیشہائے مدام
اس کے چھوڑ دینے میں ہمیشہ کا عیش ہے

یکے زاں میاں با ملک باز گفت
ان میں سے ایک نے بادشاہ سے دہرا دی

ملہ بری بات سے روکنا یعنی ایک مومن کا فرض ہے کہ بری بات کو دیکھ کر اگر اس کے ہاتھ میں طاقت ہے تو طاقت کے ذریعہ اس برائی کو ختم کر دے اور اگر اس قدر طاقت نہیں ہے تو زبان سے اس کی برائی ظاہر کر دے اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو دل سے برا سمجھے یہ نہی عن المنکر کے تین درجے ہیں جن کو سعدی نے ان شعروں میں ظاہر کر دیا ہے۔

ملہ یعنی بزرگ دل کی طاقت سے اس برائی کو ختم کر دیتے ہیں۔

زوجد آب در چشمش آمد چو میغ
بیخودی کی وجہ سے ابر کی طرح اس کی آنکھوں میں پانی آ گیا
نیران شوق اندرونش بسوخت
شوق کی آگ سے اس کا باطن جل اٹھا
بر نیک محضر فرستاد کس
نیک طبیعت کے پاس اس نے کسی کو بھیجا
قدم رنجہ فرمائی تا سر نہم
قدم رنجہ فرمائیں تاکہ میں اطاعت کروں
دو رویہ ستادند بر در سپاہ
دروازہ پر سپاہی دو رویہ کھڑے ہوگئے
شکر دید و عناب و شمع و شراب
اس نے شکر اور عناب اور شمع اور شراب دیکھی
یکے غائب از خود یکے نیم مست
کوئی بےخود، کوئی نیم مست
ز سوئے بر آوردہ مطرب خروش
ایک جانب گویئے کی آوازیں بلند
حریفاں خراب از مے لعل رنگ
لعل جیسے رنگ کی شراب سے ساتھی مست
نبود از ندیماں گردن فراز
بلند مرتبہ دوستوں میں سے کسی کی
دف و چنگ با یک دگر ساز گار
طبلہ اور ستار ایک دوسرے سے سازگار تھے
بفرمود در ہم شکستند خرد
اس نے حکم دے دیا انھوں نے اسکو چورا کر دیا
شکستند چنگ و گسستند رود
انھوں نے ستار کو توڑ ڈالا رود کو پھاڑ ڈالا
بمیخانہ در سنگ بر دن زدند
میخانہ میں مٹکے پر پتھر مارا
رواں خمر و چنگ اوفتادہ نگوں
شراب بہی ہوئی ستار اوندھا گرا ہوا
خم آبستن خمر نہ ماہہ بود
مٹکی نو ماہہ شراب سے حاملہ تھی

ببارید بر چہرہ سیل دریغ
اس نے چہرہ پر افسوس کا سیلاب بہایا
حیا دیدہ بر پشت پایش بدوخت
حیانے آنکھوں کو اس کے پیروں کی پشت پر سی دیا
در توبہ کوباں کہ فریاد رس
توبہ کا دروازہ کھٹکھٹاتے ہوئے کہ فریاد کو پہنچ
سر جہل و ناراستی برنہم
نادانی اور بدچلنی کا خیال نکال دوں
سخن پرور آمد در ایوان شاہ
شاہ کے دربار میں سخن پرور پہنچا
دہ از نعمت آباد و مردم خراب
گھر نعمتوں سے آباد اور انسان تباہ دیکھے
یکے شعر گویاں صراحی بدست
کوئی ہاتھ میں صراحی لیے شعر پڑھتا ہوا
ز دیگر سو آواز ساقی کہ نوش
دوسری طرف ساقی کی صدا کہ، پی!
سر چنگی از خواب در بر چو چنگ
ستار بجانے والے کی طرح نیند سے بغل میں سر دیئے ہوئے
بجز نرگس آنجا کسے دیدہ باز
نرگس کے سوا اس جگہ آنکھ نہ کھلی تھی
بر آوردہ زیر از میاں نالہ زار
دھیما سُر نالہ زار پیدا کر رہا تھا
مبدل شد آں عیش صافی بدرد
وہ صاف عیش تلچھٹ سے بدل گیا
بدر کرد گویندہ از سر سرود
گویئے نے سر سے گانے کا خیال نکال دیا
کدو را نشاندند و گردن زدند
انھوں نے کدو کو بٹھایا اور اس کی گردن ماردی
تو گفتی شدست از بط کشتہ خوں
تو سمجھے گا کہ کشتہ بطخ سے خون جاری ہوگیا
در آں فتنہ دختر بینداخت زود
اس فتنہ میں اس نے جلد لڑکی جن دی

۱ یہ شیخ سعدی کا مقولہ ہے۔
۲ یعنی اس شہزادے نے اس بزرگ کو بلا بھیجا۔
۳ شراب کے ساتھ گزک کے طور پر عناب اور شکر کا استعمال کرتے تھے۔
۴ اس گھر کے انسانوں کی تباہی کا بیان ہے۔
۵ یعنی نرگس کے علاوہ سب نیند سے آنکھیں بند کیے ہوئے تھے۔
۶ رود ایک قسم کا باجا تھا جس پر ریشمین تار کسے ہوتے تھے۔



۷ کدو میں شراب بھری جاتی تھی۔
۸ شراب کی بطخ سے لعل گوں شراب بہنے کا یہ منظر تھا کہ گویا بطخ ذبح کردی ہے۔
۹ شراب کو دختر رز کہا جاتا ہے۔

شکم تا بنافش دریدند مشک
انھوں نے مشک کو پیٹ سے ناف تک پھاڑ ڈالا

بفرمود تا سنگ صحن سرائے
اس نے حکم دے دیا کہ مکان کے صحن کے پتھر

کہ گلگونہ خمر یاقوت فام
اس لیے کہ یاقوت رنگ کی شراب کا اُبٹن

عجب نیست بالوعہ گر شد خراب
اگر چپہ[۱] چپہ مست ہوا تو کوئی تعجب کی بات نہیں

دگر ہر کہ بربط گرفتے بکف
پھر جو بھی ہاتھ میں سارنگی پکڑتا۔

وگر فاسقے چنگ بردے بدوش
اور اگر کوئی فاسق کندھے پر ستار لیجاتا

جوانے[۲] سر از کبر و پندار مست
وہ جوان جس کا سر تکبر اور خودی سے مست تھا

پدر بارہا گفتہ بودش ہول
باپ نے ڈانٹ کر کئی بار اس سے کہا تھا

جفائے پدر بردو زندان و بند
اس[۳] نے باپ کی سختی برداشت کی اور قیدخانہ اور بیڑیاں

گرش سخت گفتے سخنگوئے سہل
نرم[۴] بات کہنے والا اگر اس سے سختی سے کہتا

خیال و غرورش بران داشتے
اس کا گھمنڈ اور غرور اس کو اس پر آمادہ کر دیتا

سپر[۵] نفگند شیر غراں ز جنگ
دھاڑنے والا شیر لڑائی سے ڈھال نہیں ڈالتا ہے

بنرمی ز دشمن تواں کرد دوست
نرمی سے دشمن کو دوست بنایا جاسکتا ہے

چو سنداں کسے سخت روئی نکرد
کسی نے بھی اہرن کی طرح سخت روئی نہیں کی

بگفتن درشتی مکن با امیر
حاکم کے ساتھ بات کرنے میں سختی نہ برت

با خلاق با ہر کہ بینی بساز
جس کو بھی تو دیکھے اخلاق سے پیش آ

قدح را بر و چشم خونیں پراشک
اس پر پیالہ کی خونیں آنکھیں پر اشک تھیں

بکندند و کردند نو باز جائے
اکھاڑ دیں اور انھوں نے اس کی جگہ نئے لگا دیے

بشستن نمی شد ز روی رخام
سنگ مرمر کے چہرے سے دھونے سے نہ مٹا

کہ خورد اندراں روز چنداں شراب
کیونکہ اس نے اس دن بہت شراب پی

قفا خوردے از دست مردم چو دف
تو ڈھپرے کی طرح لوگوں کے ہاتھ سے طمانچے کھاتا

بمالیدے او را چو طنبور گوش
تو وہ طنبورہ کی طرح اس کے کان اینٹھتا

چو پیراں بکنج عبادت نشست
بوڑھوں کی طرح عبادت کے گوشہ میں بیٹھ گیا

کہ پاکیزہ رو باش و شایستہ قول
کہ نیک چلن اور مہذب بات والا بن

چناں سودمندش نیامد کہ پند
اس کو ایسی مفید نہ ہوئیں جیسی کہ نصیحت

کہ بیروں کن از سر جوانی و جہل
کہ سر سے جوانی اور نادانی نکال دے

کہ درویش را زندہ نگذاشتے
کہ درویش کو زندہ نہ چھوڑتا

بیندیشد از تیغ براں جنگ
نہ بیچے کی تیغ براں کی سوچتا ہے

چو با دوست نرمی کنی دشمن اوست
جب تو دوست سے ہلکی بات کرے تو اس کا دشمن ہے

کہ خایسک تادیب بر سر نخورد
کہ ادب سکھانے کا ہتھوڑا سر پر نہ کھایا ہو

چو بینی کہ سختی کند سست گیر
جب تو یہ دیکھے کہ وہ سختی کرتا ہے تو نرمی کر

اگر زیردست ست و گر سرفراز
خواہ وہ ماتحت ہو یا سر بلند

ق

[۱] چونکہ شراب بہائی گئی تھی وہ چپہ چپہ میں جمع ہوئی۔
[۲] یعنی شہزادہ گوشہ نشین ہو کر عبادت گزار بن گیا۔
[۳] یعنی باپ کی سختیاں اس قدر مفید نہ ہوئیں جس قدر بزرگ کی نصیحت
[۴] یعنی بزرگ اس سے سختی برتتا
[۵] یعنی بہادر آدمی سخت بات سے بگڑ جاتا ہے۔

که ایں گردن از نازکی برکشد
که یہ تکبّر سے گردن موڑلے گا

بگفتارِ خوش واں سہ اندر کشد
میٹھی بات کی وجہ سے اور وہ فرماں بردار بنجائیگا

بشیریں زبانی تواں برد گوے
شیریں زبانی کی وجہ سے بازی جیتی جاسکتی ہے

کہ پیوستہ تلخی برد تندخوے
اس لیے کہ بدمزاج ہمیشہ تلخی اٹھاتا ہے

تو شیریں زبانی ز سعدی بگیر
تو سعدی سے شیریں زبانی حاصل کرے

ترش روے را گو بتلخی بمیر
ترش رو کو کہہ دے کہ وہ کڑواہٹ سے مرجائے

حکایتِ طوافِ عسل
شہد لیکر گھومنے والے کا قصہ

شکر خندۂ انگبیں می فروخت
ایک ہنس مکھ شہد بیچتا تھا

کہ دلہا ز شیرینیش می بسوخت
کہ اس کی مٹھاس سے دل جلے جاتے تھے

نباتے میاں بستہ چوں نیشکر
نیشکر جیسے کمر بستہ معشوق

برو مشتری از مگس بیشتر
مکھیوں سے بھی زیادہ اس کے خریدار تھے

گر او زہر برداشتے فی المثل
اگر مثلاً وہ زہر بھی اٹھا لاتا

بخوردندے از دستِ او چوں عسل
اس کے ہاتھ سے شہد کی طرح کھا جاتے

گرانے نظر کرد در کارِ او
ایک بھدّے شخص نے اس کے کاروبار کو دیکھا

حسد بُرد بر رونقِ بازارِ او
اس کے بازار کی رونق پر اس نے حسد کیا

دگر روز شد گردِ گیتی رواں
دوسرے دن اس نے شہر کے چاروں طرف چکر لگایا

عسل بر سر و سرکہ بر ابرواں[1]
سر پر شہد اور ابرؤوں پر سرکہ

بسے گشت فریاد خواں پیش و پس
آگے پیچھے چلاتا گھوما بہت پھرا

کہ ننشست بر انگبینش مگس
کیونکہ اس کے شہد پر کوئی مکھی نہ بیٹھی۔

شبانگہ چو نقدش نیامد بدست
رات تک جب کچھ نقد اس کے ہاتھ نہ آیا

بد لتنگ روئی بکنجے نشست
دل تنگی کی وجہ سے ایک کونہ میں بیٹھ گیا

چو عاصی ترش کردہ روی از وعید[2]
اللہ کی دھمکی سے منہ بگاڑے ہوئے گنہگار کی طرح

چو ابروی زندانیاں روزِ عید
عید کے دن قیدیوں کی ابرو کی طرح

زنے گفت بازی کناں شوے را
ایک عورت نے شوہر سے مذاق میں کہا

عسل تلخ باشد ترش روے را
بدمزاج کا شہد بھی کڑوا ہوتا ہے۔

حرامست بود نانِ آں کس چشید[3]
اس آدمی کا کھانا چکھنا تیرے لیئے حرام ہو

کہ چوں سفرہ ابرو بہم در کشید
جو دسترخوان کی طرح پیشانی پر سلوٹیں ڈالے

مکن خواجہ بر خویشتن کار سخت
اے صاحب اپنا کام سخت نہ بنا

کہ بدخوئے باشد نگونسار بخت
اس لیے کہ بدعادت اوندھے نصیبہ کا ہوتا ہے

گرفتم کہ سیم و زرت چیز نیست
میں نے مانا کہ چاندی سونا تیرے پاس کچھ نہیں ہے

چو سعدی زبانِ خوشت نیز نیست
کیا سعدی کی طرح تیرے پاس میٹھی زبان بھی نہیں ہے

---

[1] ابرو والا پر سرکہ سے مراد بدمزاجی ہے۔

[2] یعنی ایسا منہ بگاڑ کر بیٹھ گیا جیسا کہ گنہگار اللہ کی وعید پر یا قیدی عید کے دن۔

[3] بدمزاج شخص کے یہاں کھانا بھی درست نہیں ہے۔

حکایت در معنی تواضع نیکمرداں

حکایت نیک انسانوں کی تواضع کے بیان میں

شنیدم کہ فرزانۂ حق پرست
میں نے سنا ہے کہ ایک حق پرست عقلمند

گریباں گرفتش یکے رند مست
کا گریبان ایک مست رند نے پکڑ لیا

ازاں تیرہ دل مردِ صافی دروں
صاف باطن انسان نے اس سیاہ دل کے

قفا خورد و سر بر نکرد از سکوں
طمانچے کھائے اور سکون کی وجہ سے سر نہ اٹھایا

یکے گفتش آخر نہ مردی تو نیز
کسی نے اس سے کہا آخر تو بھی مرد ہے

تحمل دریغست ازیں بے تمیز
اس بے تمیز کی برداشت قابل افسوس ہے

شنید ایں سخن مردِ پاکیزہ خوے
پاکیزہ طبیعت انسان نے یہ بات سنی

بدو گفت زیں نوع با من مگوے
اس سے کہا اس قسم کی بات مجھ سے نہ کر

دَرَد مست ناداں گریبانِ مرد
نادان مست ایسے بہادر کا گریبان پھاڑ ڈالتا ہے

کہ با شیر جنگی سگالد نبرد
جو شیر جیسے پنجہ والے سے لڑائی کی سوچتا ہے

ز ہشیار عاقل نترسد کہ دست
ہوشیار آدمی سے عقلمند اس کا اندیشہ نہیں کرتا ہے[۱]

زند در گریبان ناداں مست
کہ وہ نادان مست کے گریبان پر ہاتھ ڈالیگا

ہنرور چنیں زندگانی کند
ہنرمند اس طرح زندگی بسر کرتا ہے

جفا بیند و مہربانی کند
کہ ظلم سہتا ہے اور مہربانی کرتا ہے

حکایت در معنی عزت نفس مرداں

حکایت شریفوں کے نفس کی عزت کے بیان میں

سگے پاے صحرا نشینے گزید
ایک کتے نے ایک صحرا نشین کے پیر میں کاٹ لیا

بخشمے کہ زہرش ز دنداں چکید
ایسے غصے سے کہ اس کے دانتوں سے زہر ٹپک رہا تھا

شب از درد بیچارہ خوابش نبرد
بیچارہ کو درد کی وجہ سے رات کو نیند نہ آئی

بخیل اندرش دخترے بود خرد
اس کے خاندان میں ایک چھوٹی سی لڑکی تھی

پدر را جفا کرد و تندی نمود
باپ پر سختی کرنے لگی اور غصہ ہوئی

کہ آخر ترا نیز دنداں نبود
کہ آخر تیرے دانت نہ تھے[۲]

پس از گریہ مردِ پراگندہ روز
پریشان روزگار رونے کے بعد

بخندید کاے بابکِ دلفروز
ہنس پڑا کہ اے دل کو روشن کرنیوالی بی بی

مرا گرچہ ہم سلطنت بود و بیش
اگرچہ میرے پاس بھی طاقت تھی

دریغ آمدم کام و دندانِ خویش
میں نے اپنے منہ اور دانتوں کو بچایا

محالست گر تیغ بر سر خورم
اگر میں سر پر تلوار کھا جاؤں تو بھی ناممکن ہے

کہ دنداں بپاے سگ اندر برم
کہ میں کتے کے پیر میں دانت گھسا سکوں

تواں کرد با ناکساں بدرگی
نالائقوں کے ساتھ برائی کی جا سکتی ہے

ولیکن نیاید ز مردم سگی
لیکن انسان سے کتا پن نہیں ہو سکتا

[۱] کسی ہوشیار سے یہ کبھی توقع نہیں ہوتی کہ وہ کسی رند سے دست و گریباں ہوگا۔
[۲] یعنی تو بھی کتے کو کاٹ لیتا۔

حکایت خواجہ نیکوکار و بندۂ نافرمان

نیک آقا اور سرکش غلام کا قصہ

بزرگے ہنرمند آفاق بود
ایک بزرگ تمام زمانے کا ہنرمند تھا

غلامش نکوہیدہ اخلاق بود
اس کا غلام برے اخلاق کا تھا

ازیں خفرقے موئے بالیدۂ
اس بدہیات کے بال بڑھے ہوتے

بدے سرکہ در روے مالیدۂ
بُرا، منہ پر سرکہ ملے ہوتا

چو ثعبانش آلودہ دنداں بزہر
اس کے دانت اژدہے کی طرح زہر آلودہ تھے

گرو بردہ از زشت رویانِ شہر
شہر کے بدصورتوں سے بازی لے گیا تھا

مدامش بروی آب چشم سبل[1]
روہوں والی آنکھ کا پانی ہمیشہ چہرہ پر

دمیدے ز بوئے پیاز از بغل[2]
نمودار رہتا اور بغل کی پیاز کی بدبو

گرہ وقت پختن برابرو زدے
پکانے کے وقت ابرو پر گرہ ڈال لیتا

چو پختند با خواجہ زانو زدے
جب پکا لیتے تو آقا کے ساتھ ران ملا کر بیٹھتا

دمادم بناں خوردنش ہم نفس
دمادم روٹی کھانے میں ساتھ رہتا

وگر مُردے آبے ندادے بکس
اور اگر کوئی مر بھی جاتا تو پانی نہ پلاتا

نہ گفت اندرو کار کردے نہ چوب[3]
اس میں نہ بات کام کرتی نہ لکڑی

شب و روز ازو خانہ در کند و کوب[4]
رات اور دن اس کی وجہ سے گھر درہم برہم

گہے خار وخس در رہ انداختے
کبھی کانٹے اور تنکے راستے میں ڈال دیتا

گہے ماکیاں در چہ انداختے
کبھی مرغیوں کو کنوئیں میں پھینک آتا

ز سیماش وحشت فراز آمدے
اس کے چہرے سے وحشت معلوم ہوتی

نرفتے بکارے کہ باز آمدے[5]
کسی کام کو نہ جاتا کہ واپس لوٹ کر آتا

کسے گفت ازیں بندۂ بدخصال
کسی نے کہا اس بدعادت غلام سے

چہ خواہی ادب یا ہنر یا جمال
تو کیا چاہتا ہے ادب یا ہنر یا حسن

نیرزد وجودے بدیں ناخوشی
اس برائی کے ساتھ اس کا وجود اس لائق نہیں ہے

کہ جورش پسندی و بارش کشی
کہ تو اس کا ظلم پسند کرے اور اس کا بوجھ اٹھائے

منت بندۂ خوب نیکو سیر
میں تیرے لیے ایک خوبصورت نیک عادت غلام

بدست آرم ایں را بہ نخاس بر
لے آؤں گا اس کو بردہ فروش کے یہاں لے جا

وگر یک پشیز آورد سر مپیچ
اگر ایک پیسہ لگے تو انکار نہ کرنا

گرانست اگر راست خواہی بہیچ[6]
اگر سچ کہلوانا ہے تو وہ مفت بھی گراں ہے

شنید ایں سخن مردِ نیکو نہاد
نیک طبیعت انسان نے یہ بات سنی

بخندید کاے یارِ فرخ نژاد
ہنسا کہ اے مبارک ذات یار

بدست ایں پسر طبع و خویش ولیک
اس لڑکے کی طبیعت اور عادت بری ہے لیکن

مراز و طبیعت شود خوئے نیک
اس کی وجہ سے میری طبیعت نیک عادت ہو جائیگی

[1] یعنی بدمزاج تھا۔
[2] یعنی چندھا تھا اور بغل گند کا بھی تھا۔
[3] نہ برا بھلا کہنا مفید تھا، نہ مار پیٹنا۔
[4] یعنی شرارتیں بھی کرتا رہتا تھا۔
[5] کہیں جاکر کوئی کام نہ کرتا تھا۔
[6] ایک پیسہ میں بھی بیچ ڈالنا خریدنے کے لیے یہ مفت بھی گراں ہے۔

چو زو کردہ باشم تحمّل بسے
جب اس کی بہت برداشت کرلوں گا
توانم جفا بردن از ہر کسے
تو ہر شخص کا ظلم برداشت کرسکوں گا

مروّت ندانم کہ کفر و شمش
میں شرافت نہیں سمجھتا ہوں کہ اس کو برا سمجھوں
بد بگیر کسے عیب بر گویمش
کسی دوسرے سے اس کا عیب کہوں

چو من در بلایش تحمّل کنم
اگر میں اس کی مصیبت کو برداشت کروں
بسے بہ بود گر تحوّل کنم
یہ اس سے بہت بہتر ہے کہ اسکو کسی کے حوالے کروں

چو خود را پسندی کسے را پسند
تو جو اپنے لیے پسند کرے دوسرے کے لیے بھی پسند کر
تو در زحمتی دیگرے را مبند
تو تکلیف میں ہے تو دوسرے کو مبتلا نہ کر

تحمّل چو زہرت نماید نخست
برداشت کرنا ابتدائً تجھے زہر معلوم ہوگا
ولے شہد گردد چو در طبع رست
لیکن شہد بن جائے گا جب طبیعت میں رچ جائیگا

حکایت معروف کرخی و مسافر رنجور
معروف کرخی اور ایک بیمار مسافر کا قصہ

کسے راہِ معروف کرخی نجست
کسی ایسے شخص نے معروف کرخی کا راستہ نہیں ڈھونڈا
کہ ننہاد معروفی از سر نخست
جس نے سب سے پہلے دماغ سے شہرت نہ نکال دی ہو

شنیدم کہ مہمانش آمد یکے
جو شخص حکم کی اطاعت کرتا ہے

ہر آں طفل کو جورِ آموزگار
ہر وہ بچہ جو استاد کا ظلم

کہ تا چشم برہم زنی خانہ سوخت
اس لیے کہ جب تک تو پلک جھپکائے گا گھر جل جائے گا

پسر را خردمندی آموز و رائے
لڑکے کو عقلمندی اور رائے سکھا

بمیری و از تو نماند کسے
تو مر جائے گا اور تیرے بعد کوئی اہل نہ رہے گا

پسر چوں پدر نازکش پرورد
لڑکا جب کہ باپ اس کو نازوں سے پالے گا

گرش دوستداری بنازش مدار
اگر تجھے اس سے محبت ہے اس کو ناز میں نہ رکھ!

بہ نیک و بدش وعدہ و بیم کن
اچھے اور برے کا وعدہ اور خوف دلا

ز توبیخ و تہدید استاد بہ
استاد کی سرزنش اور دھمکی سے زیادہ مفید ہے

وگر دست داری چو قاروں بگنج
اگرچہ تو قارون کی طرح خزانہ پر قابو رکھتا ہو

کہ باشد کہ نعمت نماند بدست
اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ دولت ہاتھ میں نہ رہے

نگردد تہی کیسۂ پیشہ ور
پیشہ ور کی تھیلی خالی نہیں ہوتی

بغربت بگرداندش در دیار
اس کو سفر میں گھمائے پھرے ملکوں میں

کجا دستِ حاجت برد پیش کس
پھر وہ ضرورت کا ہاتھ کسی کے سامنے کب لے جائیگا

نہ ہاموں نوشت و نہ دریا شگافت
نہ جنگل طے کیے نہ دریا پھاڑا

خدا دادش اندر بزرگی صفا
خدا نے اس کو بزرگی میں صفائی عنایت فرمائی

بسے بر نیاید کہ فرماں دہد
زیادہ وقت نہیں گزرتا کہ حکم چلانیوالا بن جاتا ہے

نہ بیند جفا بیند از روزگار
نہیں سہتا ہے زمانہ کا ظلم سہتا ہے

۱۔ جوان لڑکے اور لڑکی کی مثال روئی اور آگ کی سی ہے۔
۲۔ باسلیقہ اولاد سے تیرا نام روشن ہوگا
۳۔ ناز پروردہ کو دنیا میں بہت دھکے کھانے پڑتے ہیں۔
۴۔ یعنی اگر وہ اچھا کام کرے تو اچھا وعدہ کر، اگر وہ برا کرے تو دھمکا دے۔
۵۔ چھوٹے بچے کو پیار و محبت سے تعلیم دینی چاہیے
۶۔ اولاد کو ہنرمند بنا دینا چاہیے خواہ انسان قارون ہو۔
۷۔ یعنی نہ خشکی کا سفر کیا نہ دریا کا۔
۸۔ اطاعت سے سرداری ملتی ہے۔

۱۰

پسر رانکو دار و راحت رساں
لڑکے کو عمدہ طریقے پر رکھ اور آرام پہنچا
که چشمش نماند بدست کساں
تاکہ دوسروں کے ہاتھ کی طرف اس کی نگاہ نہ اٹھے

ہر آں کس کہ فرزند را غم نخورد
جس شخص نے اولاد کا غم نہ کھایا
دگر کس غمش خورد و آوارہ کرد
دوسرے نے اس کا غم اٹھایا اور اس کو آوارہ کر دیا

نگہدار از آمیزگار بدش
بد کے میل جول سے اس کی نگرانی کر
کہ بدبخت و بے رہ کند چوں خودش
ورنہ وہ اس کو اپنی طرح بدبخت اور بے راہ کر دیگا

بسیہ نامہ ترزاں مخنث مخواہ
اس ہیجڑے سے زیادہ سیاہ اعمال نامہ والا کسی کو نہ تلاش کر
کہ پیش از خطش روے گردد سیاہ
جس کا خط آنے سے پہلے منہ کالا ہو جائے

ازاں بے حمیت بباید گریخت
اس بے غیرت سے بھاگنا چاہیے
کہ نامردیش آب مرداں بریخت
جس کی نامردی نے مردوں کی آبرو بہائی

پسر کو میان قلندر نشست
وہ لڑکا جو قلندروں میں بیٹھا
پدر گو ز خیرش فروشوئے دست
باپ سے کہہ دو اس کی بھلائی سے ہاتھ دھولے

دریغش مخور بر ہلاک و تلف
اس کے ہلاک اور برباد ہونے پر افسوس نہ کر
کہ پیش از پدر مردہ بہ ناخلف
(۳) لئے کہ ناخلف کا باپ سے پہلے مرجانا بہتر ہے

۱؎ اگر تم اولاد کی ضروریات پوری نہ کروگے تو وہ آوارہ ہو جائے گی۔
۲؎ دنیا میں سب سے زیادہ سیاہ اعمال آتا اس کا ہے جو بچپن میں مردوں سے آوارگی کرائے
۶۰
۳؎ دوسرے معنی یہ بھی ہیں کہ اس نے مردوں کا نطفہ ضائع کیا۔
۴؎ آوارہ اولاد کا باپ کی زندگی میں مرجانا بہتر ہے

حکایت

شبے دعوتے بود در کوئے من
میری گلی میں ایک رات دعوت تھی
ز ہر جنس مردم درو انجمن
اس محفل میں ہر قسم کے آدمی تھے

چو آواز مطرب در آمد ز کوئے
جب کوچے سے گویّے کی آواز آئی
بگردوں شد آوازۂ ہای و ہوئے
ہائے و ہو کی آوازیں آسمان پر پہنچیں

پری پیکرے بود محبوب من
ایک میرا معشوق پری جیسے جسم والا تھا
بدو گفتم اے لعبت خوب من
میں نے اس سے کہا اے میرے خوبصورت کھلونے

چرا با جوانان نیائی بجمع
جوانوں کے ساتھ تو مجمع میں کیوں نہیں آتا
کہ روشن کنی مجلس ما چو شمع
تاکہ شمع کی طرح ہماری مجلس کو روشن کر دے

شنیدم سہی قامت سیم تن
میں نے سنا کہ سیدھے قد والا چاندی کے جسم والا
کہ می رفت و می گفت با خویشتن
چلا جا رہا تھا اور اپنے آپ سے کہہ رہا تھا

محاسن چو مرداں ندارم بدست
مردوں کی سی خوبیاں میرے پاس نہیں ہیں
نہ مردی بود پیش مرداں نشست
تو مردوں کے سامنے بیٹھنا انسانیت نہیں ہے

گفتار در احتراز از صحبت امرداں
کہاوت نوخیز لڑکوں کی صحبت سے بچاؤ کے بیان میں

خرابت کند شاہد خانہ کن
گھر برباد کرنے والا معشوق تجھے خراب کر دیگا
برو خانہ آباد گرداں بزن
جا بیوی سے گھر آباد کر!

نشاید هوس باختن با گلی
هوس بازی ایسے پھول سے مناسب نہیں ہے
که هر بامدادش بود بلبلی
جس کے لیے ہر صبح ایک نئی بلبل ہو

چو خود را بہر مجلسے شمع کرد
جب اس نے اپنے آپ کو ہر محفل کی شمع بنایا
تو دیگر چو پروانه گردش مگرد
پھر تو پروانہ کی طرح اس کا چکر نہ کاٹ

زنِ خوب خوش خوئے آراسته
خوبصورت، خوش مزاج، بنی سنوری بیوی
چه ماند بنادانِ نوخاسته
نوعمر نادان سے کیا مشابہت رکھتی ہے

در او دم چو غنچه دمے از وفا
غنچہ کی طرح اس کی وفا کا دم بھر
که از خنده افتد چو گل در قفا
خوشی سے وہ پھول بنکر تیرے پیچھے لگے گی

نه چون کودکِ پیچ بر پیچ شنگ
وہ لڑکے کی طرح پیچ در پیچ اور شوخ نہیں ہے
که چون مقل نتوان شکستن بسنگ
کہ جس کو گوگل کی طرح پتھر سے بھی نہ توڑا جا سکے

مبینش دلفریبش چو حورِ بہشت
اس کو بہشت کی حور کی طرح دل لبھانے والا نہ سمجھ
کزاں روئے دیگر چو غولست زشت
اس لئے کہ وہ دوسری طرف سے بھوت کی طرح برا ہے

گرش پائے بوسی ندارد ت پاس
اگر تو اس کے پیر بھی چومے گا وہ تیرا لحاظ نہ کرے گا
ورش خاک باشی نداند سپاس
اگر تو اس کی خاک بھی بن جائے گا شکر گزار نہ ہوگا

سر از مغز و دست از درم کن تہی
بھیجے سے سر روپیہ پیسے سے ہاتھ خالی کرلے
چو خاطر بفرزندِ مردم نہی
اگر انسان کے بچے پر دل دے گا

مکن بد بفرزندِ مردم نگاه
لوگوں کی اولاد پر بد نگاہ نہ ڈال
که فرزندِ خویشت برآید تباه
ورنہ تیری اولاد تباہ ہو جائے گی

حکایت

درین شهر بارے بسمعم رسید
اس شہر میں ایک بار میرے کان میں یہ بات پہنچی
که بازارگانے غلامے خرید
ایک تاجر نے ایک غلام خریدا

شبانگه مگر دست بردش بشیب
رات کے وقت شاید اس نے اس کے نچلے حصہ پر ہاتھ ڈال دیا
که سیمین زنخ بود و خاطر فریب
اس لیے کہ وہ چاندی جیسے رخسار والا اور دلفریب تھا

پری چہره هر چه اوفتادش بدست
پری جیسے چہرے والے کے ہاتھ میں جو کچھ آیا
بکیں در سر و مغزِ نادان شکست
کینہ سے نادان کے سر اور بھیجے پر توڑ ڈالا

گوا کرد بر خود خدا و رسول
اس نے اپنے اوپر خدا اور رسول کو گواہ بنایا
که دیگر نگردم بگردِ فضول
کہ پھر میں فضول بات کا چکر نہ کاٹوں گا

رحیل آمدش ہم در آں ہفته پیش
اس کو اسی ہفتہ سفر پیش آگیا
دل افگار و سر بسته و روئے ریش
دل زخمی اور سر بندھا ہوا اور چہرہ زخمی

چو بیروں شد از کازروں یک دو میل
جب کازروں سے ایک دو میل آگے نکلا
به پیش آمدش سنگلاخے ہیل
ایک پتھریلی خوفناک زمین اس کے سامنے آگئی

۱ یعنی وہ امرد جس کا ہر روز ایک نیا عاشق پیدا ہو جائے۔
۲ غنچہ باد سحری کے چلنے سے کھل جاتا ہے
۳ دیکھنے میں حور معلوم ہوتا ہے لیکن عادت کے اعتبار سے بھوت ہے۔
۱۰
۴ امرد پرستی انسان کو دیوانہ اور مفلس بنا دیتی ہے۔
۵ بدفعلی کے ارادے سے۔
۶ بدفعلی کا ارادہ نہ کروں گا۔
۷ چونکہ لڑکے نے مارا تھا
۸ فارس کا مشہور شہر ہے۔

بپرسید کیں قلّہ را نام چیست
اس نے معلوم کیا کہ اس پہاڑی[1] کا کیا نام ہے

کہ بسیار بلند عجب ہر کہ زیست
اس لئے کہ جو زندہ رہتا ہے وہ بہت عجائب دیکھتا ہے

چنیں گفتش از کارواں ہمدمے
قافلہ سے ایک ساتھی نے اس سے یہ کہا

مگر تنگ ترکاں ندانی ہمے
شاید تو "تنگ ترکاں"[2] کو نہیں جانتا ہے

سیہ را یکے بانگ برداشت سخت
اس نے غلام کو سختی سے پکارا

کہ دیگر چہ رانی ببینداز رخت
کہ آگے کیوں ہانکتا ہے، سامان ڈال دے

نہ عقلست و نہ معرفت یک جوم
مجھ میں ایک جو برابر بھی عقل اور پہچان نہیں ہے

اگر من دگر تنگ ترکاں روم
اگر میں پھر ترکوں کی "تنگا" میں گھسوں۔

درِ شہوت نفس کافر بہ بند
کافر نفس کی شہوت کا دروازہ بند کر دے

وگر عاشقی لت خور و سر بہ بند
اگر تو عاشق ہے تو لاتیں کھا اور سر کو پٹی لپیٹ

چو مر بندۂ را ہمی پروری
جب تو کسی نوکر کی پرورش کرے

بہیبت برآرش کزو برخوری
اس کو رعب میں رکھ تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے

وگر سیدش لب بدنداں گزد
اور اگر اس کا آقا اس کے ہونٹ دانتوں سے دبائے گا[3]

دماغِ خداوندگاری پزد
وہ آقائی کا خیال پکائے گا

غلام آبکش باید و خشت زن
نوکر پانی کھینچنے والا اور اینٹیں پاتھنے والا چاہیے

بود بندۂ نازنیں مشت زن
نازنین نوکر گھونسے باز ہوتا ہے

نیم ہر جا کہ بینی خطِ دل فریب
یہ مناسب نہیں کہ جہاں کہیں بھی دل فریب خط[4] دیکھے

توانی طمع کردنش در کتیب
اس کو کتاب میں کر لینے کا لالچ کرے

حکایت

گروہے نشیند با خوش پسر
بہت سے لوگ خوبصورت لڑکے کے ساتھ بیٹھتے ہیں

کہ ما پاکبازیم و صاحب نظر
کہ ہم تو پاکباز اور دیکھا بھالی کے ہیں

ز من پرس فرسودۂ روزگار
مجھ زمانہ کے گھسے ہوئے سے پوچھ

کہ بر سفرہ حسرت خورد روزہ دار
کہ روزہ دار دستر خوان پر بیٹھ کر حسرت کھاتا ہے

ازاں تخم خرما خورد گوسپند
بکری اسی وجہ سے چھوارے کی گٹھلی کھاتی ہے

کہ قفلست بر تنگِ خرما و بند
کہ چھوارے کے بورے پر بند لا ڈالتا ہے

بزِ گاوِ عصار ازاں در گہ است
تیلی کے بیل کا سر اسی وجہ سے گھاس میں ہے

کہ از کنجدش ریسماں کوتہ است
کہ تلوں تک پہنچنے سے اس کی رسی تنگ ہے

حکایت

یکے صورتے دید صاحب جمال
ایک شخص نے ایک حسین صورت دیکھی۔

بگردیدش از شورش عشق حال
عشق کے پاگل پن سے اس کی حالت دگرگوں ہو گئی

---

[1] اس پہاڑی کا نام ہے

[2] ترک امرد لڑکے کو بھی کہتے ہیں اور تنگ سے مراد اس کی شرم گاہ ہے،

[3] یعنی اگر غلام سے عشق بازی شروع کر دی تو وہ آقا بن جائے گا۔

[4] خط سے مراد معشوق کے رخسار کا خط ہے اور "در کتاب کردن" کسی چیز پر قبضہ کرنا

[5] یعنی یہ کہتے ہیں

[6] غرضیکہ انسان کو ایسے مواقع سے گریز چاہیے ورنہ برائی میں مبتلا ہو جائے گا۔

براند اخت بیچارہ چنداں عرق
بے چارے نے اس قدر پسینہ ٹپکایا

کہ شبنم بر آرد ی بہشتی ورق
جتنا جیٹھ کے مہینہ میں پتہ پر شبنم

گذر کرد بقراط بروے سوار
بقراط سوار ہوکر اس کے پاس سے گذرا

بپرسید کیں را چہ افتاد کار
اس نے پوچھا کہ اس کو کیا ہوا ہے

کسے گفتش ایں عابد پارساست
کسی نے اس سے کہا کہ یہ ایک نیک عبادت گذار ہے

کہ ہرگز خطائے ز دستش نخاست
جس کے ہاتھ سے کبھی کوئی غلطی نہیں ہوئی ہے

رود روز و شب در بیابان و کوہ
رات اور دن کو جنگل اور پہاڑ میں چلا جاتا ہے

ز صحبت گریزاں ز مردم ستوہ
صحبت سے گریز کرنے والا ہے اور انسانوں سے عاجز ہے

بر دست خاطر فریبے دلش
ایک دل لبھانے والا اس کا دل لے گیا ہے

فرو رفتہ پائے نظر در گلش
نگاہ کا قدم اس کی مٹی میں دھنس گیا ہے

چو آید ز خلقش ملامت بگوش
جب لوگوں کی ملامت اس کے کان میں آتی ہے

بگرید کہ چند از ملامت خموش
روتا ہے کہ ملامت کب تک! خاموش رہو

بگوی ار بنالم کہ معذور نیست
اگر میں روؤں تو تم یہ کہو کہ معذور نہیں ہے

کہ فریادم از علتے دور نیست
کیونکہ میرا چیخنا سبب سے دور نہیں ہے

نہ ایں نقش دل می رباید ز دست
یہ صورت دل کو ہاتھ سے نہیں اچک سکتی ہے

دل آں می رباید کہ ایں نقش بست
دل کو وہ اچک سکتا ہے جس نے یہ صورت بنائی ہے

شنید ایں سخن مرد کار آزمائے
کار آزمودہ شخص نے یہ بات سنی

کہن سال پروردہ و پختہ رائے
جو کہ پرانی عمر کا اور پختہ رائے تھا

بگفت ار چہ صیت نکوئی رود
اس نے کہا اگرچہ نیکی کی شہرت پھیلتی ہے

نہ با ہر کسے ہر چہ گوئی رود
لیکن ہر شخص کے سامنے ہر بات نہیں چلتی ہے

نگارندہ را خود ہمیں نقش بود
نقش و نگار کرنے والے کا صرف یہی ایک نقش تھا

کہ شوریدہ را دل بیغما ربود
جو دیوانہ کے دل کو لوٹ لے گیا

چرا طفل یک روزہ ہوشش نبرد
ایک دن کا بچہ اس کا ہوش کیوں لے گیا

کہ در صنع دیدن چہ بالغ چہ خرد
اس لیے کہ کاریگری دیکھنے میں بالغ اور بچہ برابر ہے

محقق ہماں بیند اندر ابل
محقق شخص اونٹ میں بھی وہی بات دیکھتا ہے

کہ در خوب رویان چین و چگل
جو چین اور چگل کے حسینوں میں

نقابیست ہر سطر من زیں کتیب
میری اس کتاب کی ہر سطر ایک نقاب ہے

فروہشتہ بر عارض دلفریب
جو دل فریب رخسارہ پر پڑا ہوا ہے

معانیست در زیر حرف سیاہ
کالے حرفوں کے نیچے ایسے معانی ہیں

چو در پردہ معشوق و در میغ ماہ
جیسے پردہ میں معشوق اور بدلی میں چاند

در اوقات سعدی نگنجد ملال
سعدی کے اوقات میں ملال کی گنجائش نہیں ہے

کہ دارد پس پردہ چندیں جمال
کیونکہ پردہ کے پیچھے بہت سی خوبیاں رکھتا ہے

۱؎ مشہور حکیم ہے۔
۲؎ بلکہ میرے رونے چلانے کا صحیح سبب ہے
۳؎ یعنی میں دراصل اس خوبصورت پر عاشق نہیں ہوں بلکہ اس کے بنانے والے یعنی خدا پر عاشق ہوں
۴؎ یعنی بقراط
۵؎ اگر خدا کی کاریگری پر عشق ابھرا ہے تو بچے میں کاریگری زیادہ نمایاں ہے۔
۶؎ یہاں سے شیخ سعدی کا اپنا مقولہ شروع ہوا ہے۔

مرا کیں سخنہاست مجلس فروز
جبکہ مجلس کو رونق بخشنے والی میری یہ باتیں ہیں
چو آتش درو روشنائی و سوز
جن میں آگ کی طرح روشنی اور جلن ہے

نرنجم ز خصماں اگر بر طپند
اگر دشمن تڑپیں تو میں رنجیدہ نہیں ہوتا ہوں
کزیں آتش پارسی در تپند
کہ وہ اس پارسی آگ سے بخار میں مبتلا ہیں

گفتار در عدم التفات بر قول اہل دنیا

کہاوت دنیاداروں کی بات کی طرف توجہ نہ کرنے کے بیان میں

اگر در جہاں از جہاں رستہ ایست
اگر دنیا میں کوئی شخص دنیا والوں سے بچا ہوا ہے
در از خلق بر خویشتن بستہ ایست
تو وہی ہے جو اپنا دروازہ لوگوں پر بند کیے ہوئے ہے

کس از دست جور زبانہا نرست
زبانوں کے ظلم سے کوئی شخص نہیں چھوٹا
اگر خود نمایست اگر حق پرست
خواہ ریاکار ہے خواہ حق پرست ہے

اگر بر پری چوں ملک ز آسماں
اگر تو فرشتہ کی طرح آسمان سے اڑے
بدامن در آویزدت بدگماں
بدگمان تیرے دامن میں لٹکے گا

بکوشش تواں دجلہ را پیش بست
کوشش سے دجلہ پر پشتہ باندھا جاسکتا ہے
نشاید زبان بداندیش بست
بداندیش کی زبان بندی نہیں کی جاسکتی

فراہم نشینند تر دامناں
گنہگار جمع ہوکر بیٹھتے ہیں (اور کہتے ہیں)
کہ ایں زہد خشک است و آں دام ناں
کہ یہ تو خشک پرہیزگاری ہے اور وہ روٹی کا جال ہے

تو روی از پرستیدن حق مپیچ
تو حق کی پرستش سے منہ نہ موڑ
بہل تا نگیرند خلقت بہیچ
چھوڑ یہاں تک کہ وہ تجھے کسی چیز کے قابل نہ سمجھیں

چو راضی شد از بندہ یزدان پاک
جب خدائے پاک بندہ سے راضی ہوگیا
گر اینہا نگردند راضی چہ باک
اگر یہ راضی نہ ہوئے تو کیا پرواہ ہے

بداندیش خلق از حق آگاہ نیست
مخلوق کا بدخواہ خدا سے واقف نہیں ہے
ز غوغائے خلقش بحق راہ نیست
مخلوق کے شور و غل سے ہٹ کر خدا کی طرف اس کا راستہ نہیں ہے

ازاں رہ بجائے نیاوردہ اند
اسی سبب سے وہ کسی مقام تک نہیں پہنچے
کہ اول قدم پے غلط کردہ اند
کیونکہ انھوں نے پہلے ہی قدم پر راستہ غلط کردیا

دو کس بر حدیثے گمارند گوش
دو آدمی کسی بات پر کان دھرتے ہیں
ازیں تا بداں ز اہرمن تا سروش
اس سے اس تک اتنا فاصلہ ہے جیسے اہرمن سے فرشتہ تک

یکے پند گیرد دگر ناپسند
ایک نصیحت حاصل کرتا ہے دوسرا ناپسند کرتا ہے
نپرداز د از حرف گیری بہ پند
نکتہ چینی کو چھوڑ کر نصیحت قبول نہیں کرتا ہے

فرو ماندہ در کنج تاریک جائے
تاریک گوشہ میں عاجز
چہ دریابد از جام گیتی نمائے
جہان نما جام سے کیا حاصل کرسکتا ہے

مپندار اگر شیر اگر روبہی
خواہ تو شیر ہے خواہ لومڑی یہ نہ سمجھ!
کز ایناں بمردی و حیلت رہی
کہ تو ان سے شرافت اور حیلہ کے ذریعہ چھٹکارا حاصل کرلیگا

۱؎ یعنی بزرگوں پر ان لفظوں سے تنقید ہیں کرتے ہیں۔
۲؎ راہ سلوک کی ابتدا یہ ہے کہ انسانوں کی ایذا رسانی سے بچے۔
۳؎ یعنی ان دونوں سننے والوں میں اس قدر فرق ہے جیسا کہ شیطان اور فرشتے میں۔
۴؎ یعنی بات سن کر
۵؎ یعنی نصیحت نہ سننے والا
جام گیتی نما جام جمشید کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعہ وہ ہفت اقلیم کی معلومات کرلیتا تھا۔ یہاں مراد قلب انسانی ہے۔

۱۰

اگر کنج خلوت گزیند کسے
اگر کوئی شخص تنہائی کا گوشہ اختیار کرلے

مذمت کنندش کہ زرقست و ریو
تو اس کی برائی کریں گے کہ مکر اور فریب ہے

وگر خندہ روئیست و آمیزگار
اور اگر ہنس مکھ ہے اور گھل ملنے والا ہے

غنی را بغیبت بکاوند پوست
بدگوئی کرکے مال دار کی کھال ادھیڑ دیں گے

وگر مرد درویش در سختی است
اور اگر کوئی فقیر مصیبت میں ہے

وگر کامرانے در آید ز پائے
اور اگر کوئی بامراد مرتبہ سے گر جائے

کہ تا چند ازیں جاہ گردن کشی
کہ اس مرتبہ کی وجہ سے تو کب تک تکبر کرتا

وگر تنگ دستے تنک مایہ
اور اگر کسی تنگ دست، کم سرمایہ والے کا

بخایندش از کینہ دنداں بزہر
کینہ کی وجہ سے زہر کے بجھے دانت پیسیں گے

چو بینند کارے بدستت درست
اگر تیرے ہاتھوں کوئی کام سیدھا دیکھیں گے

وگر دست ہمت بداری زکار
اگر تو کسی کام سے ہمت کا ہاتھ اٹھا لے

وگر ناطقی طبل پُر یاوہ
اگر تو بولنے والا ہے تو بکواس بھرا ڈھول ہے

تحمل کناں را نخوانند مرد
برداشت کرنے والوں کو مرد نہ کہیں گے

وگر در سرش ہول مردانگیست
اور اگر اس کے سر میں بہادری کی دہشت ہے

تعنت کنندش گر اندک خوراست
اگر کم خوراک ہے اس پر افسوس کریں گے

وگر نغز و پاکیزہ باشد خورش
اور اگر اس کی خوراک اچھی اور پاکیزہ ہو

کہ پروائے صحبت ندارد بسے
اس لیے کہ میل جول کی زیادہ پروا نہیں کرتا ہے

ز مردم چناں میگریزد کہ دیو
لوگوں سے بھوت کی طرح بھاگتا ہے

عفیفش ندانند و پرہیزگار
تو اس کو پاک دامن اور پرہیزگار نہ سمجھیں گے

کہ فرعوں اگر ہست در عالم اوست
کہ دنیا میں اگر فرعون ہے تو وہی ہے

بگویند از ادبار و بدبختی است
تو کہیں گے ادبار اور بدبختی کی وجہ سے ہے

غنیمت شمارند و فضل خدائے
اس کو غنیمت اور خدا کا فضل شمار کریں گے

خوشی را بود در قفا ناخوشی
خوشی کے پیچھے ناخوشی ہوتی ہے

ق سعادت بلندش کند پایہ
نیک بختی مرتبہ بڑھادے

کہ دوں پرور است ایں فرومایہ دہر
کہ یہ کمینہ زمانہ، کمینہ پرور ہے

حریصت شمارند و دنیا پرست
تجھے لالچی اور دنیا پرست شمار کریں گے

گدا پیشہ خوانندت و پختہ خوار
تجھے گداگر اور پکی پکائی کھانے والا کہیں گے

وگر خامشی نقش گرماوہ[1]
اگر تو چپ ہے حمام کی تصویر ہے

کہ بے چارہ از بیم سر برنکرد
کہ بے چارے[2] نے خوف سے سر نہ اٹھایا

گریزند ازو کیں چہ دیوانگیست
اس سے بھاگیں گے کہ یہ کیا دیوانگی ہے

کہ مالش مگر روزیے دیگر است
کہ اس[3] کا مال تو شاید دوسرے کی روزی ہے

شکم بندہ خوانند و تن پرورش
تو اس کو پیٹ کا غلام اور تن پرور کہیں گے

[1] حماموں میں تصویریں بنانے کا رواج تھا۔
[2] بردباری کو کمزوری پر محمول کریں گے۔
[3] یعنی یہ کہیں گے کہ کھانا اس کے مقدر میں نہیں ہے اس کا مال دوسروں کے ہی کام آئے گا۔

وگر بے تکلف زید مالدار
اور اگر کوئی مالدار سادہ زندگی گذارے

ق که زینت بر اہل تمیز ست عار
اس لیے کہ تمیزداروں کے لیے بناؤ سنگھار عیب ہے

زباں در نہندش بایذا چو تیغ
اس کی ایذا رسانی میں تلوار کی طرح زبان کھولیں گے

که بدبخت زر دارد از خود دریغ
کہ بدبخت اپنے اوپر مال خرچ کرنے سے رکتا ہے

وگر کاخ و ایواں منقش کند
اور اگر قلعہ اور محل منقش کرے

ق تنِ خویش را کسوتِ خوش کند
اپنے لیے اچھا لباس اختیار کرے

بجاں آید از طعنہ بر وے زناں
اپنے اوپر طعنہ زنوں سے عاجز آجائے گا

که خود را بیاراست ہمچوں زناں
کہ اپنے آپ کو عورتوں کی طرح بنایا سنوارا ہے

وگر پارسائے سیاحت نہ کرد
اور اگر کسی نیک آدمی نے سفر نہ کیا ہو

سفر کردگانش نخوانند مرد
تو سفر کرنے والے اس کو مرد نہ سمجھیں گے

که نارفتہ بیروں ز آغوشِ زن
کہ جو بیوی کی گود سے باہر نہ نکلا ہو

کدامش ہنر باشد و رای و فن
اس کو کیا ہنر اور رائے اور فن حاصل ہوسکتا ہے

جہاندیدہ را ہم بدرند پوست
جہاندیدہ کی بھی چمڑی ادھیڑ دیں گے

که سرگشتہ بختِ برگشتہ اوست
کہ سر پھرا، بدبخت وہی ہے

گرش حظ ز اقبال بودے و بہر
اگر اقبال مندی میں اس کا نصیبہ اور حصہ ہوتا

زمانہ نراندے ز شہرش بشہر
زمانہ اس کو شہر بہ شہر نہ لیے پھرتا

عزب را نکوہش کند خردہ بیں
عیب جو بے شادی شدہ کی برائی کرتا ہے

که می رنجد از خفت و خیزش زمیں
کہ اس کے سونے اور جاگنے سے زمین رنجیدہ ہوتی ہے

وگر زن کند گوید از دستِ دل
اور اگر وہ شادی کرلے تو کہے کہ دل کے ہاتھوں

بگردن در افتاد چوں خر بہ گل
گردن کے بل گرا ہے جیسا کہ کیچڑ میں گدھا

نہ از جورِ مردم رہد زشت روے
نہ بدصورت انسانوں کے ظلم سے رہائی پاتا ہے

نہ شاہد ز نامردمِ زشت گوئے
نہ معشوق، برا کہنے والے نالائقوں سے

حکایت

غلامے بمصر اندرم بندہ بود
مصر میں ایک لڑکا میرے پاس نوکر تھا

که چشم از حیا در بر افگندہ بود
جو شرم کی وجہ سے آنکھیں نیچی کیے رکھتا تھا

کسے گفت ہیچ ایں پسر عقل و ہوش
کسی نے کہا یہ لڑکا کچھ عقل اور ہوش

ندارد بمالش بتعلیم گوش
نہیں رکھتا سکھانے کے لیے اس کے کان اینٹھ

شبے بر زدم بانگ بر وے درشت
ایک رات کو میں اس پر سختی سے چیخ پڑا

ہمو گفت مسکین بجورش بکشت
وہی بولا مسکین کو اس نے ظلم سے مار ڈالا

گرت بر کند خشم روزے ز جائے
اگر تجھے غصہ کسی دن جگہ سے برانگیختہ کرے

سراسیمہ خوانند و خیرہ رائے
تو تجھے دیوانہ اور بدعقل کہیں گے

۱ یعنی کہیں گے کہ بدبختی سے مارا مارا پھرتا ہے
۲ عوام میں مشہور ہے کہ جو شخص شادی نہیں کرتا ہے اس کا وجود زمین کو گراں گزرتا ہے
۳ جو کان اینٹھنے کو کہہ رہا تھا۔

وگر بُردباری کنی از کسے
اور اگر تو کسی سے بردباری کرے گا

بگویند غیرت ندارد بسے
تو تجھے کہیں گے کہ غیرت نہیں رکھتا ہے

سخی را باندرز گویند بس
سخی کو نصیحت میں کہیں گے بس

کہ فردا دو دستت بود پیش و پس
درنہ کل کو تیرے دونوں ہاتھ آگے اور پیچھے ہوں گے

وگر قانع و خویشتن دار گشت
اور اگر تھوڑے پر صبر کرنیوالا اور خوددار ہو گیا

بہ تشنیع خلقے گرفتار گشت
مخلوق کے لعن طعن میں گرفتار ہوا

کہ ہمچوں پدر خواہد ایں سفلہ مرد
کہ باپ کی طرح یہ کمینہ بھی مر جائے گا

کہ دنیا رہا کرد و حسرت برُد
جو دنیا کو چھوڑ گیا اور حسرت لے گیا

کہ یارد بکنج سلامت نشست
سلامتی کے گوشہ میں کون بیٹھ سکتا ہے

کہ پیغمبر از خبث دشمن نرست
کہ پیغمبر بھی دشمن کی خباثت سے نہ بچے

خدا را کہ مانند و انباز و جفت
جو خدا مثال اور شریک اور جوڑا

ندارد شنیدی کہ ترسا چہ گفت
نہیں رکھتا، تو نے سنا ہے نصاریٰ نے کیا کہا

رہائی نیابد کس از دستِ کس
کوئی کسی کے ہاتھ سے نہیں چھوٹتا ہے

گرفتار را چارہ صبر است و بس
قیدی کے لیے تدبیر صرف صبر ہے

حکایت

جوانے ہنرمندِ فرزانہ بود
ایک جوان ہنرمند اور عقلمند تھا

کہ در وعظ چالاک و مردانہ بود
وعظ کہنے میں ہوشیار اور بہادر تھا

نکو نام و صاحبدل و حق پرست
نیک نام اور صاحبدل اور حق پرست

خطِ عارضش خوشتر از خطِ دست
اُس کے رخسار کا خط ہاتھ کے خط سے زیادہ خوبصورت تھا

قوی در بلاغات و در نحو چست
بلاغتوں میں قوی اور نحو میں تیز

ولے حرف ابجد نگفتے درست
لیکن ابجد کے حروف صاف نہ کہہ سکتا تھا

یکے را بگفتم ز صاحبدلاں
میں نے صاحبدلوں میں سے ایک سے کہا

کہ دندانِ پیشیں ندارد فلاں
کہ فلانہ شخص اگلے دانت نہیں رکھتا ہے

برآمد ز سودائے من سُرخ روے
میرے پاگل پن سے اس کا چہرہ لال ہو گیا

کزیں جنس بیہودہ دیگر مگوئے
کہ اس قسم کی بیہودہ بات پھر نہ کہنا

تو در وے ہماں عیب دیدی کہ ہست
تو نے اس میں وہی عیب دیکھا جو ہے

ز چنداں ہنر چشمِ عقلت ببست
تو نے اتنے ہنروں سے عقل کی آنکھ بند کر لی

یقیں بشنو از من کہ روزِ یقیں
یقیناً مجھ سے سن لے کہ یقین کے دن

نہ بینند بدی مردمِ نیک بیں
نیک بیں انسان بدی نہ دیکھے گا

یکے را کہ علم است و تدبیر و رائے
جس شخص کے پاس علم اور تدبیر اور رائے ہے

ق

گرش پائے عصمت بلغزد ز جائے
اگر اس کی عصمت کا پیر جگہ سے اکھڑ جائے۔

ا؎ یعنی زیادہ سخاوت نہ کر، ورنہ مفلس ہو کر ستر پوشی کے لیے کپڑا بھی نہ رہے گا۔
۲؎ اس طور پر لعن طعن کریں گے۔
۳؎ حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہہ کر مثال اور شریک ٹھہرایا۔
۴؎ ہر انسان طعنہ زنوں کا قیدی ہے اس کو صبر سے کام لینا چاہیے۔
۵؎ بیباکی سے وعظ کہتا تھا۔

۱۰

۶؎ خوبصورت بھی تھا اور خوشنویس بھی۔
۷؎ زبان سے حروف کی ادائیگی اچھی نہ ہوتی تھی زبان میں تتلاہٹ تھی۔
۸؎ اسی وجہ سے حروف مخارج سے ادا نہیں ہوتے ہیں۔
۹؎ قیامت کے دن

بیک خردہ مپسند بروے جفا
ایک غلطی سے اس پر ظلم پسند نہ کر

بود خار و گل باہم اے ہوشمند
اے ہوشمند کانٹا اور پھول ملے جلے ہوتے ہیں

کرا زشت خوئی بود در سرشت
جس کی طبیعت میں بدعادت ہو

صفائی بدست آور اے بے تمیز[1]
اے بے تمیز صفائی حاصل کر

طریقے طلب کز عقوبت رہی
ایسا راستہ طلب کر کہ عذاب سے چھوٹے

منہ عیب خلق اے فرومایہ پیش[2]
اے کمینے! مخلوق کے عیب پیش نظر نہ رکھ!

چرا دامن آلودہ را حد زنم
خطاکار کو میں کیسے سزا دوں

نشاید کہ بر کس درشتی کنی
مناسب نہیں ہے کہ تو کسی پر سختی کرے

چو بد ناپسند آیدت خود مکن
اگر برائی تجھے ناپسند ہے خود نہ کر

من ار حق شناسم وگر خود نمائے
خواہ میں حق شناس ہوں یا ریاکار

چو ظاہر بعفت بیار استم
جب میں نے ظاہر کو پاکدامنی سے آراستہ کر لیا ہے

تو خاموش اگر من بہ ام یا بدم
خواہ میں اچھا ہوں یا برا، تو چپ رہ

اگر سیرتم خوب وگر منکر است
خواہ میری سیرت اچھی ہے یا بری ہے

نہ چشم از تو دارم بہ نیکی ثواب
میں نیکی کر کے تجھ سے بدلے کی توقع نہیں رکھتا ہوں

نکو کاری از مردم نیک رائے
نیک رائے انسانوں کی نیکی

تو نیز اے عجب ہر کرا یک ہنر
تو بھی اے نرالے جس کسی کا ایک ہنر

بزرگاں چہ گفتند خذ ما صفا
بزرگوں نے کیا کہا ہے، جو صاف ہو وہ لے

چہ در بند خاری تو گلدستہ بند
تو کانٹے کی فکر میں کیوں لگا ہے گلدستہ بنالے

نہ بیند ز طاؤس جز پائے زشت
وہ مور میں سوائے برے پیروں کے کچھ نہ دیکھیگا

کہ ننماید آئینۂ تیرہ بیند
اس لیے کہ اندھا آئینہ کچھ نہیں دکھاتا

نہ حرفے کہ انگشت بروے نہی
نہ کہ ایسا حرف جس پر انگلی دھرے

کہ چشمت فرو دوزد از عیب خویش
ورنہ وہ اپنے عیب سے تیری آنکھیں سی دے گا

چو در خود شناسم کہ تر دامنم[3]
جب میں اپنے آپ کو جانتا ہوں کہ خطاکار ہوں!

چو خود را بتاویل پشتی کنی
جبکہ تاویل کر کے تو اپنی مدد کرتا ہے

پس آنگہ بہمسایہ گو بد مکن
پھر اسوقت پڑوسی سے کہہ کہ نہ کر

بروں با تو دارم دروں با خدائے
ظاہر تیرے ساتھ رکھتا ہوں باطن خدا کے ساتھ

تصرف مکن در کژ و راستم[4]
میرے جھوٹ اور سچ میں دخل اندازی نہ کر

کہ حمال سود و زیان خودم
اس لیے کہ میں اپنے نفع اور نقصان کا خود برداشت کرنیوالا ہوں

خدایم بسر از تو داناتر است[5]
میرا خدا راز کو تجھ سے زیادہ جاننے والا ہے

کہ بینم بجرم از تو چندیں عذاب
کہ جرم کرنے میں تیرا اسی قدر عذاب جھیلوں

یکے را بدہ می نویسد خدائے
ایک کے بدلے میں خدا دس لکھتا ہے

بہ بینی ز دہ عیبش اندر گذر
دیکھے، اس کے دس عیبوں سے درگذر کر

[1] یعنی دل کو اخلاق رذیلہ سے صاف کرنا چاہیے
[2] دوسروں کے عیوب کا متلاشی اپنے عیب سے اندھا ہوتا ہے۔
[3] اپنی خطاؤں کی غلط توجیہ کر کے اپنے آپ کو نیکوکار ثابت کرتا ہے۔
[4] تیرے لیے یہ بحث کرنا مناسب نہیں ہے کہ میرا ظاہر باطن کے ساتھ میل کھاتا ہے یا نہیں۔
[5] جب میری نیکی کا تعلق خدا سے ہے اور وہی اس کا بدلہ دے گا تو میری برائی سے بھی تو تعلق نہ رکھ اور تو مجھے سزا نہ دے۔

نہ یک عیب اورا بانگشت پیچ
اس کے ایک عیب کو انگلی پر اس طرح نہ لپیٹ

چو دشمن کہ در شعر سعدی نگاہ
اس دشمن کی طرح کہ جو سعدی کے اشعار میں نگاہ

ندارد بصد نکتہ نغز گوش
سو بہتر نکتوں پر کان نہیں دھرتا ہے

جز ابن علتش نیست کاں بد پسند
اسکی علت اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ اس برائی پسند کرنیوالے کی

نہ مر خلق را صنع باری سرشت
کیا مخلوق کو اللہ کی صناعی نے نہیں پیدا فرمایا ہے

نہ ہر چشم و ابرو کہ بینی نکوست
ہر آنکھ اور بھوں جو تو دیکھے اچھی نہیں ہے

جہانے فضیلت برآورد ہیچ
کہ بزرگی کے ایک جہان کو ہیچ بنائے

بنفرت کند اندرون تباہ
نفرت سے کرتا ہے باطن کی خرابی کی وجہ سے

چو زحفے بہ بیند برآرد خروش
جب ایک زحاف دیکھ لیتا ہے تو شور کرتا ہے

حسد دیدۂ نیک بینش بکند
نیک بینی کی آنکھ حسد نے نکال لی ہے

سیاہ و سفید آمد و خوب و زشت
کالے اور گورے ہوئے اور اچھے اور برے

بخور پستہ مغز و بینداز پوست
پستہ کی گری کھالے اور چھلکا پھینک دے

باب ہشتم در شکر
آٹھواں باب شکر کے بیان میں

نفس می نیارم زد از شکر دوست
میں دوست کے شکریہ کا ایک دم بھی نہیں بھر سکتا ہوں

عطائیست ہر موی از و بر تنم
میرے جسم پر ہر رونگٹا اس کی عطا ہے

ستایش خداوند بخشندہ را
بخشنے والے خدا کے لیے تعریف ہے

کرا قوت وصف احسان اوست
اس کے احسان کی تعریف کرنے کی کس کو قوت ہے

بدیعیکہ شخص آفریند ز گل
ایسا پیدا کرنے والا کہ مٹی سے انسان کو پیدا کرتا ہے

ز پشت پدر تا بپایان شیب
باپ کی کمر سے بڑھاپے کے ختم تک

چو پاک آفریدت بہش باش و پاک
جبکہ تجھے پاک پیدا کیا ہے ہوش میں رہ اور پاک رہ

پیاپے بیفشاں از آئینہ گرد
آئینہ سے گرد کو پے در پے جھاڑ

نہ در ابتدا بودی آب منی
کیا تو شروع میں منی کا نطفہ نہ تھا

کہ شکرے ندانم کہ درخورد اوست
اس لیے کہ مجھے وہ شکریہ معلوم نہیں جو اس کے مناسب ہے

چگونہ بہر موئے شکرے کنم
ہر رونگٹے کا میں کیسے شکریہ ادا کروں

کہ موجود کرد از عدم بندہ را
جس نے عدم سے بندہ کو موجود کیا

کہ اوصاف مستغرق شان اوست
کون سی تعریفیں اس کی شان کا احاطہ کر سکتی ہیں

روان و خرد بخشد و ہوش و دل
جان اور عقل اور ہوش اور دل بخشتا ہے

نگہ تا چہ تشریف دادت زغیب
غور کر تجھے غیب سے کیا کیا خلعت بخشی ہے

کہ ننگست ناپاک رفتن بخاک
اس لیے کہ مٹی میں ناپاک بن کر جانا بڑی ذلت ہے

کہ مصقل نگیرد چو زنگار خورد
کیونکہ جب وہ زنگ کھا جاتا ہے تو صیقل کو قبول نہیں کرتا

اگر مردی از سر بدر کن منی
اگر انسان ہے تو سر سے خودی کو نکال دے

۱ یعنی سکتہ
۲ دوست سے مراد حق تعالیٰ ہے۔ یعنی اس کی شایان شان ہم شکر نہیں ادا کر سکتے ہیں۔
۳ بچہ ماں کے پیٹ سے معصوم پیدا ہوتا ہے پھر بڑا ہو کر اپنے آپ کو گناہوں میں ملوث ہو کر ناپاک بناتا ہے
۴ یعنی دل کی صفائی کرتا رہ ورنہ زنگ کھا کر بالکل بیکار ہو جائے گا اور پھر صاف نہ ہو سکے گا
۵ جب انسان کی پیدائش ایک حقیر اور ناپاک چیز سے ہے تو تکبر اس کے لیے مناسب نہیں ہے۔

چو روزی بسعی آوری سوئے خویش
تو جب روزی کوشش سے اپنی طرف لاتا ہے

چرا حق نمی بینی اے خود پرست
اے خود پرست تو صحیح بات کیوں نہیں دیکھتا

چو آید بکوشید نت خیر پیش
اگر تیری کوشش سے کوئی بہتر بات سامنے آئے

بسرپنجگی کس نبر دست گوئے
طاقت کی وجہ سے کوئی بازی نہیں جیت سکا ہے

تو قائم بخود نیستی یک قدم
تو ایک قدم بھی خود کھڑا نہیں ہو سکتا ہے

نہ طفلک زباں بستہ بودی زلاف
کیا تو ڈینگیں مارنے سے زباں بستہ بچہ نہ تھا

چو نافش بریدند روزی گسست
جب انھوں نے اس کی ناف کاٹی اور روزی منقطع ہوئی

غریبے کہ رنج آردش دہر پیش
وہ مسافر جس کے سامنے زمانہ بیماری لا ڈالے

پس او در شکم پرورش یافتست
پس اس نے بھی پیٹ میں پرورش پائی ہے

دو پستاں کہ امروز دل خواہ اوست
دو پستان جو آج اس کے دل کی خواہش ہیں

کنار و بر مادر دلپذیر
دل کو پسند آنے والی ماں کی بغل اور گود

درختست بالائے جاں پرورش
اس کا جان پرور قد ایک درخت ہے

نہ رگہائے پستاں درون دلست
کیا پستان کی رگیں دل میں پہنچی ہوئی نہیں ہیں

بخونش فرو بردہ دنداں چو نیش
ڈنک کی طرح دانت اس کے خون میں گھستے ہوئے ہیں

چو بازو قوی کرد و دنداں سطبر
جب بازو قوی اور دانت چوڑے کر لئے

چناں صبر از شیر خاموش کند
صبر اس کو دودھ مانگنے سے ایسا چپ کر دیتا ہے

مکن تکیہ بر زور بازوئے خویش
تو اپنے زور بازو پر بھروسہ نہ کر

کہ یارد بگردش در آورد دست
ہاتھ کو گردش میں کون لا سکتا ہے

بتوفیق حق داں نہ از سعی خویش
تو اس کو حق کی توفیق سے سمجھ نہ کہ اپنی کوشش سے

سپاس خداوند توفیق گوئے
توفیق دینے والے خدا کا شکر ادا کر

زغیبت مددمی رسد دمبدم
پے در پے تجھے غیب سے مدد پہنچتی ہے

ہمی روزی آمد بشخصت زناف
تو بھی تیرے جسم میں ناف کے ذریعہ روزی آ رہی تھی

بہ پستان مادر در آویخت دست
تو ماں کے پستان میں ہاتھ لٹکائے

بدارو دہند آبش از شہر خویش
تو اس کو اس کے شہر کا پانی دوا میں دیتے ہیں

ز انبوب معدہ خورش یافتست
معدہ کی نلی سے خوراک پائی ہے

دو چشمہ ہم از پرورش گاہ اوست
اس کی پرورش گاہ ہی کے دو چشمے ہیں

بہشتست و پستاں در و جوئے شیر
بہشت ہے اور اس میں چھاتیاں دودھ کی نہریں ہیں

ولد میوۂ نازنیں در برش
نازوں کا پالا بچہ اس کی گود میں میوہ ہے

پس ار بنگری شیر خون دلست
پس اگر تو غور کرے گا تو دودھ دل کا خون ہے

سرشتہ در و مہر خونخوار خویش
اور اس میں اپنا ہی خون پینے والے کی محبت گھلی ہے

بر اندا یدش دایہ پستاں بصبر
اس کے پستان کو دایہ ایلوے سے لیپ دیتی ہے

کہ پستان شیریں فراموش کند
کہ اسکو شیریں پستان کو بھی بھلا دیتا ہے

۱ روزی کمانے میں ہاتھ ہلانا پڑتا ہے وہ بھی انسان کے قبضہ میں نہیں بلکہ خدا کی توفیق سے ہے۔
۲ شکم مادر میں ناتواں بچہ بھی روزی پاتا ہے جو اس کی قوت سے حاصل نہیں ہوتی ہے
۳ ماں کے پیٹ میں رہ کر ناف کے ذریعہ غذا حاصل کرتا ہے پیدا ہونے کے بعد نال کاٹ دی جاتی ہے
۴ وطن کا پانی پلانے سے بیمار شفا یاب ہو جاتا ہے۔
۵ ماں کا پیٹ بچہ کی پرورش گاہ ہے پستان میں دودھ وہاں سے ہی آ رہا ہے گویا اس کو اس کے شہر کا پانی پلایا جا رہا ہے۔
۶ ماں در اصل خون دل پلاتی ہے۔
۷ عجائبات قدرت میں سے ہے کہ بچہ خون پیتا ہے اور ماں پھر بھی جان نثار کرتی ہے۔
۸ جب بچہ دوسری غذا کھانے کے قابل ہو جاتا ہے دودھ چھڑایا جاتا ہے۔

تو نیز اے کہ در توبہ طفلِ راہ ‏— بصبرت فراموش گردد گناہ
تو بھی اسے مرد انسان جو توبہ میں طفل راہ ہے ‏— صبر کرنے سے تو گناہ کو فراموش کرسکتا ہے

حکایت

جوانے سر از رائے مادر بتافت ‏— دلِ دردمندش چو آذر بتافت
ایک جوان نے ماں کی رائے سے سرتابی کی ‏— اس کا دردمند دل آگ کی طرح بھڑکا

چو بیچارہ شد پیشش آورد مہد ‏— کہ اے سست مہر و فراموش عہد
جب لاچار ہوگئی اس کے سامنے پالنے لائی ‏— کہ اے کمزور محبت والے وقت کو بھولنے والے

نہ گریان و درماندہ بودی و خرد ‏— کہ شبہا ز دستِ تو خوابم نبرد
کیا تو ایسا رونے والا اور عاجز اور بچہ نہ تھا ‏— کہ بہت سی راتیں میں تیری وجہ سے نہ سوسکی

نہ در مہد نیروئے حالت نبود ‏— مگس راندن از خود مجالت نبود
کیا ایسا نہ تھا کہ پالنے میں تیری اب کی سی طاقت نہ تھی ‏— تجھ میں اپنے سے مکھی اڑانے کی طاقت نہ تھی

تو آنی کزاں یک مگس رنجۂ ‏— کہ امروز سالارِ سرپنجۂ
تو وہی ہے کہ اس ایک مکھی سے رنجیدہ تھا ‏— جو آج قوت کا سردار ہے

بحالے شوی باز در قعرِ گور ‏— کہ نتوانی از خویشتن دفعِ مور
اسی حالت میں تو پھر قبر کے گڑھے میں جائے گا ‏— کہ اپنے آپ سے ایک چیونٹی کو نہ ہٹا سکے گا

دگر دیدہ چوں برفروزد چراغ ‏— چو کرمِ لحد خورد پیہِ دماغ
پھر آنکھ کیسے چراغ روشن کرے گی ‏— جب لحد کے کیڑے دماغ کی چربی کھا جائیں گے

چو پوشیدہ چشمے بہ بینی کہ راہ ‏— نداند ہمی وقتِ رفتن ز چاہ
اگر تو کسی ایسے اندھے کو دیکھے جو راستہ ‏— اور کنوئیں میں چلتے وقت فرق نہیں کر سکتا (تو شکر کرنا چاہیے)

تو گر شکر کردی کہ با دیدۂ ‏— وگرنہ تو ہم چشم پوشیدۂ
اگر تونے شکر ادا کیا تو تو آنکھوں والا ہے ‏— ورنہ تو بھی اندھا ہے

معلم نیاموختت فہم و رائے ‏— سرشت ایں صفت در وجودت خدائے
سمجھ اور تدبیر تجھے استاد نے نہیں سکھائی ہے ‏— خدا نے تیرے وجود میں یہ صفت پیدا کی ہے

گرت منع کردے دلِ حق نیوش ‏— حقیقت عین باطل نمودے بگوش
اگر خدا حق سننے والا دل تجھے نہ دیتا ‏— تو تجھے حق بات عین باطل معلوم ہوتی

گفتار اندر صنعِ باری در ترکیبِ خلقت انسان

کہاوت اللہ تعالے کی کاریگری انسانی پیدائش کی ترکیب کے متعلق

بہ بیں تا یک انگشت از چند بند ‏— بہ اقلیدسِ صنع در ہم فگند
غور کر کہ ایک انگلی کتنے جوڑوں کے ذریعہ ‏— کاریگری کی اقلیدس سے جوڑی ہے

پس آشفتگی باشد و ابلہی ‏— کہ انگشت بر حرف صنعش نہی
پس دیوانگی اور بیوقوفی ہوگی ‏— کہ تو اس کی کاریگری کے حرف پر انگلی رکھے

ملہ جس طرح صبر کرنے سے بچہ دودھ جیسی لذیذ چیز کو بھول جاتا ہے اگر گناہوں سے صبر کریگا تو وہ بھی فراموش ہو جائیں گے
ملہ ماں کا دل رنج سے شعلہ زن ہوگیا
ملہ بچپن یا[د] دلانے کے لیے
ملہ مرنے کے بعد انسان اپنے بدن سے ایک چیونٹی کو بھی نہیں ہٹا سکتا ہے۔
ملہ اقلیدس ایک حکیم کا نام ہے۔ جس کے نام سے یہ فن موسوم ہوگیا ہے۔

تأمل کن از بہرِ رفتارِ مرد
غور کر انسان کے چلنے کے لیے

کہ چند استخواں پے زد و وصل کرد
کہ کتنی ہڈیوں میں پٹھا لگایا اور جوڑا ہے

کہ بے گردشِ کعب و زانو و پائے
کہ ٹخنے اور گھٹنے اور پاؤں کے گھومے بدون

نشاید قدم بر گرفتن ز جائے
جگہ سے قدم بھی نہیں اٹھایا جا سکتا ہے

ازاں سجدہ بر آدمی سخت نیست
اسی وجہ سے آدمی کو سجدہ کرنا دشوار نہیں ہے

کہ در صلب او مہرہ یک لخت نیست[۱]
کہ اس کی کمر میں منکا ایک ٹکڑا نہیں ہے

دو صد مہرہ بر یک دگر ساختست
دو سو منکے ایک دوسرے میں بنائے ہیں

کہ گِل مہرۂ چوں تو پرداختست
جب تجھ جیسا مٹی کا پتلا بنایا ہے

رگت بر تنست اے پسندیدہ خوے
اے پسندیدہ عادت جسم میں تیری رگیں

زمینے دروسی صد و شصت جوئے[۲]
ایک زمین ہے جس میں تین سو ساٹھ نہریں ہیں

بصر در سر و فکر و رای و تمیز
سر[۳] میں بینائی اور فکر اور رائے اور تمیز ہیں

جوارح بدل دل بدانش عزیز
اعضاء کو عمل کے ذریعہ اور دل کو سمجھ کے ذریعہ باعزت بنایا

بہائم بروی اندر افتادہ خوار
چوپائے منہ کے بل گرے ہوئے ذلیل ہیں

تو ہمچوں الف بر قدمہا سوار[۴]
تو الف کی طرح پیروں پر سوار ہے

نگوں کردہ ایشاں سر از بہر خور
وہ کھانے کے لیے سر اوندھا کرتے ہیں

تو آری بعزت خورش پیش سر
تو عزت سے کھانا سر کے سامنے لاتا ہے

نزیبد ترا باچنیں سروری
اس سرداری کے ہوتے ہوئے تجھے یہ زیب نہیں دیتا ہے

کہ سر جز بطاعت فرو آوری[۵]
کہ خدا کی عبادت کے سوا تو سر نیچا کرے

ولیکن بدیں صورتِ دل پذیر
لیکن دل کو لبھانے والی اس صورت پر

فریفتہ مشو صورتِ خوب گیر
تو فریفتہ نہ ہو پسندیدہ اخلاق اختیار کر

رہِ راست باید نہ بالائے راست
سیدھا راستہ چاہیے نہ کہ سیدھا قد

کہ کافر ہم از روئے صورت چو ماست
ورنہ صورت کے اعتبار سے کافر بھی ہم جیسا ہے

ترا آنکہ چشم و دہن داد و گوش
جس ذات نے تجھے آنکھ اور منہ اور کان دیا

اگر عاقلی در خلافش مکوش
اگر تو سمجھ دار ہے اس کے خلاف کوشش نہ کر

گرفتم کہ دشمن بکوبی بسنگ
میں نے مانا کہ تو دشمن کو پتھر سے نہیں کچل سکتا ہے

مکن بارے از جہل با دوست جنگ
لیکن نادانی کی وجہ سے اب دوست سے نہ لڑ

خردمند طبعان منت شناس
احسان کو پہچاننے والی طبیعت والے عقلمند

بدوزند نعمت بہ میخ سپاس[۶]
شکر کی کیل سے نعمت کو جڑ دیتے ہیں

حکایت

نبرد آزمائے ز رادہم فتاد
ایک جنگجو (بادشاہ) مشکین گھوڑے سے گر گیا

بگردن درش مہرہ برہم فتاد
اس کے گردن کے جوڑ گڑبڑ ہو گئے

---

[۱] اگر کمر میں ایک ہڈی لگا دی جاتی تو انسان کبھی نہ جھک سکتا۔
[۲] جسم کو زمین اور رگوں کو نہریں قرار دیا گیا ہے۔
[۳] اللہ نے سر میں قوت شناہی اور رائے پیدا فرمائی۔ اعضاء کی عزت دل سے ہے۔
[۴] یعنی انسان کا قد سیدھا ہے۔
[۵] اللہ نے جب انسان کا سر اونچا کیا ہے تو صرف اسی کے سامنے جھکنا چاہیے۔
[۶] یعنی وہ اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جس کی وجہ سے نعمتیں پائیدار ہو جاتی ہیں۔

چو پیلش فرو رفت گردن بتن
ہاتھی کی طرح اس کی گردن بدن میں گھس گئی
نگشتے سرش تا نگشتے بدن
اس کا سر نہ گھومتا جب تک بدن نہ گھومتا

پزشکاں بماندند حیراں دریں
طبیب اس معاملہ میں حیران ہو گئے
مگر فیلسوفے ز یوناں زمیں
یونان کی سرزمین کے ایک فلسفی کے سوا

سرش باز پیچید و تن راست شد
اس نے اس کا سر موڑ دیا اور بدن ٹھیک ہو گیا
وگر وے نبودے زمن خواست شد
اور اگر وہ نہ ہوتا تو یہ اپاہج ہو جاتا

دگر نوبت آمد بنزدیک شاہ
اس کو بادشاہ کے پاس آنے کی دوبارہ نوبت آئی
نکرد آں فرومایہ در وے نگاہ
اس کمینہ نے اس کی طرف نگاہ نہ کی۔

خردمند را سر فرو شد بشرم
شرم سے عقلمند کا سر نیچا ہو گیا
شنیدم کہ می رفت و می گفت نرم
میں نے سنا ہے کہ وہ جا رہا تھا اور چپکے سے کہہ رہا تھا

اگر دے نہ پیچیدمے گردنش
اگر میں کل اس کی گردن نہ پھیرتا
نہ پیچیدے امروز روی از منش
تو آج وہ مجھ سے منہ نہ موڑتا

فرستاد تخمے بدست رہی
اس نے غلام کے ہاتھ ایک زیج بھیجا
کہ باید کہ بر عودِ سوزش نہی
کہ اس کو تجھے اگر دان پر رکھ دینا چاہیے

ملک را یکے عطسہ آمد ز دود
بادشاہ کو دھوئیں سے ایک چھینک آئی
سر و گردنش ہمچناں شد کہ بود
اس کا سر اور گردن جیسی تھی ویسی ہی ہو گئی

بعذر از پئے مرد بشتافتند
عذر خواہی کے لیے مرد کے پیچھے دوڑے
بجستند بسیار و کم یافتند
انھوں نے بہت ڈھونڈا اور نہ پایا

مکن گردن از شکر منعم مپیچ
ایسا نہ کر، بخشش کرنے والے کے شکر سے گردن نہ موڑ
کہ روزے پسین سر برآری بہیچ
ورنہ آخری دن ذرا بھی گردن نہ ابھار سکے گا

گفتار اندر نظر در صنع باری تعالیٰ
کہاوت اللہ تعالیٰ کی کاریگری پر غور کرنے کے بیان میں

شب از بہر آسائش تست و روز
رات میں اور دن میں تیرے آرام کے لیے ہے
مہ روشن و مہر گیتی فروز
روشن چاند اور دنیا کو روشن کرنے والا سورج

سپہر از برائے تو فراش وار
آسمان فراش کی طرح تیرے لیے
ہمی گسترانند بساطِ بہار
موسم بہار کی بساط بچھاتا ہے

اگر باد و برف است و باران و میغ
خواہ ہوا اور برف ہے اور بارش اور بدلی
وگر رعد چوگاں زند برق تیغ
خواہ کڑک بلا چلانے اور بجلی تلوار چلانے والی

ہمہ کارداران فرماں برند
سب حکم ماننے والے کارکن ہیں
کہ تخم تو در خاک می پرورند
کہ تیرا بیج مٹی میں پرورش کرتے ہیں

وگر تشنہ مانی ز سختی مجوش
اور اگر تو پیاسا ہے تو سختی کی وجہ سے جوش میں نہ آ
کہ سقائے ابر آبت آرد بدوش
اس لیے کہ ابر کا سقا تیرے لیے کندھے پر پانی لا رہا ہے

---

۱ ہاتھی اپنی گردن نہیں گھما سکتا ہے
۲ علاج نہ کر سکے
۳ جب بادشاہ تندرست ہوا پھر دوبارہ کسی ضرورت سے وہ طبیب اس کے پاس آیا
۴ اگر علاج کر کے گردن موڑنے کے قابل نہ بنا دیتا تو وہ منہ نہ موڑ سکتا
۵ جب انگیٹھی پر اگر کی دھونی دی جاتی ہے اس پر یہ زیج ڈال کر دھونی دے لینا۔
۶ اب وہ سر اور گردن نہ موڑ سکتا تھا۔



۷ طبیب کو ڈھونڈا تاکہ اس سے معافی چاہیں اور وہ دوبارہ علاج کر دے۔
۸ قیامت کے دن
۹ یعنی رات کو چاند اور دن کو سورج تیری آرام رسانی کے لیے طلوع ہوتے ہیں۔
۱۰ یہ جملہ چیزیں انسان کے لیے کھیتیاں تیار کرتی ہیں۔

زخاک آورد رنگ و بوی و طعام
خاک سے پیدا فرمادیتا ہے رنگ اور خوشبو اور کھانیکی چیز

تماشاگہ دیدہ و مغز و کام
جو کہ آنکھ اور دماغ اور حلق کی تماشاگاہ ہیں

عسل دادت از نحل و من[۱] از ہوا
تجھے مکھی سے شہد اور ہوا سے من دیا

رطب دادت از نخل و نخل از نوا
تجھے کھجور کے درخت سے تر کھجور اور گٹھلی سے کھجور دی

ہمہ نخلبنداں بخایند دست
سب باغبان ہاتھ چباتے ہیں

زحیرت کہ نخلے چنیں کس نہ بست
حیرت سے کہ ایسی نخلبندی کسی نے نہیں کی

خور و ماہ و پرویں برائے تو اند
سورج اور چاند اور کہکشاں تیرے لیے ہے

قنادیل سقف سرائے تو اند
تیری سرائے کی چھت کے قندیل ہیں

زخارت گل آورد و از نافہ مشک
کانٹے سے پھول اور نافہ سے مشک

زر از کان و برگ تر از چوب خشک
کان سے سونا اور خشک لکڑی سے سبز پتے تیرے لیے پیدا کیے ہیں

بدست خودت[۲] چشم و ابرو نگاشت
خود اپنے ہاتھ سے تیرے چشم و ابرو کو بنایا

کہ محرم[۳] باغیار نتواں گذاشت
اس لیے کہ محرم کو غیروں کے سپرد نہیں کیا جاسکتا

توانا کہ آں نازنیں پرورد
وہ ایسا توانا ہے کہ اس نازوں کے پلنے کو پالتا ہے

بالوان نعمت چنیں پرورد
رنگا رنگ نعمتوں سے اس طرح سے پالتا ہے

بجاں گفت باید نفس بر نفس
دمبدم جان سے ادا کرنا چاہیے

کہ شکرش نہ کار زبانست و بس
اس لیے اس کا شکریہ ادا کرنا صرف زبان ہی کا کام نہیں ہے

خدایا دلم خوں شد و دیدہ ریش
اے خدا میرا دل خون ہوگیا اور آنکھ زخمی

کہ می بینم انعامت از گفت بیش
کیونکہ تیرا انعام طاقت گفتار سے زیادہ دیکھتا ہوں

نگویم دد و دام و مور و سمک
میں یہ نہیں کہتا کہ درندہ اور چرندہ اور چیونٹی اور مچھلی

کہ فوج ملائک براوج فلک
بلکہ آسمان کی بلندی پر فرشتوں کی جماعت

ہنوزت سپاس اندکے گفتہ اند
ابھی تک وہ تھوڑا سا شکر ادا کر سکے ہیں

ز بیور ہزاراں یکے گفتہ اند
سو ہزاروں میں سے ایک کہہ سکے ہیں

برو سعدیا دست و دفتر بشوئے
جا اے سعدی ہاتھ اور کتاب دھو ڈال

براہے کہ پایاں ندارد مپوئے
جس راستے کی انتہا نہ ہو اس پر نہ دوڑ

۱۰

۱ من وہ شیریں گوند ہے جو موسم بہار میں بعض درختوں پر شبنم سے جم جاتا ہے۔ میدان تیہ میں بنی اسرائیل کی یہ بھی خوراک تھی

۲ انسان کو خود اللہ نے اپنے دست قدرت سے بنایا ہے

۳ چونکہ یہ محرم راز ہے۔ اللہ کا شکر محض زبان سے نہیں بلکہ دل سے ادا کرنا چاہیئے۔

حکایت

یکے گوش کودک بمالید سخت
ایک صاحب نے ایک بچہ کے کان سخت اینٹھے

کہ اے بو العجب گوے برگشتہ بخت
کہ اے عجیب باتیں کرنے والے بدبخت

ترا تیشہ دادم کہ ہیزم شکن
میں نے تجھے بسولا دیا تھا کہ لکڑیاں پھاڑ

نگفتم کہ دیوار مسجد بکن
میں نے یہ نہیں کہا کہ مسجد کی دیوار ڈھادے

زباں آمد از بہر شکر و سپاس
زبان ملی ہے شکر و سپاس کے لیے

بغیبت نگر داندش حق شناس
حق شناس اس کو بدگوئی میں نہیں چلاتا ہے

گذرگاہِ قرآن و پنداست گوش
کان قرآن اور نصیحت کی گذرگاہ ہے

بہتان و باطل شنیدن مکوش
بہتان اور باطل سننے کی کوشش نہ کر

دو چشم از پئے صنع باری نکوست
دونوں آنکھیں اللہ کی کاریگری دیکھنے کے لیے بھلی ہیں

زعیب برادر فروگیر و دوست
بھائی اور دوست کے عیب سے بند کر لے

گفتار اندر نظر در حال ناتواناں و شکر نعمت حق تعالیٰ

کمزوروں کی حالت پر غور کرنے اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کے شکریہ کے بیان میں

نداند کسے قدرِ روزِ خوشی
خوشی کے دن کی کوئی قدر نہیں جانتا ہے

مگر روزے افتد بسختی کشی
ہاں اس روز جانتا ہے جب محنت کشی میں مبتلا ہو جائے

زمستان و درویش در تنگ سال
قحط سالی میں فقیر اور جاڑا

چہ سہلست پیش خداوند مال
مالدار کے سامنے کس قدر آسان بات ہے

سلیمے کہ یک چند نالاں بخفت
وہ سانپ کا ڈسا ہوا کچھ دیر جو روتے روتے سویا

خداوند را شکر صحت بگفت
اس نے تندرستی پر خدا کا شکر ادا کیا

چو مردانہ رو باشی و تیز پائے
اگر تو مردانہ رفتار والا اور تیز قدم ہے

بشکرانہ باکند پویاں بپائے
تو شکرانہ میں سست قدموں کے ساتھ ٹھہر

بہ پیرِ کہن بر بہ بخشد جواں
جوان پرانے بوڑھے پر کرم کرے

توانا کند رحم بر ناتواں
ناتوان پر توانا رحم کرے

چہ دانند جیحونیاں قدرِ آب
جیحون والے پانی کی قدر کیا جانیں

زوا ماندگاں پرس در آفتاب
دھوپ میں تھکے ہوؤں سے معلوم کر!

عرب را کہ بر دجلہ باشد قعود
جس عرب کی دجلہ پر نشست ہو

چہ غم دارد از تشنگانِ زرود
اس کو زرود کے پیاسوں کا کیا غم ہے

کسے قیمتِ تندرستی شناخت
تندرستی کی قیمت اسی نے جانی ہے

کہ یک چندہ بیچارہ در تب گداخت
جو بیچارہ چند روز بخار میں پگھلا

ترا تیرہ شب کے نماید دراز
مجھے اندھیری رات کب لمبی معلوم ہو سکتی ہے

کہ غلطی ز پہلو بہ پہلوئے باز
جب کہ تو ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی طرف آزادانہ کروٹیں لے رہا ہو

براندیش از افتان و خیزانِ تب
بخار میں اٹھ بیٹھ کرنے والے کے بارے میں سوچ

کہ رنجور داند درازی شب
اس لیے کہ رات کی درازی کو بیمار جانتا ہے

ببانگِ دہل خواجہ بیدار گشت
نقارے کی آواز سے آقا بیدار ہوا

چہ داند شب پاسباں چوں گذشت
اسے کیا معلوم کہ چوکیدار کی رات کس طرح کٹی

حکایت سلطان طغرل با ہندوئے پاسباں

چوکیدار غلام کے ساتھ سلطان طغرل کا قصہ

شنیدم کہ طغرل شبے در خزاں
میں نے سنا ہے کہ طغرل خزاں کی رات میں

گذر کرد بر ہندوئے پاسباں
ایک غلام چوکیدار کے پاس سے گذرا

۱۔ قدر نعمت بعد از زوال مثل مشہور ہے۔
۲۔ اپنے پیروں کے شکرانہ میں لوگوں کا ساتھ دے۔
۳۔ جیحون مشہور دریا ہے۔
۴۔ بغداد کا ایک مشہور دریا ہے۔
۵۔ حجاز کا مشہور ریگستان ہے۔
۶۔ خزاں کے موسم میں ایران میں سخت جاڑا پڑتا ہے۔

۱۰

زباریدن برف و باران و سیل
برف اور بارش کے برسنے اور بہاؤ کی وجہ سے

دلش بروے از رحمت آورد جوش
رحم سے اس کا دل اس پر جوش میں آگیا

دمے منتظر باشش بر طرف بام
بالاخانہ کے کنارے تھوڑی دیر انتظار کر

دریں بود بادِ بہاری وزید
وہ یہی کہہ رہا تھا کہ موسم بہار کی ہوا چل پڑی

وشاقے پری چہرہ در خیل داشت
پری جیسے چہرہ والا غلام جماعت میں تھا

تماشائے ترکش چناں خوش فتاد
اس ترک کا نظارہ اس کو ایسا بھلا معلوم ہوا

قبا پوستینے گذشتش بگوش
پوستین کی قبا اس کے کان میں آئی

مگر رنج سرما بروے بس نبود
شاید جاڑے کی تکلیف اس کے لیے کافی نہ تھی

نگہ کن چو سلطاں بغفلت بخفت
غور کر جب بادشاہ غفلت میں سوگیا

مگر نیک بخت فراموش شد
شاید نیک بخت کو تو بھول گیا

ترا شب بعیش و طرب می رود
تیری رات عیش اور مستی میں کٹتی ہے

فرو بردہ سر کاروانے بدیگ
قافلے کا سر دیگوں میں سر دیئے ہوتے

بدار اے خداوندِ زورق بر آب
اے کشتی والے پانی پر کھڑا کرلے

توقف کنید اے جوانانِ چست
اے چست جوانو! ٹھہرو

تو خوش خفتہ در ہودج کارواں
تو تو قافلہ کے ہودج میں آرام سے سویا ہوا ہے

چہ ہامون و کوہست چہ سنگ و رمال
پھر تیرے لیے کیا جنگل اور پہاڑ کیا پتھر اور ریتا

بلرزش در افتادہ ہمچوں سہیل
وہ سہیل کی طرح کپکپی میں مبتلا تھا

کہ اینک قبا پوستینم بپوش
کہ ابھی میری پوستین کی قبا پہن لے

کہ بیروں فرستم بدستِ غلام
کہ میں غلام کے ہاتھ باہر بھیجتا ہوں

شہنشہ در ایوانِ شاہی خزید
بادشاہ شاہی محل میں گھس گیا

کہ طبعش بدو اندکے میل داشت
جس کی طرف اس کی طبیعت کا جھکاؤ تھا

کہ ہندوئے مسکیں برفتش زیاد
کہ مسکین چوکیدار اس کے ذہن سے نکل گیا

ز بدبختیش در نیامد بدوش
اس کی بدبختی کی وجہ سے کاندھے پر نہ آئی

کہ جورِ سپہر انتظارش فزود
کہ آسمان کے ظلم نے اس کے لیے انتظار کا اور اضافہ کردیا

کہ چوبک زنش بامداداں چہ گفت
تو نقارچی نے صبح کو اس کو کیا کہا

چو دستت در آغوش آغوش شد
جب تیرا ہاتھ معشوق کی بغل میں پہنچا

چہ دانی کہ بر ما چہ شب می رود
تجھے کیا معلوم کہ رات ہم پر کیسی گذرتی ہے

چہ از پا فرو رفتگانش بریگ
اس کو ریتے میں دھنسے ہوؤں کی کیا فکر ہے

کہ بیچارگاں را گذشت از سر آب
اس لیے کہ بے سہارا لوگوں کے سر سے پانی گذر گیا

کہ در کارواں اند پیرانِ سست
اس لیے کہ قافلہ میں سست بوڑھے بھی ہیں

مہارِ شتر در کفِ ساروان
اونٹ کی مہار ساربان کے ہاتھ میں ہے

ز رہ بازپس ماندگاں پرس حال
راستے سے تھکے ہوؤں سے حال پوچھ

۱۰

۱ے سہیل ستارہ لرزتا نظر آتا ہے۔
۲ے ترک یعنی وہی محبوب غلام۔
۳ے یعنی بادشاہ کے منہ سے اس کا نام سنا تھا۔
۴ے یعنی جو شخص مزے اڑا رہا ہے اس کو مصیبت زدوں کی کیا خبر۔

ترا کوہ پیکر ہیون می برد
تجھے تو پہاڑ جیسے جسم والا اونٹ لیے جا رہا ہے
پیادہ چہ دانی کہ خوں می خورد
تجھے کیا معلوم کہ پیدل چلنے والا خون پی رہا ہے

بآرامِ دل خفتگاں در بنہ
قیام گاہ پر دل کے آرام سے سونے والے
نہ دانند حالِ شکم گرسنہ
بھوکے پیٹ والوں کا حال نہیں جانتے

حکایت

یکے را عسس دست بر بستہ بود
چوکیدار نے ایک شخص کے ہاتھ باندھ دیے تھے
ہمہ شب پریشان و دل خستہ بود
وہ تمام رات پریشان اور دل خستہ رہا تھا

بگوشش آمد در شبِ تیرہ رنگ
کالے رنگ کی رات میں اس کے کان میں آیا
کہ شخصے ہمے نالد از دستِ تنگ
کہ ایک شخص تنگ دستی سے رو رہا ہے

شنید ایں سخن دزدِ مغلول و گفت
بیڑی پڑے چور نے یہ بات سنی اور بولا
تو بارے ز غم چند نالی بخفت
تو غم سے کتنا روئے گا سو جا

برو شکرِ یزداں کن اے تنگدست
اے تنگ دست جا خدا کا شکر کر
کہ دستت عسس تنگ بر ہم نہ بست
کہ چوکیدار نے تیرا ہاتھ کس کے نہیں باندھا ہے

مکن نالہ از بے نوائی بسے
بے سامانی کی وجہ سے زیادہ نہ رو
چو بینی ز خود بے نوا تر کسے
جبکہ اپنے سے زیادہ کسی کو بے سامان دیکھ لے

حکایت

برہنہ تنے یک درم وام کرد
ایک ننگے نے ایک درہم قرض لیا
تنِ خویش را کسوتِ خام کرد
اپنے بدن کے لیے کچے چمڑے کا لباس بنوا لیا

بنالید کاے طالعِ بد لگام
رو پڑا کہ اے سرکش ستارے
بگرما بپختم دریں زیرِ خام
اس کچے چمڑے میں گرمی میں میں پک گیا

چو ناپختہ آمد ز سختی بجوش
جب وہ ناتجربہ کار سختی کی وجہ سے جوش میں آ گیا
یکے گفتش از چاہِ زنداں خموش
قید کے کنوئیں سے کسی نے اس کو کہا چپ رہ

بجای آور اے خام شکرِ خدائے
اے ناتجربہ کار خدا کا شکر بجا لا
کہ چوں ما نہٖ خام بر دست و پائے
کہ ہماری طرح ہاتھ پاؤں پر کچا چمڑا نہیں ہے

حکایت

یکے کرد بر پارسائے گذر
ایک شخص ایک پارسا کے پاس سے گذرا
بصورت جہود آمدش در نظر
وہ اس کو بظاہر یہودی نظر آیا

قفائے فرو کوفت بر گردنش
اس نے اس کی گدھی پر ایک طمانچہ مارا
بہ بخشید درویش پیراہنش
پارسا نے اس کو اپنا لباس بخش دیا

۱۰

۱۔ اس زمانہ میں غربا، کھال پہن لیتے تھے۔

۲۔ قیدیوں کو اندھے کنوئیں میں ڈال دیا جاتا تھا۔

۳۔ یعنی اس شخص نے اس پارسا کو یہودی سمجھ کر طمانچے مار دیئے تو پارسا نے فوراً اس کو اپنا لباس اتار کر بخش دیا۔

خجل گفت کانچہ از من آمد خطا ست
دہ شرمندہ ہو کر بولا مجھ سے جو کچھ ہوا وہ غلطی تھی
به بخشائے بر من چہ جائے عطا ست
مجھے معاف کر دے بخشش کا کیا موقع ہے

بشکرانہ گفتا بہ شر نایستم
اُس نے کہا شکرانہ میں، میں شر پر آمادہ نہیں ہوں
کہ آنم کہ پنداشتی نیستم
جو کچھ تو نے مجھے سمجھا میں ایسا نہیں ہوں

نکو سیرتِ بے تکلّف بروں
نیک باطن بظاہر سادہ۔
بہ از نیک نامِ خراب اندروں
اس نیک نام سے بہتر ہے جس کا باطن خراب ہو

بنزدیکِ من شب رو راہ زن
میرے نزدیک چور ڈاکو
بہ از فاسقِ پارسا پیرہن
اس بد کار سے بہتر ہے جو پارسا کے لباس میں ہو

حکایت

زرہ باز پس ماندہ میگریست
ایک شخص راستے سے تھکا ہوا رو رہا تھا
کہ مسکیں تر از من بریں دشت کیست
کہ اس جنگل میں مجھ سے زیادہ مسکین کون ہو گا

خرے بار کش گفتش اے بے تمیز
اس سے لدھو گدھے نے کہا اے بے تمیز
ز جورِ فلک چند نالی تو نیز
تو بھی آسمان کے ظلم سے کتنا روئے گا۔

برو شکر کن چوں بخر بر نہٗ
جا شکر ادا کر اگر چہ تو گدھے پر سوار نہیں ہے
کہ آخر بزیر کساں خر نہٗ
لیکن انسانوں کے نیچے گدھا تو نہیں ہے

حکایت

فقیہے بر افتادہ مستے گذشت
ایک فقیہ ایک بیہوش پڑے ہوئے پر سے گذرا
بمستورئ خویش مغرور گشت
اپنی پارسائی پر مغرور ہو گیا

ز نخوت بدو التفاتے نکرد
تکبر سے اس کی طرف دھیان نہ کیا
جواں سر بر آورد کاے پیر مرد
جوان نے سر ابھارا کہ اے بوڑھے

بروشکر کن چوں بنعمت دری
جا، شکر کر جبکہ تو نعمت میں ہے
کہ محرومی آید ز مستکبری
اس لیے کہ تکبر کرنے سے محرومی آتی ہے

یکے را کہ در بند بینی مخند
اگر تو کسی کو قید میں دیکھے تو نہ ہنس
مبادا کہ ناگہ در افتی بہ بند
ایسا نہ ہو کہ تو قید میں پڑ جائے

نہ آخر در امکانِ تقدیر ہست
کیا آخر تقدیر کے امکان میں یہ نہیں ہے
کہ فردا چو من باشی افتادہ مست
کہ کل کو میری طرح تو بھی مست پڑا ہو

ترا آسماں خط بہ مسجد نبشت
آسمان نے تیرا حصہ مسجد میں لکھ دیا ہے
مزن طعنہ بر دیگرے در کنشت
دوسرا جو کنشت میں ہے اس پر طعنہ زنی نہ کر!

بہ بند اے مسلماں بشکرانہ دست
اے مسلمان شکرانہ میں ہاتھ جوڑ
کہ زنّار مغ بر میانت نہ بست
کہ آتش پرست کا جنیو تیری کمر پر نہیں باندھا

۱ میں اس شکرانہ میں لباس دے رہا ہوں کہ تو نے مجھے یہودی سمجھا خدا کا شکر ہے کہ میں مسلمان ہوں۔
۲ نعمتِ الٰہی کا کفر زوال کا سبب ہے
۳ اس مست نے فقیہ سے کہا۔

نہ خود میرود ہر کہ جویان اوست | بعنفش کشاں می برد لطف دوست
جو اس کا متلاشی ہے وہ خود نہیں جاتا | دوست کی مہربانی اس کو سختی سے کھینچ کر لے جاتی ہے

نگر تا قضا از کجا سیر کرد | کہ کوری بود تکیہ بر غیر کرد
غور کر قضا کہاں سے چلی ہے | کیونکہ غیر پر بھروسہ کرنا اندھاپن ہوگا

گفتار اندر نظر صاحبدلاں در حق نہ در اسباب

کہانت اس بیان میں کہ صاحبدلوں کی نظر اللہ کی طرف ہوتی ہے، نہ کہ اسباب کی طرف

سرشتست باری شفا در نبات | اگر شخص را ماندہ باشد حیات
نباتات میں خدا نے شفا ملا دی ہے | اگر انسان کی زندگی باقی ہو

عسل خوش کند زندگاں را مزاج | ولے درد مردن ندارد علاج
شہد، زندوں کا مزاج ٹھیک کر دیتا ہے | لیکن موت کے درد کا کوئی علاج نہیں ہے

رمق ماندۂ را کہ جاں از بدن | برآمد چہ سود انگبیں در دہن
آخری سانس والے کی جب بدن سے جان | نکل گئی تو شہد منہ میں ڈالنے سے کیا فائدہ

بدر کرد ناگہ یکے مشتری
ایک[4] خریدار نے اچانک اتارلی

بخرمائے از دستم انگشتری
ایک چھوارے کے بدلے میرے ہاتھ سے انگوٹھی

[1] مرتے وقت یہ ممکن نہ تھا کہ سکندر تمام حکومت خرچ کرکے بھی ایک سانس کے بقدر زندہ رہ سکے۔

[2] دنیا بے وفا ہے اس سے دل لگانا درست نہیں ہے۔

[3] جب انسان اجنبی شہر میں داخل ہوتا ہے نہا دھو کر داخل ہوتا ہے عالم آخرت بھی نیا شہر ہوگا اس میں جانے کے لیے آنسوؤں سے غسل کرلینا مناسب ہے

[4] ایک شخص نے دھوکہ دے کر چھوارے کے بدلہ انگوٹھی لے لی۔

چو نشناسد انگشتری طفلِ خُرد
جب چھوٹا بچہ انگوٹھی کو نہ سمجھے

تو ہم قیمتِ عمر نشناختی
تونے بھی عمر کی قیمت نہیں سمجھی

قیامت کہ نیکاں براعلیٰ رسند
قیامت میں جب نیک لوگ اعلیٰ رتبے پر پہنچیں گے

ق

ترا خود بماند سر از ننگ پیش
خود شرمندگی کی وجہ سے تیرا سر آگے کو جھکا ہوگا [1]

برادر زکارِ بداں شرم دار
اے بھائی بروں کے کام سے شرم کر

دراں روز کز فعل پرسند و قول
اس[2] دن جب فعل اور قول کے بارے میں دریافت کرینگے

بجائے کہ دہشت خورند انبیا
اس جگہ جہاں نبی دہشت کھائیں گے

زنانے کہ طاعت برغبت برند
وہ عورتیں جو رغبت سے عبادت کرتی ہیں

ترا شرم ناید زمردیِ خویش
مجھے[3] اپنی مردانگی سے شرم نہیں آتی

زناں را بعذرے معیّن کہ ہست
عورتیں[4] اس ایک معیّن عذر کی وجہ سے جو ان کو لاحق ہوتا ہے

تو بے عذر یکسو نشینی چو زن
تو بلا عذر کے عورت کی طرح علیحدہ ہو بیٹھا ہے

مرا خود چہ باشد زباں آوری
میری خود فصاحت کیا ہوتی

مرا خود مبیں اے عجب درمیاں
اے عجب! مجھے درمیاں میں نہ دیکھ

چو از راستی بگذری خم بود
جب تو سیدھائی سے ہٹ جائیگا کج ہو جائیگا

بناز و طرب نفس پروردہ گیر
ناز اور عیش میں پلے ہوئے نفس کو

یکے بچۂ گرگ می پرورید
ایک شخص بھیڑیے کے بچہ کو پالتا تھا

بشیرینی از وے توانند بُرد
اس سے مٹھائی کے بدلے لے جا سکتے ہیں

کہ در عیش شیریں برانداختی
کہ تونے میٹھے عیش میں اس کو ضائع کر دیا

زقعرِ ثریٰ بر ثریا رسند
مٹی کی پستی سے ثریا پر پہنچیں گے

کہ گرد ت برآید عملہائے خویش
جب کہ تیرے کارنامے تیرے گرد ہوں گے

کہ در روئے نیکاں شوی شرمسار
کیونکہ تو نیکوں کے سامنے شرمندہ ہوگا

اولوالعزم را تن بلرزد زہول
صاحب عزم کا جسم بھی خوف سے لرزے گا

تو عذرِ گنہ را چہ داری بیا
تیرے پاس گناہ کا کیا عذر ہے لا

زمردانِ ناپارسا بگذرند
غیر متقی مردوں سے بڑھ جائیں گی

کہ باشد زناں را قبول از تو بیش
کہ عورتوں کو تجھ سے زیادہ مقبولیت حاصل ہو

ز طاعت بدارند گہ گاہ دست
کبھی کبھی عبادت سے دست کش ہو جاتی ہیں

روا ے کم از زن لافِ مردی مزن
اے عورت سے بھی گھٹیا، جا مردانگی کی ڈینگیں نہ مار

چنیں گفت شاہِ سخن عنصری
سخن کے بادشاہ عنصری[5] نے بھی یہی کہا

ببیں تا چہ گفتند پیشینیاں
دیکھ اگلے لوگوں نے کیا کہا ہے

چہ مردی بود کز زنے کم بود
کیا مردانگی ہوگی جب تو ایک عورت سے کم ہوگا

بایام دشمن قوی کردہ گیر
کچھ زمانہ میں قوی بنایا ہوا دشمن سمجھ[6]

چو پروردہ شد خواجہ برہم درید
جب پل گیا اسنے مالک کو پھاڑ ڈالا

[1] اگر تیرے اچھے کام نہ ہوں گے تو تو نیکوں کے روبرو شرمندہ ہوگا۔
[2] قیامت میں انسان کے جملہ افعال اور اقوال کا حساب ہوگا
[3] ایک مرد کے لیے یہ باعث شرم ہونا چاہیے کہ وہ مقبولیت میں عورتوں سے بھی کم ہو۔
[4] یعنی حالتِ حیض ولفاس میں عورتیں بہت سی عبادت نہیں کرسکتی ہیں عذرِ معین سے یہی حالت مراد ہے۔
[5] عنصری سلطان محمود کا ملک الشعراء تھا
[6] انسان کا نفس اس کا دشمن ہے جس قدر اس کو نازوں سے پالوگے گویا اپنے دشمن کو طاقتور بنا رہے ہو۔

ق

چو بر پہلوئے جاں سپردن بخفت
جب بلے جان دینے کی کروٹ پر سوگیا

تو دشمن چنیں نازنیں پروری
تو نے دشمن کو نازوں سے ایسا پالتا ہے

نہ ابلیس در حق ما طعنہ زد
کیا بلے شیطان نے ہمارے بارے میں طعنہ نہ دیا تھا

فغاں از بدیہا کہ در نفس ماست
جو برائیاں ہمارے نفس میں ہیں ان سے فریاد ہے

چو ملعون پسند آمدش قہر ما
جب بلے ملعون کو ہماری ذلت پسند آئی

کجا سر بر آریم ازیں عار و ننگ
ہم اس ذلت اور عار سے کیسے سر اٹھا سکتے ہیں

نظر دوست نادر کند سوئے تو
بلے دوست بہت کم تیری طرف نظر کرے گا

گیرت دوست باید کز و بر خوری
اگر تجھے ایسا دوست چاہیے جس سے تو نفع اٹھائے

بسیم سیہ تا چہ خواہی خرید
تو کالی چاندی سے آخر کیا خرید سکے گا

روا دارد از دوست بیگانگی
دوست کی جانب سے بیگانگی کو وہ شخص جائز رکھتا ہے

ندانی کہ کمتر نہد دوست پائے
تو نہیں جانتا کہ دوست بہت کم قدم دھرتا ہے

جہاندیدۂ بر سرش رفت و گفت
ایک جہاندیدہ اس کے سرہانے گیا اور بولا

ندانی کہ ناچار زخمش خوری
یہ نہیں جانتا کہ لامحالہ اس کا زخم کھائے گا

کز بناں نیاید بجز کار بد
کہ ان سے برے کام کے سوا کچھ نہ ہوگا

کہ ترسم شود ظن ابلیس راست
مجھے ڈر ہے کہ کہیں شیطان کا گمان سچا ہو جائے

خدایش بر انداخت از بہر ما
اس کو خدا نے ہماری خاطر باہر نکال دیا

کہ با او بصلحیم و با حق بجنگ
کہ اس کے ساتھ ہم صلح سے ہیں اور خدا کے ساتھ جنگ ہے

چو در روئے دشمن بود روئے تو
جب تیرا رخ دشمن کے رخ کی طرف ہوگا

نباید کہ فرمان دشمن بری
تو یہ نہ چاہیے کہ تو دشمن کی اطاعت کرے

کہ خواہی دل از مہر یوسف برید
جب کہ تو یوسف کی محبت سے دل ہٹانا چاہتا ہے

کہ دشمن گزیند بہم خانگی
جو دشمن کے ساتھ ایک گھر میں رہنا پسند کرے

چو بیند کہ دشمن بود در سرائے
جب وہ دیکھتا ہے کہ دشمن گھر میں ہے

حکایت

یکے برد با پادشاہے ستیز
ایک شخص نے ایک بادشاہ سے جنگ کی

گرفتار در دست آں کینہ توز
اس کینہ ور کے ہاتھ میں گرفتار ہو کر

اگر دوست بر خود نیازردمے
اگر میں اپنے دوست کو اپنی جانب سے آزردہ نہ کرتا

تو از دوست گر عاقلی بر مگرد
اگر تو عقلمند ہے دوست سے نہ بگڑ

بدشمن سپردش کہ خونش بریز
اس نے اس کو جلاد کے سپرد کر دیا کہ اس کا خون بہا دے

ہمی گفت با خود بزاری و سوز
اپنے آپ سے سوز اور عاجزی کے ساتھ کہہ رہا تھا

کے از دست دشمن جفا بردمے
تو دشمن کے ہاتھ سے کب ظلم برداشت کرتا

کہ دشمن نیارد نگہ در تو کرد
تاکہ دشمن تیرے اوپر نگاہ نہ ڈال سکے

ملہ یعنی ایک کروٹ پر مر کر رہ گیا
ملہ شیطان نے حضرت آدم کی خلافت پر اعتراض کرتے ہوئے کہا تھا کہ انسان زمین پر فساد پھیلائے گا اور خوں ریزی کرے گا۔
ملہ شیطان نے حضرت آدم ؑ کی عزت نہ کی تو جنت سے نکالا گیا
ملہ اللہ اس شخص کو کیسے دوست بنائے گا جو اس کے دشمن یعنی شیطان کا دوست ہو۔
ملہ بادشاہ سے لڑنے کا انجام یہ ہے کہ جلاد کا ظلم سہنا پڑ رہا ہے۔

بناچار دشمن بدرّدش پوست
یقیناً دشمن اس دوست کی کھال اُدھیڑتا ہے

رفیقے کہ بر خود بیازرد دوست
جس نے دوست کو اپنے سے آزردہ کر دیا

تو با دوست یک دل شو و یک سخن
تو دوست کے ساتھ ایک دل اور ایک زبان ہو جا

کہ خود بیخ دشمن برآید ز بُن
تاکہ دشمن کی جڑ خود اکھڑ آئے

نہ پندارم این زشت نامی نکوست
میں نہیں سمجھتا کہ یہ بدنامی بھلی ہے

بخشنودئے دشمن آزارِ دوست
دشمن کی خوشنودی کے لیے دوست کو ستانا

حکایت

یکے مالِ مردم بہ تلبیس خورد
ایک شخص مکاری سے انسانوں کا مال کھا گیا

چو برخاست لعنت بر ابلیس کرد
جب اٹھا تو شیطان پر لعنت کی

چنیں گفت ابلیس اندر رہے
راستہ میں شیطان نے یہ کہا

کہ ہرگز ندیدم چنیں ابلہے
کہ میں نے ایسا بیوقوف کبھی نہیں دیکھا

ترا با منست از نہاں آشتی
تیری مجھ سے پوشیدہ طور پر صلح ہے

چرا تیغ پیکار برداشتی
پھر تو نے لڑائی کی تلوار کیوں اٹھائی ہے

دریغست فرمودۂ دیو زشت
یہ بات افسوسناک ہے کہ بد شیطان کا کہا ہوا

کہ دستِ ملک بر تو خواہد نبشت
فرشتوں کے ہاتھ تیرے بارے میں لکھیں

روا داری از جہل و ناباکیت
نادانی اور بے خوفی کی وجہ سے تو یہ جائز سمجھتا ہے

کہ پاکاں نویسند ناپاکیت
کہ پاک تیری ناپاکی کو لکھیں

طریقے بدست آر و صلحے بجوئے
ایک طریقہ حاصل کر اور صلح چاہ

شفیعے برانگیز و عذرے بگوئے
کوئی سفارشی پیدا کر اور معذرت کر

کہ یک لحظہ صورت نہ بندد اماں
اس لیے کہ ایک لحظہ کے لیے پناہ کی صورت نہ ہوگی

چو پیمانہ پُر شد بدورِ زماں
جب زمانہ کی گردش سے پیمانہ بھرا

وگر دستِ قوّت نداری بکار
اگر تو قوت کا ہاتھ کسی کام کا نہیں رکھتا ہے

چو بیچارگاں دستِ زاری برآر
تو عاجزوں کی طرح عجز کا ہاتھ اٹھا

وگر رفت از اندازہ بیروں بدی
اگر برائی اندازہ سے بھی بڑھ گئی

چو گفتی کہ بد رفت نیک آمدی
جب تو نے یہ کہہ دیا کہ "برائی ہوئی" تو نیک بن گیا

فراشو چو بینی درِ صلح باز
جب تو صلح کا دروازہ کھلا دیکھے تو آگے بڑھ

کہ ناگہ درِ توبہ گردد فراز
اس لیے کہ اچانک توبہ کا دروازہ بند ہو جائے

مرو زیرِ بارِ گنہ اے پسر
اے صاحبزادے گناہ کے بوجھ سے لدا ہوا نہ چل

کہ حمّال عاجز بود در سفر
اس لیے کہ بوجھ اٹھانے والا سفر میں تھک جاتا ہے

پئے نیک مرداں بباید شتافت
نیک انسانوں کے پیچھے دوڑنا چاہیے

کہ ہر کیں سعادت طلب کرد یافت
اس لیے کہ جس نے یہ نیک بختی چاہی حاصل کر لی

۱؎ دوست سے مراد خدا اور دشمن سے مراد شیطان ہے۔
۲؎ ایک انسان کے لیے یہ بدنامی بہت بری ہے کہ وہ شیطان کی خاطر اللہ سے جنگ کرے
۳؎ دوسروں کا مال انسان جبھی کھاتا ہے جب اس کی شیطان سے دوستی ہوتی ہے
۴؎ یہ انتہائی بری بات ہے کہ انسان پاک فرشتوں سے اپنے ناپاک گناہ لکھائے۔
۵؎ اگر انسان کے ہاتھ سے کارِ خیر نہ ہو سکے تو اس کو عاجزی کے ساتھ ہاتھ اٹھا کر معافی کی دعا کرنی چاہیے۔
۱۰
۶؎ گناہوں کا اقرار بھی نیکی کی دلیل ہے۔
۷؎ جب قیامت کی بڑی علامتیں ظاہر ہو جائیں گی یا انسان پر نزع طاری ہو جائیگا توبہ قبول نہ ہوگی۔
۸؎ آخرت کا سفر وہ آرام سے کر سکے گا جس پر گناہوں کا بوجھ نہ لدا ہوگا۔

ولیکن تو دنبالِ دیوِ خسی
لیکن تو کمینہ شیطان کے پیچھے ہے

ندانم کہ در صالحاں چوں رسی
میں نہیں سمجھ سکتا کہ تو نیکوں میں کس طرح پہنچے گا

پیمبر کسے راشفاعت گرست
پیغمبر اسی کے سفارشی ہیں

کہ بر جادۂ شرعِ پیغمبرست
جو پیغمبر کی شریعت کے راستہ پر ہے

رہِ راست رَو تا بمنزل رسی
سیدھا راستہ چل تاکہ تو منزل پر پہنچے

تو بر رہ نۂ زیں قبل واپسی
چونکہ تو راستہ پر نہیں ہے اس لئے پیچھے ہے

چو گاوِیکہ عصّار چشمش بہ بست
اس بیل کی طرح جس کی تیلی نے آنکھیں باندھ دی ہیں

دواں تابشب شب ہم آنجا کہ ہست
شام تک دوڑتا ہے شام کو وہیں ہے جہاں تھا

حکایت

ز گِل آلودہ راہِ مسجد گرفت
مٹی[1] میں سنے ہوئے نے مسجد کا راستہ لیا

ز بختِ نگوں طالع اندر شگفت
اوندھے ستارے والے نصیبہ سے تعجب میں

یکے زجر کردش کہ تبّت یدا ک
کسی نے اسے جھڑکا کہ تیرے دونوں ہاتھ ہلاک ہوں

مرو دامن آلودہ درجائے پاک
آلودہ دامن کے ساتھ پاک جگہ نہ جا

مرا رقتے در دل آمد بریں
اس[2] پر میرے دل میں رقت آ گئی

کہ پاکست و خرم بہشتِ بریں
کہ بہشت برتر تو مبارک اور پاک ہے

دراں جائے پاکانِ امیدوار
اس میں تو پاک امیدواروں کی جگہ ہے

ز گِل آلودۂ معصیت راچہ کار
گناہ کی مٹی سے سنے ہوئے کا کیا کام

بہشت آں ستاند کہ طاعت برد
بہشت تو وہ حاصل کرے گا جو تابعداری کرے گا

کرا نقد باید بضاعت برد
جس[3] کے پاس نقد ہو گا سامان خرید لیجائے گا

بکن دامن از گردِ ذلت بشوئے
دیر نہ کر! ذلت کی گرد سے دامن دھولے

کہ ناگہ ز بالا ببندند جوئے
کہیں[4] اچانک اوپر سے نہر بند نہ کر دیں

بگو مرغِ دولت زقیدم بجست
یہ[5] نہ کہہ کہ دولت کی چڑیا میرے پھندے سے نکل گئی

ہنوزش سر رشتہ داری بدست
ابھی تک اس کا دھاگا تو ہاتھ میں رکھتا ہے

وگر دیر شد گرم رَو باش و چست
اور اگر دیر ہو گئی ہے تو چست اور تیز چل!

ز دیر آمدن غم ندارد درست
صحیح بات دیر میں حاصل ہونے سے کوئی غم نہیں ہے

ہنوزت اجل دستِ خواہش نبست
ابھی تک موت نے تیری خواہش کا ہاتھ نہیں باندھا ہے

برآور بدرگاہِ دادار دست
خدا کے دربار میں اپنا ہاتھ اٹھا

مخسپ اے گنہ کردۂ خفتہ خیز
اے غافل گنہگار نہ سو، اٹھ!

بعذرِ گنہ آب چشمے بریز
گناہ کی معذرت پر آنکھ کا پانی بہالے

چو حکمِ ضرورت بود کابروئے
جب[7] یہ ضروری ہے کہ وہ تیری آبرو

بریزند بارے بریں خاکِ کوئے
ریزی کریں گے تو ابھی اسی گلی کی خاک پر بہادے

---

۱ ایک گنہگار اپنی بدنصیبی پر متعجب ہو کر مسجد کی طرف چلا
۲ جنت جیسی پاک جگہ میں ناپاک نہ جاسکیں گے۔
۳ اعمال صالحہ کے نقد سے جنت خریدی جاسکتی ہے۔
۴ یعنی توبہ کا دروازہ بند نہ ہو جائے۔
۵ گنہگار کو مایوس نہ ہونا چاہیے توبہ کا موقع باقی ہے۔
۶ عمر کا زیادہ حصہ برائی میں گذرا ہے تو باقی حصے میں زیادہ نیکی کر لینی چاہیے
۷ جب معصیت کا کے سبب یہ ضروری ہو گیا ہے کہ اس کی آبرو خراب ہوتی ہے تو اس کو اسی دنیا میں اپنے آپ کو بے آبرو بنا کر توبہ کر لینی چاہیے۔

ور آبت نماند شفیع آر پیش — کسے راکہ ہست آبروی از تو بیش
اگر تیری آبرو نہ رہے تو کوئی ایسا سفارشی پیش کرے — جس کی آبرو تجھ سے زیادہ ہو

بقہر ار براند خدای از درم — روان بزرگان شفیع آورم
اگر خدا غصہ سے مجھے دروازہ سے بھگا دیگا — تو میں بزرگوں کی روح کو سفارشی بناؤں گا

حکایت

ہمی یادم آید ز عہدِ صغر — کہ عیدے بروں آمدم با پدر
مجھے بچپن کی یہ بات یاد ہے — کہ ایک عید کو میں ابّا کے ساتھ باہر گیا

ببازیچہ مشغول مردم شدم — در آشوبِ خلق از پدر گم شدم
کھیل کود کے اندر لوگوں میں لگ گیا — لوگوں کے ہنگامہ میں ابّا سے گم ہوگیا

برآوردم از ہول و دہشت خروش — پدر ناگہانم بمالید گوش
میں خوف اور دہشت سے چیخنے چلّانے لگا — اچانک ابّا نے میری گوشمالی کی

کہ اے شوخ چشم آخرت چند بار — بگفتم کہ دستم ز دامن مدار
کہ اے بے حیا! آخر میں نے کئی مرتبہ تجھ سے — کہا ہے کہ میرا پلّو نہ چھوڑ

بہ تنہا نداند شدن طفلِ خرد — کہ مشکل بود راہِ نادیدہ برد
چھوٹا بچہ اکیلا پھرنا نہیں جانتا — اس لئے کہ بدون دیکھا راستہ چلنا مشکل ہوتا ہے

تو ہم طفلِ راہی بسعی اے فقیر — برو دامنِ نیک مرداں بگیر
اے فقیر چلنے میں تو بھی طفل راہ ہے — جا نیک انسانوں کا دامن پکڑ لے

مکن با فرومایہ مردم نشست — چو کردی زہیبت فروشوی دست
کمینوں کے ساتھ نشست برخاست نہ رکھ — اگر تو نے ایسا کیا تو عزت سے ہاتھ دھولے

بفتراکِ پاکان دل آویز چنگ — کہ عارف ندارد ز دریوزہ ننگ
پاک دل والوں کے شکار بند کو مضبوط پکڑ لے — اس لیے کہ باخدا گدائی سے ذلت محسوس نہیں کرتا

مریداں بقوت ز طفلاں کم اند — مشائخ چو دیوارِ مستحکم اند
مرید طاقت میں بچوں سے بھی کم ہیں — پیر مضبوط دیوار کی طرح ہیں

بیاموز رفتار ازاں طفلِ خرد — کہ چوں استعانت بدیوار برد
اس چھوٹے بچہ سے چلنا سیکھ لے — اس نے کس طرح دیوار کا سہارا لیا

ز زنجیرِ ناپارسایاں برست — کہ در حلقۂ پارسایان نشست
بروں کی زنجیر سے اس شخص نے رہائی حاصل کرلی — جو نیکوں کے حلقہ میں بیٹھا

اگر حاجتے داری ایں حلقہ گیر — کہ سلطاں ازیں در ندارد گزیر
اگر تجھے ضرورت ہے اس حلقہ کو پکڑ لے — اس لیے کہ بادشاہ کو بھی اس حلقہ کے سوا چارہ نہیں

برو خوشہ چیں باش سعدی صفت — کہ گرد آوری خرمنِ معرفت
جا سعدی کی طرح خوشہ چین بن — تاکہ معرفتِ خداوندی کا انبار جمع کرلے

---

۱ اگر گنہگار نیکوں سے تعلق رکھے گا تو وہ اس کی سفارش کرسکیں گے۔
۲ جیسا کہ عام طور پر بچے کرتے ہیں
۳ جو راہِ سلوک کے بچے ہیں ان کو بڑوں کا دامن تھامے رہنا چاہیے ورنہ گم ہوجائیں گے
۴ بزرگوں کی خدمت کی ذلت سے عار محسوس نہیں کرنی چاہیے۔
۵ بادشاہوں کو بھی درویشوں کے حلقہ بگوش رہنے کے سوا چارہ نہیں ہے۔

حکایت مست خرمن سوز

انبار کو جلانے والے دیوانہ کا قصہ

یکے غلہ مُرداد[1] مہ تودہ کرد
ایک شخص نے مُرداد کے مہینہ میں غلہ جمع کیا

ز تیمار دے خاطر آسودہ کرد
دے (کے مہینہ) کے فکر سے دل کو مطمئن کیا

شبے[2] مست شد و آتشے بر فروخت
ایک رات کو مست ہوگیا اور آگ جلائی

نگوں بخت کالیوہ خرمن بسوخت
احمق، اوندھے نصیبہ والے نے انبار جلا دیا

دگر روز در خوشہ چیدن نشست
دوسرے دن خوشے چننے بیٹھا

کہ یک جو ز خرمن نماندش بدست
اس لیے کہ انبار میں سے ایک جو بھی اس کے ہاتھ میں نہ رہا

چو سرگشتہ دیدند درویش را
جب لوگوں نے فقیر کو پریشان دیکھا

یکے گفت پروردۂ خویش را
ایک شخص نے اپنے لڑکے سے کہا

نخواہی کہ گردی چنیں تیرہ روز
اگر تو چاہتا ہے کہ ایسا بدبخت نہ بنے

بدیوانگی خرمن خود مسوز
دیوانگی سے اپنا انبار نہ جلا

گر از دست عمرت[3] شد اندر بدی
اگر تیرے ہاتھوں تیری زندگی برائی میں ختم ہوگئی ہے

تو آنی کہ در خرمن آتش زدی
تو وہی ہے جس نے انبار میں آگ لگائی

فضاحت بود خرمن اندوختن
رسوائی کی بات ہے، انبار جمع کرنا

پس از خرمن خویشتن سوختن
اپنے انبار کو آگ لگا دینے کے بعد

مکن جانِ من تخم دین ورز و داد
اے جانِ من ایسا نہ کر، دین اور انصاف کا بیج بو

مدہ خرمنِ نیک نامی بباد
نیک نامی کے انبار کو برباد نہ کر

چو برگشتہ بختے در افتد بہ بند
اگر کوئی بدبخت مصیبت میں گرفتار ہو جاتا ہے

از و نیک بختاں[4] بگیرند پند
نیک بخت اس سے نصیحت حاصل کرتے ہیں

تو پیش از عقوبت در عفو کوب
تو سزا سے پہلے معافی کا دروازہ کھٹکھٹا لے

کہ سودے ندارد فغاں زیر چوب
اس لیے[5] کہ چھڑی کے نیچے چیخ و پکار مفید نہیں ہے

برآر از گریبانِ غفلت سرت
غفلت کے گریبان سے اپنا سر نکال لے

کہ فردا نماند خجل در برت
تاکہ وہ کل کو شرمندہ تیری بغل میں جھکا نہ رہے

[1] مُرداد کے مہینہ میں فصل خریف کٹتی ہے۔ دے کا مہینہ سخت سردی کا ہے جس کے لیے غلہ اندوختہ کیا جاتا ہے۔

[2] مستی کی حالت میں غلہ کا انبار جلا دیا۔

[3] جو شخص برائیوں میں اپنی زندگی ختم کر رہا ہے اس کی مثال اسی مست انبار کو جلانے والے کی سی ہے۔

[4] نیک بخت وہی ہے جو دوسرے کے انجام سے نصیحت حاصل کر لے۔

[5] جب مار پڑنے لگتی ہے تو واویلا بیکار ہوتی ہے۔

حکایت

یکے متفق بود بر منکرے
ایک شخص ایک برے کام کا پابند تھا

گذر کرد بر وے نکو محضرے
ایک نیک طبیعت انسان اس کے پاس سے گذرا

نشست از خجالت عرق کردہ روئے
وہ شرمندگی سے چہرہ پسینہ میں ڈبوتے ہوئے بیٹھ گیا

کہ آیا خجل گشتم از شیخ کوئے
کہ یقیناً میں محلہ کے شیخ سے شرمندہ ہوا

شنید ایں سخن پیر روشن رواں
روشن روح پیر نے یہ بات سنی

بر و بر بشورید و گفت اے جواں
تو اس پر بگڑ گیا اور بولا اے جوان!

نیاید ہمی شرمت از خویشتن
مجھے اپنے آپ سے شرم نہیں آتی ہے
کہ حق حاضر و شرم داری ز من
کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے اور مجھ سے شرما رہا ہے

نیاسائی از جانب ہیچ کس
کسی شخص سے تجھے آرام حاصل نہ ہوگا
برو جانب حق نگہدار و بس
جا، بس خدا کی طرف دھیان لگا

چناں شرم دار از خداوند خویش
اپنے خدا سے اس طرح شرما
کہ شرمت ز بیگانگانست و خویش
جس طرح تجھے اپنے اور بیگانے سے شرم آتی ہے

حکایت

زلیخا چو گشت از مئے عشق مست
زلیخا جب عشق کی شراب سے مست ہوگئی
بداماں یوسف درآویخت دست
اس نے حضرت یوسف کا دامن پکڑ لیا

چناں دیو شہوت رضا دادہ بود
شہوت کا بھوت ایسا آمادہ ہوگیا تھا
کہ چوں گرگ در یوسف افتادہ بود
کہ زلیخا بھیڑیے کی طرح حضرت یوسف کے پیچھے پڑ گئی تھی

بتے داشت بانوئے مصر از رخام
مصر کی بیگم کے پاس ایک سنگ مرمر کا بت تھا
برو معتکف بامداداں و شام
جس کی وہ صبح اور شام عبادت کرتی تھی

دراں لحظہ رویش بپوشید و سر
اس وقت اس کا سر اور چہرہ ڈھانپ دیا
مبادا کہ زشت آیدش در نظر
نہ ہو کہ برائی پر اس کی نظر پڑے

غم آلودہ یوسف بکنجے نشست
غمگین یوسف ایک کنارے پر جا بیٹھے
بسر بر ز نفس ستمگارہ دست
ظالم نفس کی وجہ سے سر پر ہاتھ رکھے

زلیخا دو دستش ببوسید و پائے
زلیخا نے ان کے دونوں ہاتھوں اور پاؤں کو چوم لیا
کہ اے سست پیمان و سرکش درآ
کہ اے بے وفا اور سرکش آ

بسنداں دلی روئے درہم مکش
سخت دلی سے ناراض نہ ہو
بہ تندی پریشاں مکن وقت خوش
تندی سے اچھے وقت کو پریشان نہ کر

رواں گشتش از دیدہ بر چہرہ جوے
ان کی آنکھوں سے چہرہ پر نہر بہہ پڑی
کہ برگرد و ناپاکی از من مجوئے
ہٹ جا اور مجھ سے ناپاکی نہ چاہ

تو در روئے سنگے شدی شرمسار
تو ایک پتھر کے سامنے شرمندہ ہوگئی
مرا شرم ناید ز پروردگار
مجھے خدا سے شرم نہ آئے گی؟

چہ سود از پشیمانی آید بکف
کیا فائدہ اگر شرمندگی اس وقت ہو
چو سرمایۂ عمر کردی تلف
جب تو نے عمر کا سرمایہ تباہ کر دیا

شراب از پئے سرخروئی خورند
سرخروئی کے لیے شراب پیتے ہیں
وز و عاقبت زرد روئی برند
اور اس سے انجام کار زرد روئی حاصل کرتے ہیں

بعذر آوری خواہش امروز کن
عذر خواہی کی آج خواہش کر!
کہ فردا نماند مجال سخن
اس لیے کہ کل کو بات کی گنجائش نہ رہیگی

ملہ ایسے انسان کو شرم آنی چاہیے جو لوگوں سے شرمائے اور خدا سے نہ شرمائے۔

ملہ زلیخا شہوت سے مغلوب ہو کر یوسف علیہ السلام کے پیچھے بھیڑیے کی طرح پڑ گئی تھی۔

ملہ یعنی زلیخا۔

ملہ زلیخا کی ناروا حرکتوں سے غمگین ہو کر حضرت یوسف دونوں ہاتھوں سے سر کو تھام کر بیٹھ گئے۔

ملہ شراب نوشی لذت کے لیے کرتے ہیں لیکن اس کا انجام شرمندگی ہے

حکایت

پلیدی کند گربہ بر جائے پاک
بلّی پاک جگہ پر ناپاکی کر دیتی ہے

چو زشتش نماید بپوشد بخاک
جب اس کو برا لگتا ہے اس کو مٹی سے چھپاتی ہے

تو آزادی از ناپسند یدہا
تو ناپسند یدگیوں سے بھی آزاد سمجھیے

نترسی کہ بر وے فتند دیدہا
اس سے نہیں ڈرتا کہ اس پر نگاہیں پڑیں گی

براندیش ازاں بندۂ پُر گناہ
اس خطا وار غلام کے بارے میں سوچ

کہ در خواجہ آبق شود چند گاہ
جو مالک کے پاس سے کچھ مدت کے لیے بھاگ گیا ہو

اگر باز گردد بصدق و نیاز
اگر وہ سچائی اور عاجزی سے واپس آجائے

بزنجیر و بندش نیارند باز
پھر اس کو زنجیر اور قید میں نہیں رکھتے ہیں

بکیں آوری با کسے برستیز
کینہ وری سے اس سے لڑ

کہ از وے گزیرت بود یا گریز
جس سے تجھے چارہ یا بچاؤ ممکن ہو

کنوں کرد باید عمل را حساب
عمل[1] کا اب حساب کرلینا چاہیے

نہ وقتے کہ منشور گردد کتاب
نہ کہ اس وقت جب کتاب شائع ہوجائے

کسے گرچہ بد کرد ہم بد نکرد
اگر کسی[3] نے برائی کی ہے تو اس نے کوئی برائی نہیں کی

کہ پیش از قیامت غم خود بخورد
جب کہ قیامت سے پہلے اپنی فکر کرلی

اگر آئینہ از آہ گردد سیاہ
آہ کرنے سے اگر آئینہ کالا پڑتا ہے

شود روشن آئینۂ دل باہ
تو دل کا آئینہ آہ کرنے سے روشن ہوتا ہے

بترس از گناہانِ خویش ایں نفس
اس وقت اپنے گناہوں سے ڈر

کہ روز قیامت نترسی ز کس
تاکہ قیامت کے دن کسی سے نہ ڈرے

حکایت

غریب آمدم در سوادِ حبش
حبش کے علاقہ میں میں مسافر بن کے پہنچا

دل از دہر فارغ سر از عیش خوش
دل زمانہ سے فارغ، سر عیش سے خوش

بَرَہ بر یکے دکّہ دیدم بلند
راستہ میں میں نے ایک اونچا چبوترا دیکھا

تنے چند مسکیں بر و پائے بند
چند مسکین اس پر پیر بند ھے ہوئے

بسیج سفر کردم اندر نفس
فوراً[5] ہی میں نے سفر کی تیاری کرلی

بیاباں گرفتم چو مرغ از قفس
جنگل کو نکل گیا جس طرح پنجرے سے پرند

یکے گفت کیں بندیاں شب روند
کسی[6] نے کہا کہ یہ قیدی چور ہیں۔

نصیحت نگیرند و حق نشنوند
نصیحت حاصل نہیں کرتے ہیں اور صحیح بات نہیں سنتے

چو بر کس نماند ز دستت ستم
جب تیرے ہاتھ سے کسی پر ظلم نہ ہوا ہو

ترا گر جہاں شحنہ گیرد چہ غم
اگر دنیا کا بادشاہ تجھے گرفتار کرے تو کیا غم ہے

۱۔ گنہگار بھی اگر توبہ کرے گا قید و بند سے آزاد رہے گا۔
۲۔ قیامت کے دن اعمال نامہ کی تشہیر سے قبل انسان کو اپنے عمل کا محاسبہ کرلینا چاہیے۔
۳۔ گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس نے کوئی گناہ کیا ہی نہیں ہے۔
۴۔ آئینہ پر آہ کر کے منہ کی بھاپ لگائی جائے تو وہ اور دھندلا ہوجاتا ہے
۵۔ یعنی بے فکری کی زندگی گزار رہا تھا۔
۶۔ قیدیوں کو دیکھ کر میں نے فوراً ہی وہاں سے نکل جانے کا خیال کرلیا۔
۷۔ یہ بتایا کہ یہاں کے لوگ ظالم نہیں ہیں بلکہ یہ قیدی واقعی مجرم ہیں۔

نکو نام را کس نگیرد اسیر
نیک نام کو کوئی قید نہیں کرتا ہے

نیاورد حالل غش اندر میاں
جس طلالکارکن نے معاملہ میں کھوٹ نہ کیا ہو

وگر عفتش را فریبست زیر
اور اگر اس کی پاکدامنی میں خیانت چھپی ہے

چو خدمت پسندیدہ آرم بجائے
جب میں اچھی کارگذاری بجالا رہا ہوں

اگر بندہ کوشش کند بندہ وار
اور اگر غلام غلامانہ کوشش کرے

وگر کند رایست در بندگی
اگر غلامی میں سست رائے ہے

قدم پیش نہ کز ملک بگذری
قدم آگے بڑھا تاکہ فرشتے سے بھی آگے بڑھ جائے

بترس از خدای و مترس از امیر
خدا سے ڈر اور حاکم سے نہ ڈر

نیندیشد از رفع دیوانیاں
وہ دفتر والوں کی شکایت سے فکر نہیں کرتا ہے

زبان حسابش نگردد دلیر
تو اس کے حساب کی زبان دلیر نہوگی

نیندیشم از دشمن تیرہ رائے
تو تاریک خیال دشمن سے مجھے اندیشہ نہیں ہے

عزیزش بدارد خداوندگار
آقا اس کو پیارا رکھے گا

زجانداری افتد بخر بندگی
انسانوں کی خدمت سے گدھوں کی خدمتگاری پر لگے گا

کہ گر باز مانی زدد کمتری
اس لیے کہ اگر تو پیچھے رہ جائیگا تو وحشی جانور سے بھی کم ہے

حکایت

یکے را بچوگاں شہ دامغاں
دامغان کے بادشاہ نے ایک شخص کو بتلے سے

بزد تا چو طبلش بر آمد فغاں
اتنا مارا کہ اس سے ڈھول کی سی آواز نکلی

شب از بے قراری نیارست خفت
وہ بے قراری کی وجہ سے رات بھر نہ سوسکا

بشب گر ببردے بر شحنہ سوز
رات کو اگر کوتوال کی خوشامد کرلیتا

کسے روز محشر نگردد خجل
محشر کے دن وہ شخص شرمندہ نہوگا

اگر ہوشمندی ز داور بخواہ
اگر تو عقلمند ہے خدا سے چاہ لے

ہنوزار سر صلح داری چہ بیم
اب بھی اگر تجھے صلح کا خیال ہے تو کیا ڈر ہے

لطیفے کہ آورد تا از نیست ہست
وہ مہربان جس نے تجھے نیست سے ہست کیا ہے

اگر بندۂ دست حاجت بر آر
اگر تو بندہ ہے تو دست سوال دراز کر!

بر و پارسائے گذر کرد و گفت
اس کے پاس سے ایک پارسا گذرا اور بولا

گناہ آبرویش نبردے بروز
تو دن میں خطا اس کی آبرو ریزی نہ کرتی

کہ شبہا بدرگہ برد سوز دل
جو راتوں کو درگاہ (خداوندی) میں سوز دل پیش کرے

شب توبہ تقصیر روز گناہ
توبہ کی رات میں گناہ کے دن کی معافی

در عذر خواہاں نہ بندد کریم
عذرخواہوں کے لیے (اللہ) کریم دروازہ بند نہیں کرتا ہے

عجب گر بیفتی نگیرد ت دست
اگر تو گر پڑے اور وہ تیری دستگیری نہ کرے تو تعجب کی بات ہے

وگر شرمسار آب حسرت ببار
اگر تو شرمندہ ہے حسرت کا پانی برسا

۱۰۵

۱؎ مشہور ہے آنانکہ حساب پاک دارند از محاسبہ باک ندارند۔
۲؎ آقا اس کا مرتبہ گھٹا دے گا۔
۳؎ نیک انسان فرشتوں سے افضل ہے۔ بد انسان جانوروں سے بھی بدتر ہے۔
۴؎ رات میں جب کہ گرفتار ہوا تھا کوتوال کی خوشامد کرلیتا اور رہائی حاصل کرلیتا۔
۵؎ انسان کو چاہیے کہ سارے دن کے گناہوں کی رات کو معافی چاہ لے۔
۶؎ ہر وقت توبہ کی جاسکتی ہے اور ایسی صورت میں اللہ ضرور دستگیری فرماتا ہے۔
۷؎ رو کر توبہ کر۔

نیاید بریں در کسے عذر خواہ
اس دروازے پر کوئی ایسا معافی چاہنے والا نہیں آیا
کہ سیل ندامت نشستش گناہ
ندامت کے پانی نے جس کے گناہ نہ دھو دیے ہوں

نریزد خدا آبروئے کسے
خدا اس شخص کی آبروریزی نہیں کرتا ہے
کہ ریزد گناہ آب چشمش بسے
جس کی آنکھوں کے پانی کو گناہ اکثر بہاتا ہو

حکایت

بصنعا درم طفلے اندر گذشت
صنعاء میں میرا ایک لڑکا گذر گیا
چگویم کزانم چہ بر سر گذشت
میں کیا کہوں کہ اس سے میرے سر پر کیا گذری

قضا نقش یوسف جمالے نکرد
قضا نے کوئی یوسف جیسے جمال والا ایسا نقش نہیں بنایا
کہ ماہی گورش چو یونس نخورد
جس کو قبر کی مچھلی نے حضرت یونس کی طرح نہ نگل لیا ہو

دریں باغ سروے نیامد بلند
اس باغ میں ایک کوئی بلند سرو نہیں پیدا ہوا
کہ باد اجل بیخش از بن نکند
کہ موت کی ہوا نے اس کی جڑ بنیاد سے نہ اکھاڑی ہو

عجب نیست بر خاک اگر گل شکفت
عجب اگر زمین پر پھول کھلے تو کوئی تعجب کی بات نہیں ہے
کہ چندیں گل اندام در خاک خفت
اس لئے کہ بہت سے پھول جیسے جسم والے زمین میں سو گئے ہیں

بدل گفتم اے ننگ مردان بمیر
میں نے دل میں کہا اے انسانوں کے لیے باعث ذلت تو مرجا
کہ کودک رود پاک و آلودہ پیر
بچہ پاک جائے اور بوڑھا آلودہ ہو کر

ز سودا و آشفتگی بر قدش
اس کے قد پر فریفتگی اور جنون کی وجہ سے
بر انداختم سنگے از مرقدش
میں نے اس کی قبر کا ایک پتھر اکھاڑا

ز ہولم دراں جائے تاریک و تنگ
اس تاریک اور تنگ جگہ میں خوف کی وجہ سے میرا
بشورید حال و بگردید رنگ
حال پریشان ہو گیا اور رنگ فق ہو گیا

چو باز آمدم زاں تغیر بہوش
جب اس تغیر سے میں ہوش میں آیا
ز فرزند دلبندم آمد بگوش
فرزند دلبند کی جانب سے میرے کان میں یہ بات پڑی

گرت وحشت آمد ز تاریک جائے
اگر مجھے تاریک جگہ سے وحشت ہوئی ہے
بہش باش و با روشنائی در آئے
تو ہوشیار رہ اور روشنی لے کر آ

شب گور خواہی منور چو روز
اگر تو چاہتا ہے کہ قبر کی رات دن کی طرح روشن ہو
ازیں جا چراغ عمل بر فروز
یہیں سے عمل کا چراغ روشن کرے

تن کارکن می بلرزد ز تب
کاشتکار کا بدن بخار سے لرزتا ہے
مبادا کہ نخلش نیارد رطب
کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کی کھجور پر کھجوریں نہ لگیں

گروہے فراواں طمع ظن برند
بہت لالچی گروہ یہ گمان کرتا ہے
کہ گندم نیفشاندہ خرمن برند
کہ گیہوں بکھیرے بغیر کھلیان اٹھالے جائے گا

بر آں خورد سعدی کہ بیخے نشاند
اے سعدی پھل اسنے کھایا جس نے پودا لگایا
کسے برد خرمن کہ تخمے فشاند
کھلیان اسنے اٹھایا جس نے بیج بکھیرا

ف ۱۰ — سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں — خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہوگئیں
یعنی تختہ اکھاڑ کر جب قبر میں داخل ہوا۔

بابِ ۱۰ دہم در مناجات

دسواں باب اللہ سے دُعا کے بیان میں

بیا تا بر آریم دستے ز دل
آ تا کہ دل کا ہاتھ (دعا کے لیے) اٹھائیں
کہ نتواں بر آورد فردا ز گِل
اس لیے کہ کل کو مٹی سے نہ نکالا جا سکے گا

ق
بفصلِ خزاں در نہ بینی درخت
تو نے نہیں دیکھا ہے کہ خزاں کے موسم میں جو درخت
کہ بے برگ ماند ز سرمائے سخت
سخت جاڑے کی وجہ سے بے پتوں کے رہ جاتا ہے

برآرد تہی دستہائے نیاز
عاجزی کے خالی ہاتھ اٹھاتا ہے
ز رحمت نگردد تہیدست باز
رحمت (خداوندی) سے خالی ہاتھ واپس نہیں ہوتا ہے

مپندار ازیں در کہ ہرگز نہ بست
اس دروازے سے جو کبھی بند نہیں ہوا یہ خیال نہ کر
کہ نومید گردد برآوردہ دست
کہ ہاتھ اٹھانے والا مایوس ہوگا

ق
ہمہ طاعت آرند و مسکیں نیاز
سب بندگی پیش کرتے ہیں اور مسکین عاجزی
بیا تا بدرگاہ مسکیں نواز
مسکین کو نوازنے والے کے دربار تک تو آ

چو شاخِ برہنہ برآریم دست
ننگی شاخ کی طرح ہم بھی ہاتھ اٹھائیں
کہ بے برگ ازیں بیش نتواں نشست
اس لیے کہ بے سروسامان اس کے بعد نہیں بیٹھا جا سکتا

خداوندگارا نظر کن بجود
اے خدا بخشش کی نظر فرما!
کہ جرم آمد از بندگاں در وجود
اس لیے کہ بندوں سے خطا وجود میں آئی ہے

گناہ آید از بندۂ خاکسار
ذلیل بندے سے گناہ ہو جاتا ہے
بامیدِ عفوِ خداوندگار
آقا سے معافی کی امید پر

کریما برزقِ تو پروردہ ایم
اے داتا! ہم تیرے رزق سے پلے ہیں
بانعام و لطفِ تو خو کردہ ایم
تیری مہربانی اور انعام کے عادی ہو گئے ہیں

گدا چوں کرم بیند و لطف و ناز
بھکاری جب مہربانی اور بخشش اور ناز برداری دیکھتا ہے
نگردد ز دُنبالِ بخشندہ باز
تو وہ دینے والے کا پیچھا نہیں چھوڑتا

چو مارا بدنیا تو کردی عزیز
جب تو نے ہمیں دنیا میں باعزت کیا ہے
بعقبیٰ ہمیں چشم داریم نیز
آخرت میں بھی ہمیں یہی توقع ہے

عزیزی و خواری تو بخشی و بس
عزت اور ذلت صرف تو بخشتا ہے
عزیزِ تو خواری نہ بیند ز کس
جس کو تو نے عزت دیدی وہ کسی کی جانب سے ذلت نہیں دیکھتا

خدایا بعزت کہ خوارم مکن
اے خدا اپنی عزت کے طفیل مجھے ذلیل نہ کر
بذلِ گنہ شرمسارم مکن
گناہ کی ذلت سے مجھے شرمندہ نہ کر

مُسلّط مکن چوں منی بر سرم
مجھ جیسا میرے سر پر مسلط نہ کر
ز دستِ تو بہ گر عقوبت برم
اگر میں سزا پاؤں تو تیرے ہاتھ ہی سے بہتر ہے

بگیتی بتر زیں نباشد بدے
دنیا میں اس سے بری بات کوئی نہیں ہوگی
جفا بُردن از دستِ ہمچوں خودے
اپنے جیسے کے ہاتھوں سے ظلم سہنا

ننگے درختوں کی شاخیں گویا کہ بارش کے لیے ہاتھ اٹھائے ہوئے ہیں اور بارش ... ان کی ... کی ... سے ہوتی ہے۔
یعنی انسانوں کے ہاتھوں مجھے ذلیل نہ کر۔

مرا شرمساری زروئے تو بس
تیرے سامنے ہی میری شرمندگی کافی ہے

دگر شرمسارم مکن پیش کس
پھر مجھے کسی کے سامنے شرمندہ نہ کر

گرم بر سر افتد ز تو سایۂ
اگر میرے سر پر تیرا سایہ پڑ جائے

سپہرم بود کمترین پایۂ
تو آسمان بھی مجھ سے کمتر مرتبہ کا ہو جائے

اگر تاج بخشی سر افرازم
اگر تو تاج بخشدے میں سربلند ہو جاؤں

تو بردار تا کس نیندازدم
تو بلند کر دے تا کہ مجھے کوئی گرا نہ سکے

حکایت

تنم می بلرزد چو یاد آورم
میرا جسم لرزتا ہے جب مجھے یاد آ جاتی ہے

مناجات شوریدۂ در حرم
حرم میں ایک مستانے کی دعا

کہ میگفت باحق بزاری بسے
بہت عاجزی سے اللہ سے کر رہا تھا

میگفن کہ دستم نگیرد کسے
کہ مجھے نہ گرا اس لیے کہ میری کوئی دستگیری کرنیوالا نہیں ہے

بلطفم بخواں یا براں از درم
مجھے مہربانی سے بلالے یا دروازہ سے بھگا دے

ندارد بجز آستانت سرم
میرے سر کے لیے تو تیری چوکھٹ کے سوا نہیں ہے

تو دانی کہ مسکین و بیچارہ ایم
تو جانتا ہے کہ ہم مسکین اور بے چارہ ہیں

فرو ماندہ بانفس امّارہ ایم
نفس امّارہ سے عاجز ہوں

نمی تازد ایں نفسِ سرکش چناں[1]
یہ سرکش نفس ایسا نہیں دوڑتا ہے

کہ عقلش تواند گرفتن عناں
کہ عقل اس کی باگ تھام سکے

کہ بانفس و شیطاں برآید بزور[2]
نفس اور شیطان سے طاقت سے کون جیتا ہے

نبرد پلنگاں نیاید ز مور
چیونٹی سے چیتوں کی لڑائی نہیں ہو سکتی ہے

بمردانِ راہت کہ راہے بدہ
اپنے راستے کے مردوں کے طفیل مجھے راستہ دیدے

وزیں دشمناں ام پناہے بدہ
ان دشمنوں سے مجھے پناہ دے دے

خدایا بذاتِ خداوندیت
اے خدا اپنی خداوندی ذات کے طفیل

باوصافِ بے مثل و مانندیت
بے مثل اور بے مانند اوصاف کے طفیل

بلبیکِ حجاجِ بیت الحرام[3]
بیت الحرام کے حاجیوں کی لبیک کے طفیل

بمدفونِ یثرب علیہ السّلام
مدینہ میں دفن شدہ (ان پر سلام ہو) کے طفیل

بتکبیرِ مردانِ شمشیر زن
ایسے تلوار باز مجاہدوں کی تکبیر کے طفیل

کہ مرد وغا را شمارند زن
جو میدانِ جنگ کے بہادروں کو عورت سمجھیں

بطاعاتِ پیرانِ آراستہ
آراستہ پیروں کی عبادت کے طفیل

بصدقِ جوانانِ نوخاستہ
نوخیز جوانوں کی سچائی کے طفیل

کہ مارا دراں ورطۂ یک نفس[4]
ہمیں اس ایک سانس کے بھنور میں

ز ننگِ دو گفتن بفریاد رس
دو کہنے کی ذلت سے فریاد کو پہنچ

[1] عقل برائیوں سے روکتی ہے لیکن یہ سرکش نفس اس کے قابو سے باہر ہے

[2] اگر تائیدِ ایزدی شامل نہ ہو تو نفس اور شیطان کی مثال چیتے کی سی ہے اور انسان کی چیونٹی کی طرح ہے۔

[3] حاجی تلبیہ پڑھتے رہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اے اللہ ہم تیرے دربار میں حاضر ہیں۔

[4] انسان کا انجام اسی کے مطابق ہوتا ہے جو نزع سے قبل اس کا اعتقاد ہوتا ہے۔ دو کہنے سے مصنف کی مراد شرک ہے اور ورطۂ یک نفس سے مراد حالتِ نزع اور جانکنی ہے۔

امید است ازاناں کہ طاعت کنند
جو لوگ فرماں برداری کرتے ہیں ان سے امید ہے

کہ بے طاعتاں را شفاعت کنند
کہ نافرمانوں کی سفارش کردیں گے

بپاکاں کز آلایشم دور دار
پاکوں کے طفیل مجھے ناپاکی سے دور رکھ

وگر زلتے رفت معذور دار
اگر کوئی لغزش ہو گئی ہے تو معذور رکھ

بہ پیران پشت از عبادت دوتا
ان بزرگوں کے طفیل جن کی عبادت کی وجہ سے کمر دوہری ہے[۱]

ز شرم گنہ دیدہ بر پشت پا
گناہوں کی شرم کی وجہ سے آنکھیں قدموں پر ہیں

کہ چشمم ز روئے سعادت مبند
کہ نیک بختی کے چہرے سے میری آنکھیں بند نہ کر

زبانم بوقت شہادت مبند
شہادت[۲] کے وقت میری زبان بند نہ کر

چراغ یقینم فرا راہ دار
یقین کے چراغ کو میرے راستہ کے آگے رکھدے

ز بد کردنم دست کوتاہ دار
برائی کرنے سے میرے ہاتھ کو کوتاہ کردے

بگرداں ز نادیدنی دیدہ ام
نہ دیکھنے کی چیز سے میری آنکھیں پھیر دے

مدہ دست بر ناپسندیدہ ام
ناپسندیدہ چیز پر مجھے قابو نہ دے

من آں ذرہ ام در ہوائے تو نیست
میں وہ ذرہ ہوں جو تیری محبت میں مبتلا نہیں ہے

وجود و عدم درظلامم یکیست
تاریکی میں میرا وجود و عدم یکساں ہے

ز خورشید لطفت شعاعے بسم
تیری مہربانی کے سورج سے میرے لیے ایک کرن بھی کافی ہے

کہ جز در شعاعت نہ بیند کسم
اس لیے کہ تیری کرن کے بدون مجھے کوئی نہیں دیکھ سکتا[۳]

بدے را نگہ کن کہ بہتر کس است
تو اگر برے پر نگاہ ڈال دے تو وہ بھلا ہے[۴]

گدا را ز شاہ التفاتے بس است
بھکاری کے لیے بادشاہ کی توجہ کافی ہے

مرا گر بگیری بانصاف و داد
تو اگر مجھے انصاف اور عدل سے پکڑے گا

بنالم کہ عفوت نہ ایں وعدہ داد
میں فریاد کروں گا کیونکہ تیری معافی نے تو یہ وعدہ نہ کیا تھا[۵]

خدایا بذلت مراں از درم
اے خدا مجھے ذلت سے دروازہ سے نہ بھگا

کہ صورت نہ بندد در دیگرم
اس لیے کہ میرے لیے دوسرے دروازہ کی کوئی صورت نہیں

ور از جہل غائب شدم روز چند
اور اگر نادانی کی وجہ سے میں چند روز غائب رہا ہوں

کنوں کآمدم در برویم مبند
تو اب میں آگیا ہوں میرے اوپر دروازہ بند نہ کر

ق

چہ عذر آرم از ننگ تردامنی
گنہگاری کا میں کیا عذر پیش کروں

مگر عجز پیش آورم کاے غنی
ہاں، عاجزی پیش کروں گا کہ اے بے نیاز[۶]

فقیرم بجرم گناہم مگیر
میں فقیر ہوں گناہوں کی سزا میں مجھے نہ پکڑ!

غنی را ترحم بود بر فقیر
مالدار فقیر پر ترس کھاتا ہے

چرا باید از ضعف حالم گریست
میں اپنے حال کی کمزوری پر کیوں روؤں

اگر من ضعیفم پناہم قویست
اگرچہ میں کمزور ہوں میری پناہ تو قوی ہے

خدایا بغفلت شکستیم عہد
اے خدا ہم نے غفلت میں عہد شکنی کی ہے

چہ زور آورد با قضا دست جہد
تقدیر کے مقابلہ میں کوشش کا ہاتھ کیا زور دکھا سکتا ہے

۱۔ خدا کے وہ نیک بندے جن کی کمریں رکوع اور سجدہ کی کثرت سے دُہری ہوگئی ہیں اور پھر بھی اپنے اعمال سے ایسے شرمندہ ہیں کہ نگاہ اوپر نہیں کرتے ہیں۔

۲۔ حدیث شریف میں ہے آخر وقت جس کی زبان پر کلمۂ شہادت ہوگا وہ جنتی ہے

۳۔ چونکہ ذرہ کا وجود بدون شعاع کے نظر نہیں آتا ہے

۴۔ جس برے پر نگاہ کرم ہوجائے وہ فوراً بھلا بن جائے

۵۔ اگر عفو و درگذر نہ ہو تو انسان کی نجات مشکل ہے

۶۔ میں گناہوں کا عذر نہیں پیش کرتا ہوں بلکہ رحم کی درخواست ہے۔

چه برخیزد از دستِ تدبیرِ ما — ہمیں نکتہ بس عذرِ تقصیرِ ما
ہماری تدبیر کے ہاتھ سے کیا بن سکتا ہے — ہماری کوتاہی کے عذر کا یہی نکتہ کافی ہے

ق

ہمہ ہرچہ کردم تو برہم زدی — چہ قوت کند با خدائی خودی
ہم نے جو کچھ کیا تو نے اس کو برہم کر دیا — خدائی کے مقابلہ میں خودی کیا زور لگا سکتی ہے

نہ من سر ز حکمت بدر می برم — کہ حکمت چنیں می رود بر سرم
میں تیرے حکم سے سر باہر نہیں لے جاتا ہوں — بلکہ تیرا ہی فیصلہ میرے بارے میں ایسا ہوا

حکایت

سیہ چردۂ را کسے زشت خواند — جوابے بگفتش کہ حیراں بماند
ایک کالی چمڑی والے کو کسی نے برا کہا — اس نے اسے ایسا جواب دیا کہ وہ حیران رہ گیا

نہ من صورتِ خویش خود کردہ ام — کہ عیبم شماری کہ بد کردہ ام
میں نے اپنی صورت خود نہیں بنائی ہے — کہ تو میرا عیب گن رہا ہے کہ میں نے برا کیا ہے

ترا با من ار زشت رویم چہ کار — نہ آخر منم زشت و زیبا نگار
اگر میں بدصورت ہوں تجھے مجھ سے کیا سروکار — آخر برے اور اچھے نقش بنانے والا میں تو نہیں ہوں

ازانم کہ بر سر نبشتی ز پیش — نہ کم گردم اے بندہ پرور نہ بیش
جو کچھ تو نے پہلے ہی سے میرے لیے لکھ دیا ہے — اے بندہ پرور میں اس سے نہ کم ہو سکتا ہوں نہ زیادہ

تو دانائی آخر کہ قادر نیم — توانائے مطلق توئی من کیم
تو جانتا ہے کہ آخر میں قدرت والا تو نہیں ہوں — علی الاطلاق تو قادر ہے میں کون ہوں؟

گرم رہنمائی رسیدم بخیر — و گر گم کنی باز ماندم ز سیر
اگر تو میری رہنمائی کرتا ہے تو میں بھلائی تک پہنچتا ہوں — اور اگر تو گم کر دے تو میں سیر سے رک جاتا ہوں

جہاں آفریں گر نہ یاری کند — کجا بندہ پرہیزگاری کند
جہان کا پیدا کرنے والا اگر مدد نہ کرے — تو بندہ کب پرہیزگاری کر سکتا ہے

حکایت

چہ خوش گفت درویش کوتاہ دست — کہ شب توبہ کرد و سحر گہ شکست
ایک مفلس درویش نے کیا اچھا کہا — جس نے رات کو توبہ کی اور صبح کو توڑ دی

گر او توبہ بخشد بماند درست — کہ پیمانِ ما بے ثبات است و سست
اگر وہ توبہ کی توفیق دیدے تو وہ ٹھیک ہو سکتی ہے — اس لیے کہ ہمارا عہد تو ناپائیدار اور کمزور ہے

بحقت کہ چشمم ز باطل بدوز — بنورت کہ فردا بنارم مسوز
تجھے اپنے حق کی قسم کہ میری آنکھیں باطل سے سی دے — تجھے اپنے نور کی قسم کل کو مجھے آگ میں نہ جلانا

ز مسکینیم روئے در خاک رفت — غبارِ گناہم بر افلاک رفت
مسکینی کی وجہ سے میرا چہرہ تو مٹی میں مل گیا — میرے گناہوں کی دھول آسمانوں پر چڑھ گئی

۱ے جس کا بیان اگلے شعر میں ہے کہ ہم تقدیر کے ہاتھوں مجبور ہیں۔
۲ے تقدیر سے مفر نہیں، جو کچھ ہوا ہے تقدیر کے مطابق ہوا ہے۔
۳ے انسان کی خوبصورتی اور بدصورتی اس کے اختیار میں نہیں ہے
۴ے یہاں سے پھر مناجات شروع ہوتی ہے
۵ے نیکی بدی سب تیری قدرت سے ہے
۶ے یعنی عالم ملکوت کی سیر
۷ے توبہ پر ثبات بھی خدا کی توفیق پر منحصر ہے۔

تو یک نوبت اے ابرِ رحمت ببار
اے ابرِ رحمت تو ایک بار برس جا
کہ در پیش باراں نپاید غبار
اس لیے کہ بارش کے سامنے غبار نہیں ٹھہرتا ہے

ز جُرمم دریں مملکت جاہ نیست
گناہوں کی وجہ سے اس ملک میں میرا کوئی مرتبہ نہیں ہے
ولیکن بملکِ دگر راہ نیست
لیکن دوسرے ملک کا کوئی راستہ بھی نہیں ہے

تو دانی ضمیرِ زباں بستگاں
زبان بند کیے ہوؤں کے دل کی بات تو جانتا ہے
تو مرہم نہی بر دلِ خستگاں
زخمیوں کے دل پر تو مرہم رکھنے والا ہے

حکایت

مُغے در بروی از جہاں بستہ بود
ایک ۱؎ آتش پرست اپنے اوپر دنیا سے دروازہ بند کیے ہوئے تھا
بُتے را بخدمت میاں بستہ بود
ایک بُت کی خدمت میں کمربستہ تھا

پس از چند سال آں نکوہیدہ کیش
چند سال کے بعد اس بدمذہب کو
قضا حالتے صعبش آورد پیش
خدا کے کرنے سے ایک سخت حالت درپیش آگئی

بپائے بُت اندر بامیدِ خیر
بھلائی کی امید پر بُت کے پیروں میں
بنالید بے چارہ بر خاکِ دَیر
بے چارہ بُت خانہ میں رو پڑا

کہ درماندہ ام دست گیر اے صنم
کہ اے بت میں عاجز ہوں میری دستگیری کر
بجاں آمدم رحم کن بر تنم
میں عاجز آگیا ہوں مجھ پر رحم کر

بزارید در خدمتش بارہا
اس کی خدمت میں بار بار عاجزی کی
کہ ہیچش بساماں نشد کارہا
اس کا کام کچھ بھی نہ بنا

بُتے چوں برآرد مہماتِ کس
ایسا ۲؎ بت کس طرح کسی کے بڑے کام پورے کر سکتا ہے
کہ نتواند از خود براندن مگس
جو اپنے اوپر سے مکھی نہیں اڑا سکتا

برآشفت کاے پائے بندِ ضلال
وہ بگڑ گیا کہ اے گمراہی کے قیدی
بباطل پرستیدمت چند سال
میں نے تجھے اتنے سال خواہ مخواہ پوجا

مہمّے کہ در پیش دارم برآر
جو کام مجھے درپیش ہے وہ پورا کر دے
وگرنہ بخواہم ز پروردگار
ورنہ میں یزداں ۳؎ سے مانگوں گا

ہنوز از بُت آلودہ رویش بخاک
ابھی اس کا چہرہ بت کی خاک میں آلودہ تھا
کہ کامش برآورد یزدانِ پاک
کہ اللہ پاک نے اس کا مقصد پورا کر دیا

حقائق شناسے دریں خیرہ شد
ایک حقیقتوں کا جاننے والا اس معاملہ میں حیران ہو گیا
سرِ وقتِ صافی برو تیرہ شد
اس کا صاف وقت اس پر تاریک ہو گیا

کہ سرگشتۂ دونِ یزداں پرست
کہ ایک یزداں کو پوجنے والا، حیران، کمینہ
ہنوزش سر از خمرِ بتخانہ مست
جس کا سر ابھی تک بتخانہ کے مٹکے سے مست ہے

دل از کفر و دست از خیانت نشست
جس نے دل کو کفر سے اور ہاتھ کو گناہ سے نہیں دھویا
خدایش برآورد کامے کہ جست
جو مقصد اس نے چاہا خدا نے وہ پورا کر دیا

۱؎ یعنی دنیا سے بے تعلق ہو کر ایک بت کی پوجا میں لگا رہتا تھا۔

۲؎ یہ شیخ سعدی کا مقولہ ہے۔

۳؎ آتش پرست دو خدا مانتے ہیں ایک یزداں جو خیر کا پیدا کرنیوالا ہے دوسرا اہرمن جو شر کا خالق ہے۔

فرورفتہ خاطر درین مشکلش
اس مشکل میں اس کی طبیعت بیٹھی جا رہی تھی
کہ پیغامے آمد بگوش دلش
کہ اس کے دل کے کان میں پیغام آیا

کہ پیش صنم پیر ناقص عقول
کہ ناقص عقل بوڑھے نے بت کے سامنے
بسے گفت و قولش نیامد قبول
بہت کچھ کہا اور اس کی بات اس نے نہ مانی

گر از درگہ ما شود نیز رد
اگر ہمارے دربار سے بھی رد ہو جائے
پس آنگہ چہ فرق از صنم تا صمد
پھر بُت اور بے نیاز میں کیا فرق ہے

دل اندر صمد باید اے دوست بست
اے دوست (اللہ) صمد سے دل لگانا چاہیے
کہ عاجز تراند از صنم ہر کہ ہست
اس لیے کہ اور جو بھی ہے بت سے بھی زیادہ عاجز ہے

محالست اگر سر برین در نہی
اگر تو اس دروازہ پر سر دھرے تو ناممکن ہے
کہ باز آیدت دست حاجت تہی
کہ تیری ضرورت کا ہاتھ خالی لوٹے

خدایا مقصر بکار آمدیم
اے خدا ہم کام میں کوتاہی کرنیوالے آئے ہیں
گنہگار و امیدوار آمدیم
گنہگار ہیں اور امیدوار بنکر آئے ہیں

۱؎ کہ خدا نے اس مشرک کی دعا اس قدر جلد کیوں منظور کرلی۔
۲؎ ناز حسین کے لیے موزوں ہے گنہگار خدا سے کس برتے پر جنت کا طالب ہے
۱۰

حکایت مست و مؤذن

ایک مست اور مؤذن کا قصہ

شنیدم کہ مستے ز تاب نبید
میں نے سنا ہے کہ ایک مست شراب کی گرمی سے
بمقصورۂ مسجدے در دوید
ایک مسجد کے حجرے میں گھس آیا

بنالید بر آستان کرم
خدا کی چوکھٹ پر رونے لگا
کہ یارب بفردوس اعلیٰ برم
کہ اے پروردگار مجھے اعلیٰ فردوس میں پہنچا دے

مؤذن گریبان گرفتش کہ ہیں
مؤذن نے اس کا گریبان پکڑا کہ ہائیں
سگ و مسجد اے فارغ از عقل و دیں
کتا اور مسجد، اے عقل اور دین سے خالی

چہ شائستہ کردی کہ خواہی بہشت
تونے کیا نیکی کی ہے کہ بہشت چاہتا ہے
نمی زیبدت ناز با روئے زشت
بدصورتی کے ہوتے ہوئے ناز کرنا تجھے زیبا نہیں

بگفت این سخن پیر و بگریست مست
بوڑھے نے یہ بات کہی اور مست رو دیا
کہ مستم بدار از من اے خواجہ دست
کہ میں تو مست ہوں اے صاحب مجھ سے ہاتھ اٹھا لیجیے

عجب داری از لطف پروردگار
مجھے تعجب ہے کہ خدا کی مہربانی کا
کہ باشد گنہگارے امیدوار
ایک گنہگار امیدوار رہے

ترا می نگویم کہ عذرم پذیر
میں تجھ سے نہیں کہتا ہوں کہ میرا عذر قبول کرلے
در توبہ باز است و حق دستگیر
توبہ کا دروازہ کھلا ہے اور خدا دستگیر ہے

ہمی شرم دارم ز لطف کریم
مجھے تو کریم کی مہربانی سے شرم آتی ہے
کہ خوانم گنہ پیش عفوش عظیم
کہ اس کی معافی کے مقابلہ میں اپنے گناہ کو بڑا کہوں

کسے را کہ پیری در آرد ز پائے
جس، کسی کو بڑھاپا گرا دے
چو دستش نگیری نخیزد ز جائے
اگر کوئی اس کی دستگیری نہ کرے تو وہ اپنی جگہ سے نہ اٹھے گا

۳؎ میں خدا کے سامنے توبہ کر رہا ہوں اور اس سے دستگیری چاہتا ہوں
۴؎ میرے لیے باعث شرم ہے کہ میں خدا کے کرم سے گناہ کو بڑا سمجھوں۔

من آنم زپائے اندر افتادہ پیر
میں ڈہی گرا ہوا بوڑھا ہوں

نگویم بزرگی و جاہم بخش
میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ مجھے بزرگی اور مرتبہ عنایت کر

اگر یارے اندک زللّ داندم
اگر کوئی دوست میری تھوڑی سی خطا دیکھے

تو بینا و ما خائف از یکدگر
تو دیکھنے والا ہے اور ہم ایک دوسرے سے ڈرتے ہیں

برآوردہ مردم زبیروں خروش
لوگوں نے باہر ہی سے شور مچا رکھا ہے

بنادانی ار بندگاں سرکشند
اگر غلام نادانی سے سرکشی کرتے ہیں

اگر جرم بخشی بمقدار جود
اگر تو اپنی سخاوت کے اندازے کے مطابق خطائیں معاف کرے

وگر خشم گیری بقدر گناہ
اور اگر تو گناہ کے مطابق غصہ کرے

گرم دستگیری بجائے رسم
اگر تو میری دستگیری کرے تو میں کسی جگہ پہنچ جاؤں

کہ زور آورد گر نہ یاری دہی
اگر تو مدد کرے تو کون زور دکھا سکتا ہے

دو خواہند بودن بمحشر فریق
محشر میں دو فریق ہوں گے

عجب گر بود راہم از دست راست
تعجب ہوگا اگر میرا راستہ دائیں ہاتھ کی طرف ہوگا

دلم می دہد وقت وقت ایں امید
میرا دل مجھے ہر وقت یہ امید دلاتا ہے

عجب دارم ار شرم دارد ز من
مجھے تعجب ہے اگر وہ مجھ سے حیا برتے گا

ق

نہ یوسف کہ چندیں بلا دید و بند
کیا یوسف نے ایسا نہیں کیا کہ اس قدر مصیبت اور قید دیکھی

گنہ عفو کرد آل یعقوب را
تو یعقوب کی اولاد کی خطا معاف کر دی

خدایا بفضلت توام دستگیر
اے خدا تو اپنے فضل سے میری دستگیری فرما!

فرو ماندگی و گنا ہم بخش
میری کوتاہی اور گناہ کو بخش دے

بنابخردی شہرہ گرداندم
تو مجھے بے عقل مشہور کر دے

کہ تو پردہ پوشی و ما پردہ در
اس لیے کہ تو پردہ رکھنے والا ہے اور ہم پردہ چاک کرنے والے ہیں

تو با بندہ در پردہ و پردہ پوش
تو پردے میں بھی بندے کے ساتھ ہے اور پردہ پوش ہے

خداوندگاراں قلم در کشند
تو مالک معاف کر دیتے ہیں

نماند گرفتارے اندر وجود
تو کوئی گرفتار موجود نہیں رہ سکتا ہے

بدوزخ فرست و ترازو مخواہ
تو دوزخ میں بھیج دے اور ترازو نہ منگا

وگر بفگنی بر نگیرد کسم
اور اگر تو گرا دے تو کوئی دستگیری نہیں کر سکتا

کہ گیرد چو تو رستگاری دہی
اگر تو چھٹکارا دیدے تو کون گرفتار کر سکتا ہے

ندانم کدامیں دہندم طریق
معلوم نہیں مجھے (فرشتے) کون سے کا راستہ دینگے

کہ از دست من جز کجی برنخاست
اس لیے کہ میرے ہاتھ سے تو کجی کے علاوہ کچھ نہیں ہوا

کہ حق شرم دارد ز موئے سپید
کہ اللہ تعالیٰ کو سفید بالوں سے حیا آتی ہے

کہ شرمم نمی آید از خویشتن
اس لیے کہ مجھے اپنے آپ سے تو شرم نہیں آتی

چو حکمش رواں گشت و قدرش بلند
جب ان کا حکم جاری اور مرتبہ بلند ہو گیا

کہ معنی بود صورت خوب را
اس لیے کہ اچھی صورت بھی کوئی معنیٰ رکھتی ہے

۱۔ لیکن چونکہ تو پردہ پوش ہے لہذا ہم بے باک ہو گئے ہیں۔
۲۔ ہمارے گناہ تو اس قدر بڑھے ہوئے ہیں کہ بلا تولے نتیجہ ظاہر ہے۔
۳۔ ایک دائیں جانب والے اور ایک بائیں جانب والے۔
۴۔ اللہ بوڑھے انسان کو سزا دینے سے حیا کرتا ہے۔
۵۔ حضرت یوسف نے بھائیوں کے مصائب برداشت کیے لیکن قدرت حاصل ہو جانے پر سب کو معاف کر دیا۔
۶۔ خدا حسن ظاہری کے ساتھ پاکیزہ اخلاق بھی عنایت کر دیتا ہے۔

بکردار بد شاں مقید نکرد
اُن کے بُرے کردار کی وجہ سے قیدی نہ بنایا
زلطفت ہمی چشم داریم نیز
تیری مہربانی سے ہم بھی امید کرتے ہیں

بضاعات مزجات شاں رد نکرد
ان کی کھوٹی پونجی کو نہ لوٹایا۔
بدیں بے بضاعت ببخش اے عزیز
اے عزیز اس بے بضاعت کی بھی بخشش فرمادے

بضاعت نیاوردم الا امید
امید کے علاوہ میں کوئی سرمایہ نہیں لایا
خدایا ز عفوم مکن ناامید
اے خدا مجھے معافی سے ناامید نہ کر!

گذارش

سب رنگ کتاب گھر نے شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں سے سب سے پہلے گلستان بتحشیہ مولانا سجاد حسین صاحب صدر مدرس مدرسۂ عالیہ فتحپوری دہلی، شائع کی جس کی ملک میں غیر معمولی مقبولیت ہوئی اُس کے بعد بوستاں بتحشیہ مولانا موصوف شائع کی جو انتہائی پسندیدگی کی نظر سے دیکھی گئی۔ مولانا موصوف سے ہی گلستاں کا ترجمہ کرایا گیا اور گلستاں مترجم شائع کی گئی۔

اب یہ بوستاں مولانا موصوف ہی کے ترجمہ کے ساتھ ہدیۂ ناظرین ہے ادارہ اپنی ان کوششوں پر بجا فخر کرسکتا ہے اور یہ کہہ سکتا ہے کہ ۱۸۵۷ء کے انقلاب کے بعد ان کتابوں کی ہندوستان میں دوبارہ زندگی اس ادارہ ہی کی رہینِ منت ہے۔ خدا اس کوشش کو مقبول فرمائے۔

منیجر سب رنگ کتاب گھر دہلی

مطبوعہ

ٹچنگ کردہ محمد عفران کھوڈوی

خدا کا شکر ہے کہ ۵ محرم ۱۳۸۱ھ میں یہ ترجمہ اور حاشیہ پایۂ تکمیل کو پہونچا
سجاد حسین